بسم اللہ الرحمن الرحیم

تذکرہ

تاج العارفین قطب الاقطاب

حضرت شیخ عبد الغنی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

المتوفی ۱۲۷۱ھ

مؤلف

الحاج صاحبزادہ محمد سلیم شامی نقشبندی

آستانہ شامی
۱۴۳ بی گلشن راوی
لاہور

850

Marfat.com

ش م ۶۹۸
850

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تذکرہ

تاجُ العارفین قطبُ الاقطاب

حضرت شیخ عبد النبی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

المتوفی ۱۱۴۶ھ

مُصنّف

الحاج صاحبزادہ محمد سلیم شامی نقشبندی

آستانہ شامی

۱۷۲ جی گلشن راوی

لاہور

Marfat.com

53596

جملہ حقوق بحق مُصنّف محفوظ ہیں

نام کتاب : تذکرہ تاجُ العارفین قطبُ الاقطاب حضرت عبد النبی شامی نقشبندی"
پیش لفظ : جناب سردار علی احمد خاں صاحب، جنرل منیجر میوچل انشورنس کمپنی، لاہور
عرض مصنّف : الحاج صاحبزادہ محمّد سلیم شامی نقشبندی
فضیلتِ قرآن پاک : الحاج جناب شیخ ساجد جاوید اکبر القادری
ڈپٹی سیکرٹری، سروسز، حکومتِ پنجاب
ناشر : صاحبزادہ مجیب الرحمٰن شامی
خطاطی : محمّد عاشق ندیم قادری، تلمیذ سید نفیس شاہ صاحب مدظلہ
فوٹوگرافی : جناب جتندر کمار بہل کھتری، پنجابی باغ دہلی بھارت
پازیٹو میکرز : جناب شوکت حسین بن چودھری نذیر احمد مرحوم، لاہور
جناب شیخ اشفاق احمد، اُجالا پریس، لاہور
آر۔ این سکینر پروسس ہاؤس، لاہور
بائینڈنگ : انبالہ بک بائینڈنگ ہاؤس لاہور
مطبع : قومی پریس، ۵۰، لوئر مال، لاہور
تاریخ طباعت : محرّم الحرام ۱۴۰۸ھ بمطابق ستمبر ۱۹۸۷ء
بار : اوّل
تعداد : پانچ سو

لِلتَّقسِیمِ وَالتَّوزِیعِ فِی سَبِیلِ اللہِ

منجانب :

- صاحبزادہ مجیب الرحمٰن شامی خلف شیخ فیض الرحمٰن شامی۔
- الحاج صاحبزادہ محمّد سلیم شامی نقشبندی بن شیخ عبد الحکیم

Marfat.com

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ نمبر
بسم اللہ شریف	۵
اسمِ ذات تحریر کردہ حضرت میاں شیر محمدؒ	۶
منقبت در شانِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم	۷
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامۂ مبارک بنام سلطان مقوقس	۸
پیش لفظ	۹
عرض مصنف	۱۱
فضیلتِ قرآن پاک و منظوم شجرۂ قادریہ	۱۴
مناجات بدر گاہِ مجیب الدعوات	۱۷
صلوٰۃ و سلام بحضور خیر الانام	۲۱
نعت شریف در شان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۲۲
نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم	۲۵
فخر الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے جسدِ مبارک کی حفاظت	۳۲
اصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اجسادِ مبارکہ کی حفاظت	۳۴
شجرۂ طریقت نقشبندیہ	۳۹
تاجُ العارفینؒ کا نقش مبارک	۵۲
آپؒ کی جائے پیدائش اور خاندان	۵۳
آپؒ کی ولادت	۵۴
آپؒ کی ابتدائی تعلیم	۵۵
آپؒ کا قبولِ اسلام	۵۶
آپؒ کی بیعت	۵۷
آپؒ کے پیر و مرشد کے مختصر حالات	۵۸
آپؒ کا فنا فی الشیخ کا درجہ	۶۳
آپؒ کی حضرت عبد اللہ کوہاٹیؒ سے ملاقات	۶۴
آپؒ کے پیر و مرشد کی پیش گوئی	۶۶
آپؒ کے خلیفہ مولانا شہر یارؒ کی لاہور بدری	۶۷
آپؒ کی شادی مبارک	۶۸
آپؒ کی پیر و مرشد کے ساتھ ہمسفری	۷۰
تذکار مقدس حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ	
فخر الانبیاء رسالت مآب رسولِ مقبول حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم	۷۱
حضرت خواجہ خضر علیہ السلام	۷۲
سلطان العارفین حاجی عبد اللہ سلطانپوریؒ	۷۳
قطبِ عالم حضرت حاجی سید محمد طاہر عالمپوریؒ	۷۴
حضرت شاہ محمد غوث لاہوریؒ	۷۵

Marfat.com

عنوان	نمبر شمار
حضرت علامہ عبدالحی رحمۃ اللہ علیہ	۷۶
حضرت فصیح الدین اشرف لکھنویؒ	۷۷
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ	۷۸
حضرت سید علیم الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۷۸
حضرت مولانا جان محمد جالندھریؒ	۷۹
حضرت سید حسن رسول نما رحمۃ اللہ علیہ	۸۲
حضرت سید محمد فاضل الدین بٹالویؒ	۸۳
حضرت مولانا غلام حسین رحمۃ اللہ علیہ	۸۴
الشیخ میاں عبدالغفور عرشی قادری مدظلہ	۸۵
پروفیسر جناب میاں مشتاق احمد بھٹی مدظلہ	۸۶
آپؒ کی علمی قابلیت	۸۸
آپؒ کا شاہ چوراسی میں قیام	۹۶
آپؒ کی عظمت اور بزرگی کا تذکرہ	۹۷
کرامات اولیاء اللہ	۱۰۵
کرامات اولیاء اللہ بعد از ممات	۱۰۷
کشف الصدور	۱۱۱
آپؒ کی کرامات	۱۱۹
حضرت بابا نظام شاہ کی کرامت	۱۴۴
آپؒ کی آل و اولاد کے لئے دعا	۱۴۶
آپؒ کا وصال	۱۵۱
ارشادات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم	۱۵۵

عنوان	نمبر شمار
ارشاداتِ حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ	۱۵۶
در [illegible] قطب عالم حاجی سید محمد طاہر عالمپوریؒ	۱۸۴
در مدح حضرت تاج العارفینؒ	۱۸۶
منقبت در شان حضرت تاج العارفینؒ	۱۸۹
آپؒ دے والد ماجد دی حضرت شاہ مجددؒ دے دربار وچ حاضری	۱۹۳
آپؒ دا سوہرے رائے دے پنڈ وچ آون دا واقعہ	۱۹۶
سنگِ بنیاد درسگاہ	۰۰
آپؒ دا رائے سوہرے نوں جواب	۰۶
حضرت تاج العارفینؒ دیاں کرامتاں	۰۸
حضرت تاج العارفینؒ دا عالی مقام	۱۴
شامیؒ رنگیا گیا	۲۰
کرامت خواجہ امام شیر ببر	۲۱
حضرت حافظ مکلؒ دا واقعہ	۵
پنڈت لچھی رام دا واقعہ	۷
اک یہودی دا واقعہ	۳۰
اک ہندو فقیر دا واقعہ	۶
اک ہندو لڑکی دا واقعہ	۸
اک غیر مرئی مخلوق دا واقعہ	۲
زوجہ منظہرہ دا واقعہ	۵
شجرۂ نسب حضرت تاج العارفین	۲
ماخذ	۷
تصاویر عرس مبارک ۱۹۸۰ تا ۱۹۸۵ء	۹

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا ہے

Marfat.com


بسم اللہ الرحمن الرحیم
ھو
اللہ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
فسیکفیکھم اللہ
وھو السمیع العلیم
قطعہ اسم ذات جو اعلیٰ حضرت شیرربانی حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری
رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دست مبارک سے رقم فرمایا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَلَغَ العُلیٰ بِکَمَالِہٖ
کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ آلِہٖ

آپؐ اپنے کمالات کے ساتھ بلند مقامات پر پہنچے

آپؐ نے اپنے حسن و جمال سے ظلمت کو نور سے بدل دیا

آپؐ کے تمام خصائل و عادات حسین ہیں

آپؐ کی آل پر درود بھیجیے

(حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

فرمانِ والاشان جنابِ رسولِ مقبول بنام سلطان مقوقس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلَى الْمُقَوْقِسِ عَظِيْمِ الْقِبْطِ سَلَامٌ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول کی جانب سے مقوقس بادشاہ قبط کو ، سلام ہو
عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى. اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّىْ اَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ
اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ اما بعد میں تجھ کو دعوت اسلام دیتا ہوں اسلام لے آ سلامت رہیگا اور خدا تجھ کو دوہرا
مَرَّتَيْنِ فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ اِثْمُ الْقِبْطِ. يَآ اَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَ
ثواب دیگا۔ اور اگر اسلام سے پھرا تو تمام قبط کا وبال تجھ پر ہوگا۔ اے اہل کتاب آؤ ایک بات کی طرف جو ہم میں اور تم میں برابر ہے
بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وہ یہ کہ سوائے خدا کے کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا رب نہ بنائے
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ○
پھر اگر اہل کتاب ایمان نہ لائیں تو کہدو کہ اے اہل کتاب گواہ رہو ہم تو مسلمان ہیں

نامۂ مبارک کی اصل

یہ اس مبارک خط کا چربہ ہے جسکو جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ۷ھ ہجری میں حاطب بن ابی بلتعہ عمرو بن عمیر بن سلمہ کے ہاتھ بھیجکر مصر میں قبط کے بادشاہ مقوقس کے پاس ارسال فرمایا تھا۔ یہ مبارک خط ایک فرنسیسی سیاح نے سفر قبط میں مصر کے شہروں میں سے اخمیم کے گرجا میں ایک قبطی راہب کے پاس سے خریدا تھا اور سلطان عبدالمجید خان والی دولت عثمانیہ کی خدمت میں لیکر حاضر ہوا اور ہدیہ پیش کیا۔ سلطان نے اسے نہایت حفاظت سے دیگر تبرکات نبویہ کے ساتھ قسطنطنیہ میں رہنے کا حکم صادر فرمایا قسمت سے اسکا عکس ہندوستان میں بھی پہونچا اور اسکے ایک عکس نے ہمکو بھی عزت وصل ہوئی جسے برادرانہ عام اور خیرخواہی مسلمانان اسکا چربہ لیکر شائع کیا ہے اور نقل مطابق اصل رکھنے کی یہانتک کوشش کی کہ کاغذ کے شکن تک بھی چربہ میں لے گئے اسکے نیچے موجودہ عربی خط میں وہی عبارت مرقوم ہے والسلام۔

Marfat.com

اللہ جل جلالہ — رسول اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذخیرہ

پیش لفظ

حضرت شیخ عبدالنّبی شامی نقشبندی علیہ الرحمۃ (المتوفی ۱۱۴۶ھ) کے مکتوبات شریف موسومہ بہ مجموعۃُ الاسرار ایک عرصہ سے کمیاب بلکہ نایاب تھے، حضرت موصوف کے خانوادۂ عالی کے ایک فرزند الحاج محمّد سلیم شامی مدّظلہُ العالی نے دن رات ایک کر کے اُنکی ترتیب تدوین اور اشاعت کا بیڑا اٹھایا اور بحمداللہ ایک عمدہ کتاب کی شکل میں یہ طالبان حق کی نذر ہیں۔ ناشر محترم جناب محمّد سلیم شامی صاحب پر خداوند قدوس کے منجملہ بے شمار احسانات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُنہیں اِس کارِ خیر کی توفیق عطا فرمائی گئی، "مجموعۃُ الاسرار" کے حوالہ سے موصوف ایک ایسا ذریعہ اور واسطہ بن گئے ہیں کہ جس سے بندگانِ خدا کو دینی نفع اور رُوحانی سعادت میسر آئے گی۔ حضرت شامی علیہ الرحمۃ کے مکتُوبات میں سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے طریق سلوک پر مبنی دعوت الی الحق اور اصلاح اعمال و اخلاق نیز رُوحانی مدارج و مقامات کے حصول کے لئے بے حد مفید اور کار آمد نکات و ارشادات بیان کئے گئے ہیں ان کے مطالعہ اور سماعت سے اہلِ ایمان لوگ علیٰ قدرِ ظرف خیر و ہدایت سے متمتع ہوں گے۔ اِس امر میں کوئی شُبہ نہیں ہے کہ اولیاء اللہ کے اقوال، ارشادات اور ملفوظات مومن کے قلب میں عمل صالح کا جذبہ بیدار کرتے ہیں اور سینۂ سالک، انوارِ الٰہی اور عشق رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مُنوّر و معمور ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالنبی نقشبندی مجدّدی علیہ الرحمۃ نے اپنے مکتوبات میں قرآن حکیم اور احادیث نبوی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بہت سے مشہور حقائق و معارف بیان فرمائے ہیں۔ رہروانِ سلوک و معرفت کے لئے حضرت موصوف کے مکتوبات رشد و ہدایت اور اخلاق حسنہ کا ایک بیش بہا خزانہ ہیں۔ مضامین میں سادگی اور شگفتگی اور ادبی چاشنی بدرجہ اتم موجود ہے۔ ہر نفس مضمون آفاقیت سے مملو ہے اور اسطرح حضرت شامی کے ملفوظات ہر دور اور ہر خطہ میں موجود مسلمانوں کے لئے ایک روشن چراغ ہدایت ہیں۔

مجموعۃ الاسرار کے علاوہ الحاج محمد سلیم شامی صاحب نے حضرت عبدالنبی شامی علیہ الرحمۃ کے مفصل سوانحی حالات بھی مرتب کئے ہیں جو کتابی شکل میں آپ کے زیر نظر ہیں۔ جن کے پڑھنے سے قارئین کو مزید فیوض و برکات حاصل ہوں گے۔

برصغیر ہند و پاکستان میں حضرت شیخ احمد سرہندی فاروقی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے تصوّف کو غیر اسلامی اثرات و رسومات سے پاک کیا اور ملتِ اسلامیہ کے فکر کو ایک نئی جہت اور تازہ جلا بخشی۔ آپؒ کے خلفاء اور اہل سلسلہ نے اُس شمع کو آج بھی روشن کیا ہوا ہے حضرت مجدّد الف ثانیؒ ہی کے ایک عظیم فکری علمبردار حضرت عبدالنبی شامیؒ تھے کہ جنہوں نے کمال و دل بستگی اور جانکاہی سے گمراہوں کو راہِ ہدایت دکھائی اور اُن کی دنیا و عاقبت کو سنوارنے میں مردانہ وار سعی و کاوش فرمائی۔ حضرت شامیؒ کا فیض بفضلِ تعالیٰ آج بھی جاری ہے اور انشاء اللہ تعالےٰ قیامت تک رہے گا۔

دُعا ہے کہ اللہ جل شانہٗ ہم سب کو راہِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں اور حضورِ اعلیٰ نبی اکرم سرکار دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے عشق کی دولت سے نوازیں اور سرکار دوجہاں کی رحمت للعالمین کے طفیل اصحابہ کی محبت سے سرشار کریں اور سلف صالحین سے قلبی تعلق کی عنایت کیساتھ ابرار کیساتھ ہمیں محشور کریں "آمین ثم آمین"۔

راجی شفاعت وغفران

سردار علی احمد خاں

الفتح ۸ گارڈن ٹاؤن، لاہور — صدر انجمن فلاح وبہبود، زائرین، پاکستان، لاہور

Marfat.com

اللہ جل جلالہ

الحمد للہ سبحانہ نحمدہ و نستعینہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ نبیہ الاکمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رسول اللہ

اللہ

یا حی یا قیوم

عرضِ مصنف

حدِ کرم کی حد سے بھی بڑھ کر کرم کیا
دیکھا جو میں نے اُن کی طرف بیکسی کے ساتھ

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ
تعریف اللہ کی، سلام اسی کے منتخب بندوں پر
خصوصاً علیٰ نبیہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین
بالخصوص اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُنکی آل اور اُنکے تمام اصحابہ پر

ایک عمر سے ایک آرزو تھی کہ تاج العارفین قُطبُ الاقطاب حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی قُدّس سرہُ العزیز المعروف "حضرت باباجی" رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات شریف بھی اِسی طرح منظرِ عام پر آئیں۔ جس طرح کہ امام ربّانی مُجدّد الف ثانی غوثِ صمدانی، حضرت احمد فاروقی سرہندی قُدّس سرہُ العزیز کے ہیں تاکہ عوام وخواص اُن میں پوشیدہ اسرار ورموز سے اِستفادہ کر سکیں الحمد اللہ میری یہ دیرینہ خواہش اللہ جلشانہٗ نے اپنے پیارے حبیب سرورِ کائنات حضرت مُحمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صدقے اور حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے طفیل قبول فرمائی۔ میں لاکھ لاکھ شکر اداکرتاہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل وکرم سے مجھ جیسے

Marfat.com

معصیتکار اور عاصی کو یہ سعادتِ عظیم نصیب فرمائی کہ تین صدیوں بعد مکتوبات شریف منظرِ عام پر لاؤں۔ نیز مجھے یہ سعادت بھی نصیب ہوئی کہ حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی مکمل سوانح حیات و ارشادات بھی پیشِ عوام کروں۔ حضرت باباجی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان میں زمانہ حال میں بے شمار صاحبِ ثروت فرزندان موجود ہیں۔ مگر یہ حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا خاص فضل و کرم اور انعام و اکرام ہے، بلکہ یہ آپؒ کی زندہ کرامت ہے کہ مجھ جیسے نااہل، بے سروسامان اور شکستہ پا انسان کو اس طرح اپنا بنالیا کہ میری ہر آرزو اور خواہش نہ صرف یہ کہ پوری ہوئی، بلکہ آپؒ نے میری ہر معاملہ میں رہنمائی فرمائی۔ اگر ایسے تمام واقعات ضبطِ تحریر کروں تو ایک ضخیم کتاب مرتب ہو جائے گی۔ مثال کے طور پر فقط ایک واقعہ تحریر ہے کہ میری بینائی کی عینک پورے بیس سال بعد ماہ ستمبر ۱۹۸۲ء میں اُتر گئی اور بینائی ایسی رُوشن ہو گئی کہ سوئی میں دھاگہ بھی ڈال سکتا ہوں۔ حالانکہ اس وقت مُولّف کی عمر ۶۴ سال سے تجاوز کر چکی ہے۔

تاجُ العارفین قطبُ الاقطاب حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی قُدّس سرہُ العزیز نے اپنے وصال کے پورے ۲۶۱ سال بعد مُولّف کو اپنا خلیفہ مجاز مقرّر کیا اور "پیارے دوست" کے لقب سے نوازا۔ بعین، جس طرح سُلطان العارفین حضرت خواجہ بایزید بسطامی قُدّس سرہُ العزیز نے آج سے ایک ہزار ایک سو گیارہ سال قبل اپنے وصال ۱۶۴ سال بعد حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی قدس سرہُ العزیز کو خلیفہ مُقرّر کیا تھا۔ سُلطان محمود غزنوی نے آپ کے پیراہن کے طفیل سومنات کا مندر فتح کیا۔ آپؒ اُسی رات سُلطان کی خواب میں آئے اور فرمایا کہ محمُود تم نے ہمارے پیراہن کی کچھ قدر نہیں کی کہ اگر اللہ تعالیٰ سے تم چاہتے، کہ تمام کافر مسلمان ہو جائیں تو وہ سب کے سب دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتے۔

حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ کی عظمت اور بزرگی اس قدر ہے کہ جتنی بھی دل میں

Marfat.com

خیال آئے، آپ کی عظمت اور بزرگی اُس سے بہت بہت آگے ہے۔ جیسا کہ آپؒ کے مکتوبات شریف سے واضح ہوتا ہے۔

اِس تالیف میں جن جن اصحاب کی تصنیفات و تالیفات سے اِستفادہ کیا گیا ہے نیز وہ افراد اور اشخاص جن سے اِس تالیف میں مدد حاصل کی گئی، وہ سب میری قلبی اور دِلی شکریہ کے مستحق ہیں اور بندہ اُن کا اِحسان مند اور بے حد ممنون ہے۔ میں دُعا کرتا ہوں کہ اللہ سبحانہٗ تعالےٰ اُن کو اجرِ عطا فرمائے۔ آمین!

آخر میں دست بہ دُعا ہوں کہ اللہ تعالےٰ اپنے خاص فضل و کرم سے مجھ جیسے نا اہل، ناقص اور عاصی پُر معاصی کو بھی وہ توفیق عطا فرمائے جو کہ حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی قُدّس سرہٗ العزیز کو عطا کی گئی تا کہ بندہ بھی حضرت تاجُ العارفین قطبُ الاقطاب عبدالنّبی شامی نقشبندی قُدّس سرہٗ العزیز کے مشن کو اُن کی رہنمائی میں سرانجام دے سکے اور روزِ قیامت خجّل نہ ہونا پڑے۔

"آمین، ثم آمین!"

احقر العباد
الحاج صاحبزادہ محمّد سلیم شامی نقشبندی

۱۰ محرم الحرام ۱۴۰۷ ہجری بمطابق
۱۴ ستمبر ۱۹۸۶ عیسوی

Marfat.com

یا حیّ — یا قیّوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہ

فضیلت تلاوت قرآن پاک

بزرگانِ سلف نے ہدایت کی ہے کہ تلاوتِ قرآن الحکیم کے وقت ان چھ باتوں کا اہتمام کیا جائے۔ (۱) با وضو ہو کر قبلہ رو بیٹھے اور نہایت تعظیم و محبت سے تلاوت کرے۔ (۲) تلاوت آہستہ آہستہ اور رُک رُک کر کرے (۳) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث ہے کہ تلاوتِ قرآن الحکیم کے وقت روئے اور اگر رونا نہ آئے تو تکلف کے ساتھ رونے کی کوشش کرے (۴) ہر آیت کا حق ادا کرے (۵) اگر بلند آواز سے پڑھنے میں ریا کا شائبہ ہو یا کسی کی نماز کے پریشان ہونے کا احتمال ہو تو آہستہ آواز میں تلاوت کرے (۶) خوش الحانی سے پڑھنے کی کوشش کرے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ میری اُمت کی فاضل ترین عبادت تلاوتِ قرآن شریف میں ہے۔ نیز فرمایا: کہ جس کو قرآنِ پاک جیسی نعمتِ عظمیٰ عطا ہوئی ہو اور وہ خیال کرے کہ کسی دوسرے شخص کو قرآن شریف سے بہتر چیز عطا کی گئی تو اُس نے گویا قرآن الکریم کی تحقیر کی اور فرمایا کہ قیامت کے روز قرآن مجید سے زیادہ کوئی چیز شفیع نہ ہوگی۔ نہ پیغمبر، نہ فرشتے اور نہ ہی کوئی اور شئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص دُعا مانگنے کی بجائے "تلاوتِ قرآن شریف میں مشغول رہے تو میں اُسے شکر گزار بندوں کا ثواب عطا کروں گا۔ فرمایا۔ کہ دِلوں کو لوہے کی طرح زنگ لگ جاتا ہے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر وہ کس طرح چھوٹتا

Marfat.com

ہے تو فرمایا، قرآن الحکیم کی تلاوت سے اور موت کو یاد کرنے سے۔ پھر فرمایا۔ میں دنیا سے جاؤں گا اور تم میں دو واعظ چھوڑ جاؤں گا جو کہ ہمیشہ تمہیں نصیحت دیں گے۔ ایک خاموش اور دوسرا گویا۔ گویا واعظ قرآن الحکیم ہے اور خاموش واعظ موت۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن شریف کی تلاوت کرو کیونکہ ہر حرف کے عوض دس نیکیاں ہیں اور میں نہیں کہتا کہ الف لام میم (الٓمّٓ) ایک حرف ہے بلکہ یہ تین حروف ہیں۔ امام حنبلؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حق تعالیٰ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ یا باری تعالیٰ تیرے تقرب کے لیے کونسا عمل زیادہ افضل ہے، فرمایا گیا میرے قرآن مجید کی تلاوت میں نے عرض کیا اگرچہ معنی سمجھ میں نہ آئیں؟ فرمایا۔ ہاں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جو کوئی قیام نماز میں قرآن مجید پڑھے تو اُسے ہر حرف کے بدلے سو نیکیاں ملتی ہیں۔ جو نماز میں بیٹھ کر پڑھے اُسے پچاس اور اگر کوئی باوضو ہو کر بعد نماز کے پڑھے تو ہر حرف کے عوض پچیس نیکیوں کا ثواب اُس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے جبکہ بے وضو تلاوت کرنے والے کو صرف دس نیکیاں ملتی ہیں۔

رُموزِ اوقاف: قرآن پاک میں علامات ہ ط م ۃ پر وقفہ لازمی ہے جبکہ ج یا ز پر وقف اختیاری ہے۔ علامت قف پر تھوڑا ٹھہرنا چاہیئے اور لا ز س ق ص وغیرہ پر وقفہ نہیں ہوتا۔

تلاوتِ قرآن پاک کی منزلیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قرآن الکریم کم از کم سات روز میں ختم کرنا افضل ہے۔ ترتیب یوں بیان کی جاتی ہے:

پہلی منزل:	بروز جمعۃ المبارک	: سورۃ الفاتحہ تا سورۃ النسآء
دوسری منزل:	بروز ہفتہ	: سورۃ المائدہ تا سورۃ التوبہ
تیسری منزل:	بروز اتوار	: سورۃ یونس تا سورۃ النحل
چوتھی منزل:	بروز پیر	: سورۃ بنی اسرائیل تا سورۃ الفرقان
پانچویں منزل:	بروز منگل	: سورۃ الشعرآء تا سورۃ یٰسین
چھٹی منزل:	بروز بدھ	: سورۃ الصّٰفّٰت تا سورۃ الحجرات
ساتویں منزل:	بروز جمعرات	: سورۃ قٓ تا سورۃ النّاس

(الحاج ساجد جاوید اکبر القادری قلندری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ
محمد رسول اللہ

لا الٰہ الا اللہ
محمد رسول اللہ
شیخ عبد القادر
جیلانی

شجرۂ طیبہ قادریہ

یا الٰہی دَر پہ آیا ہوں دُعا کے واسطے
دو جہاں کے سرورِ کونینؐ کی اُمت سے ہوں
مشکلیں آسان کر دے دُور ہوں سب فکر و غم
رُوسیاہ ہوں پُر گناہ ہوں مُعاف کر تقصیر سب
کر محبت خاص اپنے فیض سے مجھ کو عطا
عشق اپنا کر عطا ہستی میں ہو جاؤں فنا
یا الٰہی دِل کو روشن کر دے اپنے نور سے
سِرِّ وحدت سے الٰہی قلب کو آگاہ کر
عارفوں کے فیض سے کر دے مجھے تو مستفیض
یاد میں تیری رہوں مشغول ہر دم صبح و شام
حشر میں اس خانداں میں سے اُٹھا لینا خُدا
دِل کو فرحت دے مجھے سب فکرِ دُنیا دُور کر
وقتِ نزع ہو میرا ایمان پر ہی خاتمہ
کیا مبارک وقت ہو مجھ کو یہ سعادت ملے
دستگیری کیجیو دونوں جہاں میں اے خُدا
رزقِ طیب کر عطا غیروں کا نہ محتاج کر
زندگی ہر گام پر زیرِ طریقت ہو مری
حمد تیری کرتے کرتے دم نکل جائے مرا
حشر کے دِن دولتِ دیدار سے کر فیضیاب
شمس کی مانند دل روشن مرا کر دے خُدا
شرک و بدعت دل سے میرے دُور کر دے کبریا
نفس اور شیطان کے سب مکر سے لینا بچا
تیری رحمتِ بے کراں مجھ پر بھی ہو جائے ذرا
مجھ کو بھی اپنا دکھا دے خواب میں جاہ و جلال
کر قلندر کی طریقت سے مشرف اے خُدا
شاد رکھنا دل کو میرے اولیاء کی بزم سے
اپنے پیغمبرؐ کی شریعت میں مجھے محکوم رکھ
آرزوئیں پوری ہوں جو نیک ہوں میری تمام
اپنے لطف و کرم کی بارش کر مجھ پہ اے کریم
فیض سے کر مرتبہ اپنی سخاوت کا عطا
عشقِ کامل ہو عطا بہ فیضِ شاہ محمد علیؒ
دنیوی اندوہ و غم مجھ سے ہٹا لینا خُدا
طالبِ مرشد بنا دے اور مجھے مقبول کر
سیّد بدوح شاہؒ اور سیّد شیر شاہؒ کے طفیل
یا الٰہی کر کرم اپنے ہی فضلِ پاک سے
محشر میں دامن تھام لوں سلطان ملنگ شاہؒ کا
مُعاف کر تقصیر سب اب میرے مرشد کے طفیل
فرمانروائے سلطنتِ دِل ہے میرا مرشد محمد رفیق
ہو خاندانِ قادری کا شجرہ جب وردِ زبان
دے رہا ہوں میں درِ لطف و عطا پر دستکیں

بارِ عصیاں سر پہ لایا التجا کے واسطے
لاج رکھ لینا محمدؐ مصطفےٰ کے واسطے
حضرتِ مولا علی مشکل کشاؓ کے واسطے
حسن بصریؒ صاحبِ ذی عز و جاہ کیواسطے
حضرتِ حبیب عجمیؒ ذو العطف کے واسطے
حضرت داؤد طائیؒ مہ لقا کے واسطے
حضرتِ معروف کرخیؒ رہنما کے واسطے
سرّی سقطیؒ خواجۂ اہلِ ھُدیٰ کے واسطے
شیخ بغدادی جنیدؒ مقتدا کے واسطے
حضرتِ بوبکر شبلیؒ با سخا کے واسطے
خواجہ عبد الواحدؒ صاحبِ حیا کے واسطے
طرطوسی ابو الفرحؒ صاحبِ صفا کیواسطے
ابو الحسن ہنکاریؒ خواجہ بے ریا کے واسطے
ہوں نثار حضرت سعیدؒ با حیا کے واسطے
غوثِ اعظمؒ دستگیر راہنما کے واسطے
حضرت قطب عبد الرزاقؒ نورِ خدا کیواسطے
خواجہ ابو صالحؒ حبیبِ بے نوا کے واسطے
خواجہ احمد شاہؒ محبوبِ خُدا کے واسطے
خواجہ شہاب الدینؒ صاحبِ اقتدا کیواسطے
شاہ شمس الدینؒ شمس الاولیاء کیواسطے
شاہ علاؤ الدینؒ صاحبِ خوش لقا کے واسطے
سیّد نورِ محمدؒ با خدا کے واسطے
حضرت محمود جی شاہؒ بادشاہ کے واسطے
عبد الجلال صحرائیؒ نورِ بے بہا کے واسطے
سیّد بہادل شیر شاہِ جود و سخا کیواسطے
ابو المعالیؒ صاحبِ حلم و حیا کے واسطے
پیرِ محکم الدینؒ صاحبِ الصفیؒ کے واسطے
امیر بالا پیر سالکِ صوفیا کے واسطے
برّی خواجہ عبد اللطیفؒ با وفا کے واسطے
خواجہ سیّد حسن شاہؒ مہ لقا کے واسطے
ہے واسطہ حضرتِ بدوح شاہؒ کا دُعا کیواسطے
مہر قلیؒ و شاہ بہادرؒ خوش ادا کے واسطے
سیّد طالب حسینؒ صاحبِ صفا کے واسطے
بخش دینا مجھ کو سیّد لعل شاہؒ کے واسطے
خواجہ عنایت شاہؒ زاہد بے ریا کیواسطے
طالبِ بخشش ہوں فخرِ اولیا کے واسطے
مشیر رجب علی پیرِ ہدا کے واسطے
وقف ہوں اس قلندرِ با صفا پیکرِ مہر و وفا کیواسطے
پھر مُرادیں کیوں نہ بر آئیں اولیا کے واسطے
دیدار کا طالب ہوں میں خیر الوریٰ کے واسطے

خیر و برکت کا ہوں منگتا اے مرے ربِّ کریم
بابِ رحمت وا ہو ساجد بے نوا کے واسطے

الحاجؒ ساجد جاوید اکبر القادری قلندری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روز محشر عذر ہائے من پذیر

در حسابم را چو بینی ناگزیر
از نگاہِ مصطفیٰ پنہاں بگیر!

اللہ

مُناجات بدرگاہِ مُجیبُ الدَّعوات

مجھ کو یا اللہ اپنا عشق دے
ہے عبادت صرف تیرے واسطے

مُستحق تو ہی عبادت کا ہوا
ہے تو ہی معبود ساری خلق کا

بخش یَا رَحمٰنُ میں ہوں خوار تر
یا رَحِیمُ مہربانی مجھ پہ کر

یا مَالِکُ تو شاہِ دوسرا
مُجھ کو جنّت دے جہنم سے بچا

مُجھ کو یا قُدّوسُ کر عیبوں سے پاک
تو نہایت پاک میں یک مُشتِ خاک

یَا سَلامُ دین و ایماں کو میرے
رکھ سلامت اپنے فضل و لطف سے

امن دے یا مُؤمن مجھ کو سوا
یا مُھَیمِنُ ہے نگہباں تو میرا

یَا عَزِیزُ میرے غالب ہوں شکست
کام یَا جَبّارُ میرے کر درست

تو ہی یا مُتکبّرُ سب سے بڑا
مُجھ کو مغروروں کی صحبت سے بچا

بے تیرے یا خالِقُ ہے کونسا
جس نے کُل خلقت کا اندازہ کیا

کُن سے یَا بَارِیُ پیدا کیا
یا مُصوّر صورتِ عشرت دکھا

بخش یا غفّارُ عصیاں سربسر
نفس پر غالب تو یَا قہّارُ کر

بے عوض تو رزق یا وہّابُ دے
رزق یا رزّاقُ دے دو قسم کے

Marfat.com

کھول یا فتّاحُ تو روزی کا در ۔۔۔ یا عَلِیمُ خوار ہوں تو لے خبر
تنگ کر یا قابِضُ رزقِ پلید ۔۔۔ رزق کر یا باسِطُ طیّب مزید
پست ہوں یا خافِضُ دشمن میرے ۔۔۔ دے مجھے یا رافِعُ رتبے بڑے
یا مُعِزُّ مجھ کو عزّت کر عطا ۔۔۔ یا مُذِلُّ مجھ کو ذلّت سے بچا
یا سَمِیعُ سُن میری فریاد کو ۔۔۔ یا بَصِیرُ دیکھ مجھ ناشاد کو
یا حَکَمُ تو حکم پر اپنے چلا ۔۔۔ ڈر ہے یا عَدْلُ ترے انصاف کا
یا لَطِیفُ مجھ پر اپنا لُطف کر ۔۔۔ یا خَبِیرُ دل کو کر دے باخبر
یا حَلِیمُ بردباری کر عطا ۔۔۔ یا عَظِیمُ تو ہی ہے سب سے بڑا
یا غَفُورُ بخش دے میرے گناہ ۔۔۔ یا شَکُورُ شکر کر مجھ کو عطا
یا عَلِیُّ رتبہ ہے تیرا بڑا ۔۔۔ یا کَبِیرُ تو بڑا ہے تو بڑا
یا حَفِیظ آفتوں سے رکھ نگاہ ۔۔۔ یا مُقِیتُ تن میں دے قوت کو راہ
یا حَسِیبُ سہل ہو مجھ پر حساب ۔۔۔ یا جَلِیلُ تو بڑا عالی جناب
یا کَرِیمُ تو سخی محتاج سب ۔۔۔ یا رَقِیبُ تو نگہباں روز و شب
یا مُجِیبُ کر دعا میری قبول ۔۔۔ دین و دنیا میں نہ کر مجھ کو ملول
علم کر یا واسِعُ مجھ پر فراخ ۔۔۔ بعد مردن قبر میری کر فراخ
یا حَکِیمُ تو ہے دانائے عمل ۔۔۔ یا وَدُودُ تو مُحِبِّ بے بدل
یا مَجِیدُ ذات میں تو ہے بڑا ۔۔۔ قبر سے یا باعِثُ مومن اٹھا
یا شَہِیدُ حاضر و آگاہ کل ۔۔۔ تو ہی یا حق ہے شہنشاہِ کل

Marfat.com

یا وکیلُ کارسازِ بیکساں
یا قویُّ قوتِ بے طاقتاں

یا متینُ دین پر رکھ استوار
یا ولیُّ کر مدد لیل و نہار

یا حمیدُ حمد ہے تجھ کو سدا
توہی یا مُحصی یا مُحیط ماسوائے

پہلے بھی یا مُبدیءُ پیدا کیا!
یا مُعیدُ پھر توہی مرجع ہوا

زندہ یا مُحیی ہوں جبتک شاد رکھ
جب مروں تب یا مُمیتُ یاد رکھ

توہی یا حیُّ ہے زندہ تا ابد
توہی یا قیُّوم قائم لاولد

رکھ غنی مجھ کو سدا یا واجدُ
سب بڑائی تجھ کو ہے یا ماجدُ

ہے توہی یا واحدُ عالی صفات
یا اَحدُ تو مطلق یگانہ پاک ذات

یا صمدُ سب کو تیری جستجو
سب تیرے محتاج بے پروا ہے تو

نفس پر یا قادرُ قادر رہوں
یوں جیوں یا مُقتدِرُ جبتک جیوں

یا مُقدِّمُ ہووے اگلوں میں گذر
یا مُؤخِّرُ پچھلے والوں میں نہ کر

ہاں توہی یا اوّل اوّل میں تھا
پھر توہی آخِر میں ہوگا سدا

سب پہ تو یا ظاہرُ ظاہر ہوا
صفتوں تیری سے ہر کوئی ماہر ہوا

وہم سے یا باطنُ تو ہے نہاں
تجھ کو پاوے وہم یہ طاقت کہاں

تو ہے یا والی برائے بندگان
کارساز و مالک ہر دو جہاں

تیرا یا مُتعالی ہے رتبہ بلند
ہوں تیرے احساں میں بابر و بند

میری یا توّابُ توبہ کر قبول
رحم کر یا مُنعِمُ بدیوں کو بھول

یا عفوُ کر گناہ سے درگذر
یا رؤفُ مہربانی کی نظر

Marfat.com

مالکُ الملک ہے بیشک تیرا نام
ذوالجلال تو ہے والاکرام نام
عدل سے یا مُقسِطُ ڈرتا ہوں میں
جمع کر یا جَامِعُ دل کو میرے
مجھ کو یا مُغنی تو بے پروا بنا
جو ضرر یا ضَارُّ ہے دُور رکھ
دل کو یا نُور میرے روشن بنا
یا بَدیعُ تو بڑا صاحب کمال
تو ہی یا بَاقِیُ رہے باقی سدا
یا رَشیدُ راہ نیکی کی دکھا
ہو چکے ننانوے نامی اچھے

دے مجھے ملکِ قناعت میں مقام
دے مجھے بھی جنّتِ اعلیٰ مقام
فضل کی اُمید اب کرتا ہوں میں
یا غَنِیُّ کر دے بے پروا مجھے
ہو نہ کچھ یا مَانِعُ نقصان میرا
نفع سے یا نَافِعُ مسرور رکھ
راہ یا ہَادِیُ مجھے سیدھی بتا
کر دیا عالم کو پیدا بے مثال
ہے تو ہی یا وَارِثُ وارث میرا
آتشِ دوزخ سے عاجز کو بچا
یا صبورُ کی طرح ہیں اور بھی

یا الٰہی از طفیلِ محمد مصطفےٰ
جنّت فردوس کر مجھ کو عطا

Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

اللّٰہ

صلوٰۃ وسلام بحضورِ خیر الانام

اے شہنشاہِ مدینہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام
زینتِ عرشِ معلّٰے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

رَبِّ ھَبْلِیْ اُمَّتِیْ کہتے ہوئے پیدا ہوئے
حق نے فرمایا کہ بخشا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

دست بستہ سب فرشتے پڑھتے ہیں اُن پر درود
کیوں نہ ہو پھر ورد اپنا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

مومنو۔ پڑھتے نہیں کیوں اپنے آقا پر درود
ہے فرشتوں کا وظیفہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

بت شکن آیا یہ کہہ کر سر کے بل بت گر گئے
جھوم کر کہتا تھا کعبہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

سر جھکا کر باادب عشقِ رسول اللہ میں
کہہ رہا تھا ہر ستارا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

میں وہ سُنّی ہوں جمیلِ قادری مرنے کے بعد
میرا لاشہ بھی کہے گا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہ دیکھو نور برستا عرش سے تا حد ثرا آیا
ملی راحت غلاموں کو نبیوں کو قرار آیا

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

اللہ

نعت شریف

—— از جناب الحاج منشی غلام رسول صاحب، فیصل آباد ——

سرور انبیاء سرکارِ دو جہاں آقائے نامدار خاتم النبیین رحمۃ للعالمین حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ
سب سے پہلے تیرا نور پیدا ہوا

نہ پیدا ہوا جب کہ ارض و سما
نہ جنگل بیابان نہ برگ و گیا
صرف ذات حق کی تھی جلوہ نما
ترا نور اس وقت موجود تھا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

ہویدا ہوئی تھی نہ آدمؑ کی رُوح
نہ موسیٰؑ نہ عیسیٰؑ نہ داؤدؑ نہ نوحؑ
میں کہتا پھروں گا یہی سُو بسُو
ترا نور ان سب سے پہلے ہی تھا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ سُورج ستارے نہ چاند آسمان
نہ زحل و عطارد نہ تھی کہکشاں
نہ موجود موسم بہار و خزاں
مگر نور ترا تھا واں جابجا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ برق تپاں تھی نہ نوک ستاں
نہ جن و ملائکہ نہ حور و جناں
نہ پیدا ہوا تھا سارا جہاں
مگر نور ترا تھا جلوہ نما
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

تیری شان شاہا ہے لا منتہا
تو شمس الضحیٰ ہے تو بدر الدجےٰ
تو بلغ العلیٰ ہے تو نور الہدیٰ
کہا خود خدا نے کہ صلِّ علیٰ

53596

Marfat.com

مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ تھا طور پہ کوئی جلوہ نما — نہ طوفانِ نوحؑ کا کہیں تھا پتہ
کہیں چرچا مطلق نہ تھا عاد کا — اگر تھا تو بس نور تیرا ہی تھا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ اس وقت موجود عرشِ بریں — نہ جنت نہ باغات تھے واں کہیں
نہیں تھے وہاں کوئی قصر زریں — نہیں تھی وہاں سدرۃ المنتہیٰ
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہیں تھی وہاں کوئی خلدِ بریں — نہ موجود تھے واں مکان و مکیں
نہیں تھے کوئی حوض واں مرمریں — وہاں نور تیرا تھا نور الہدیٰ
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہیں تھا جہنم کا کوئی نشاں — نہ فرش و عرش تھے نہ کرسی عیاں
نہ دریا نہ نہریں آب رواں — صرف نور تیرا تھا بلغ العلیٰ
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ پیدا ہوئی تھی کوئی کروبیاں — نہ جن و انس نہ پری زادیاں
نہ ادنیٰ نہ اعلیٰ نہ مرد و زناں — وہاں نور تیرا تھا نور العلیٰ
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ حوریں نہ غلماں تھے واں فی الخیام — نہ تھا حوضِ کوثر نہ تھا کوئی جام
نہ کوئی جاگتا تھا نہ لقاضی المنام — ترا نور اُس وقت موجود تھا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

نہ پاژند کوئی نہ رامائن گیتا — نہ تورات انجیل نہ کوئی صحیفہ
نہ محکوم کوئی نہ کوئی خلیفہ — ترا نور اُس وقت تھا چمکتا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

Marfat.com

لولاک لما سے ہوا یہ عیاں — ترے نور کی ہیں یہ سب خوبیاں
ہوئے پیدا جس سے یہ سارے جہاں — مجسم تو ہے آقا کشف الدجے
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

میں ہوں شاہا اک تیرا ادنے غلام — ہو منظور میرا درود و سلام
ان اشعار کا ہے یہ حاصل کلام — اگر تو نہ ہوتا تو کچھ بھی نہ ہوتا
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نُورِ مُحمّدی صلی اللہ علیہ وسلم

حق تعالیٰ شانہٗ، جل جلالہٗ، عمّ نوالہٗ قرآن پاک کے پارہ ۶ رکوع ۶ آیت ۱۵ میں ارشاد فرماتے ہیں قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۔

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس اللہ کا نور اور ایک واضح کتاب آچکی ہے۔

اہلِ سُنّت کے امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسا نور ہے کہ کسی نور کی مثل نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحِ مقدسہ اس نور کی چمک ہے اور فرشتے انہیں انوار سے جھڑے ہوئے پھول ہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور پیدا فرمایا اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی۔ اس سلسلہ میں تاج العارفین قطب الاقطاب حضرت عبدالنبیؐ ثنامی نقشبندی قدس سرہ العزیز "مجموعۃ الاسرار" کے مکتوب نمبر ۵۶ میں جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں عرضداشت میں تحریر فرماتے ہیں "شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے۔ اسکی تعریف کرتے ہوئے جس نے اپنا بھیدؔ انسان کی حقیقت کے ساتھ ظاہر کیا اور اُس پر صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہوئے جو اللہ کے نور سے ہے اور جسکے نور سے اللہ تعالیٰ نے دونوں جہانوں کو پیدا کیا۔ اے لوگو! اُس ذات پر صلوٰۃ وسلام پڑھو۔"

سُلطان الفقر محمد باہو قدس اللہ سرہٗ العزیز اپنی تصنیف لطیف رسالہ "روحی شریف" میں ارشاد فرماتے ہیں: "جان لو! کہ جب نورِ احدی کے جملۂ تنہائی سے کثرت کے مظاہر کے ارادہ فرمایا

؎ الانسان میرا راز ہے اور میں اس کا راز ہوں۔

Marfat.com

تو اس گرم بازاری کے لیے اپنے حسن کے جلوۂ مصفا مصطفیٰ کو ذریعہ بنایا اس شمع جمالِ نورِ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر کونین پروانہ وار جل مٹے (عاشق ہوئے) (النورِ ذات نے) نقاب میم احمدی پہن کر صورتِ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم اختیار کی اور کثرت جذبات و ارادہ سے سات بار اپنی ذات میں جنبش کھائی۔ جس سے سات ارواح فقراء باصفا فنا فی اللہ بقاء باللہ تصور ذات میں محو سرتاپا مغز بلا پوست آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ستر ہزار سال قبل بحر جمال میں متغرق شجر مراۃ الیقین پر پیدا ہوئیں۔ انہوں نے ازل سے ابد تک بجز ذاتِ حق کسی کو نہیں دیکھا اور ماسوائے اللہ کبھی نہیں سُنا انہیں حریم کبریا کے مندر میں دائمی وصال لازوال حاصل ہے۔ وہ کبھی نوری جسد اختیار کر کے تقدیس و تنزیہ میں کوشاں ہوتے ہیں۔ گاہ قطرہ بحر میں اور گاہ بحر قطرہ میں (اُن کی مثال ہے) اور فیض عطا کی چادر (یعنی جب فقر اختتام کو پہنچتا ہے اللہ ہی ہوتا ہے) ان کے اوپر ہے۔ پس انہیں حیات ابدی اور عزت سرمدی کا تاج حاصل ہے۔ یہ فقر خاص الاحتیاج ہے اپنے ربؐ سے یا اُس کے غیر سے وہ معزز و مکرم ہیں۔ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے اور انکو قیام قیامت کی بھی خبر نہیں۔ اُنکے قدم جملہ اولیاء غوث وقطب کے سر پر ہیں۔ اگر اُن کو یکتائی کے باعث) خدا کہیے بجا ہے، اگر (شریعت کی رو) بندہ خدا جانیے روا ہے، جس نے جانا اُسی نے جانا ان کا مقام حریم ذات کبریا ہے۔ وہ حق سے ماسوائے الحق کوئی چیز طلب نہیں کرتے اور کمینی دُنیا اور آخرت کی نعمتوں حور و قصور اور بہشت کو ایک نظر بھی نہیں دیکھتے اور وہ ایک (جلوۂ نور)، جس سے موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو گئے اور کوہ طور ریزہ ریزہ ہو گیا ہر لمحہ اور آنکھ جھپکنے میں ایسے ستر ہزار جذبات انوار ذات کے جلوے اُن پر ہوتے ہیں۔ وہ دم نہیں مارتے اور نہ آہ کھینچتے ہیں، بلکہ اور لائیے کا نعرہ مارتے ہیں۔ وہ سُلطان الفقراء اور کونین کے سردار ہیں، ایک روح خاتونِ قیامت (فاطمۃ الزہراؓ) کی اور ایک رُوح خواجہ حسن بصریؓ کی اور ایک روح میرے شیخ حقیقت الحق نور مطلق مشہود اعلیٰ الحق حضرت سیدمحی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اور ایک رُوح سلطان انوار سر السرمد حضرت پیر عبدالرزاق فرزند حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہ العزیز کی اور ایک رُوح ہاہویت کی آنکھوں کے سرچشمہ سرِ اسرارِ ذات باہو بندہ فقر باہو قدس اللہ سرہ العزیز اور دو ارواح دیگر اولیاء اللہ کی ہیں۔ جن کی برکت سے دارین کو قیام ہے جب تک یہ دو رُوحیں آشیانہ وحدت سے مظاہر کثرت سے محو پرواز نہ ہولیں، قیام قیامت نہ ہو گی۔ اُن کی نگاہ

ؒ فنا فی اللہ۔ بقا باللہ کے باعث وہ اپنے ربؐ کے غیر نہیں اس لیے محتاج نہیں۔

Marfat.com

نورِ وحدت اور عزت کی کیمیا ہے جس پر بھی انکی نگاہ پڑتی ہے۔ نورِ مطلق بنا دیتی ہے۔ آپ ابیات باہو میں فرماتے ہیں کہ:

عقل فکر دی جا نہ کائی جتھے وحدت سر سبحانی ہو
ناں اوتھے ملاں پنڈت جوشی ناں اوتھے علم قرآنی ہو
جد احمد احد دکھائی دِتا تاں کُل ہووے فانی ہو
علم تمام کیتو نے حاصل باہو کتاباں ٹھپ آسمانی ہو

ترجمہ: ۱۔ جہاں وحدت سر سبحانہ تعالیٰ (کا مقام ہے) وہاں عقل اور فکر کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ (کیونکہ وحدت سر ذات علم و فضل عقل و فکر اور حواس خمسہ کی حدود کے آگے گزر جانے کے بعد حاصل ہوتا ہے)

۲۔ وحدت سر ذات سبحانہٗ تعالیٰ ایسا مقام ہے کہ وہاں نہ ملاں (کی گنجائش ہے اور) نہ ہی وہاں پنڈت اور رمل داں کی ضرورت ہے) اور نہ ہی وہاں علم قرآنی (تفسیر مسئلہ مسائل ا نہی درکار رہے) (کیونکہ حصولِ مقام کے بعد منزل و رسوم راہ درکار نہیں رہتے)

۳۔ (راہ سلوک میں) جب (نور) احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) عین (نور ذات) احد (جل شانہٗ) دکھائی دیتا ہے تو (سالک کے حواسِ خمسہ آرزو ارادہ علم و فضل سب کچھ ذات حق میں) فانی ہو جاتا ہے۔

۴۔ اے باہو (ایسے عارفانِ ذات نے) کتبِ آسمانی (کی انتہا پا کر اور انہیں) بند کر کے علم تمام (یعنی علم العلم) حاصل کر لیا۔

اِن انکشافات سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کے اعداد دنیا اور آخرت کی ہر چیز انسان، حیوانات، جمادات و نباتات میں ہی نہیں، بلکہ لوح محفوظ قرآن پاک، ارضِ سما، سورج اور چاند ستاروں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ اس ضمن میں سکھ مت کے بانی بابا گورونانک نے ایک رباعی فرمائی جس میں آپ نے فرمایا کہ ہر شئے میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوہ نظر آئے گا۔ وہ رباعی قارئین کرام کے لیے پیش کی جاتی ہے۔

نام لو ہر لبت کا کریو چوگن داؤ	بیج ملا کے دس گن کیجیو بیس بھوگ لگاؤ
جو بچے سو نو گن کیجیو دوا ہور رلاؤ	نانک ہر کہ لبت سے محمد نام بناؤ

بابا گورونانک فرماتے ہیں کہ مسلمان کہتے ہیں کہ دنیا کی ایجاد کا سبب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

Marfat.com

ذاتِ پاک ہے یعنی اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو اللہ تبارک تعالیٰ نے کوئی چیز پیدا نہیں کرنی تھی حتیٰ کہ اپنا رب ہونا بھی ظاہر نہ کرنا تھا۔ باباگورونانک فرماتے ہیں کہ کسی چیز کا نام لو ابجد کے لحاظ سے اُس کے حرف نکالو پھر اُن کو چار سے ضرب دو۔ چار سے ضرب دینے کا مطلب یہ ھے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن پاک دیا تو قرآنِ حکیم کی جنہوں نے اشاعت کی اُس کو پھیلایا تو بڑے اُن میں چار ہیں یعنی ۱: حضرت عبداللہ سیدنا ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ۲: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ۳: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ۴: حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضی اللہ عنہ۔

"الٓمٓ" کا مطلب ہی یہ ہے کہ اللہ نے ل یعنی ۳۰ سپارے (ل کے عدد ۳۰) چالیس سال کی عمر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائے۔ م کے عدد ۴۰ ہیں۔ اب اس کے بعد جنہوں نے قرآن پاک کی تبلیغ کی اُن کے نام کے پہلے لفظ "م" آتا ہے یعنی ل + م = ۷۰ ع کا ہے۔ ابوبکرؓ کا نام عبداللہ پہلے 'ع' حضرت عمرؓ کے پہلے 'ع'۔ حضرت عثمانؓ کے پہلے 'ع' اور حضرت علیؓ کے پہلے 'ع'۔

پنج ملانے کا مطلب پنج تن پاک یعنی : ۱: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۲: حضرت ابوبکرؓ ۳: حضرت عمرؓ ۴: حضرت عثمانؓ ۵: حضرت علیؓ **یا** ۱: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۲: حضرت علیؓ ۳: خاتون جنت سیدہ فاطمہؓ ۴: حضرت امام حسنؓ ۵: حضرت امام حسینؓ اور دس **عشرہ مبشرہ ھیں یعنی** ۱: حضرت ابوبکر صدیقؓ ۲: حضرت عمر فاروقؓ ۳: حضرت عثمان غنیؓ ۴: حضرت علی المرتضیٰؓ ۵: حضرت طلحہؓ ۶: حضرت زبیرؓ ۷: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ۸: حضرت سعد بن وقاصؓ ۹: حضرت سعید بن زیدؓ ۱۰: حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ

بیس بھوگ لگانے کا مطلب :- ۱- آنحضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۴: **صحابہ کرام رضی اللہ عنہم** :- حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ

۱۲: **امام اہل بیت** :- ۱۔ حضرت علی مرتضیٰؓ ۲۔ حضرت امام حسنؓ ۳۔ حضرت امام حسینؓ ۴۔ حضرت امام زین العابدینؓ ۵۔ حضرت امام باقرؓ ۶۔ حضرت امام جعفر صادقؓ ۷۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؓ ۸۔ حضرت امام رضاؓ ۹۔ حضرت امام تقیؓ ۱۰۔ حضرت امام نقیؓ ۱۱۔ حضرت امام حسن عسکریؓ ۱۲۔ حضرت امام مہدیؓ

Marfat.com

۴ امام :- ۱۔ حضرت امام ابوحنیفہ رضؓ ۲۔ حضرت امام مالک رضؓ ۳۔ حضرت امام شافعی رضؓ
۴۔ حضرت امام احمد بن حنبل رضؓ

جو بچے سولوگن کا مطلب ہے :- ۱۔ اللہ جلّہ شانہٗ عمّ نوالہ ۲۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ۳۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ ۴۔ حضرت عمرِ فاروق رضؓ ۵۔ حضرت عثمان غنی رضؓ ۶۔ حضرت علی المرتضٰے رضؓ ۷۔ خاتونِ جنت سیّدہ فاطمۃ الزہرہ رضؓ ۸۔ حضرت امام حسن رضؓ ۹۔ حضرت امام حسین رضؓ۔

دوا ہو در لانے کا مطلب ہے :- ۱۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ۲۔ سرورِ کائنات احمد مجتبٰی محمد مصطفٰے رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم۔

ابجدی اعداد

حرف	عدد	حرف	عدد	حرف	عدد	حرف	عدد
ا	۱	و	۶	ل	۳۰	ش	۳۰۰
ب	۲	ز	۷	م	۴۰	ت	۴۰۰
پ	۲	ژ	۷	ن	۵۰	ٹ	۴۰۰
بھ	۲	ح	۸	س	۶۰	ث	۵۰۰
ج	۳	ط	۹	ع	۷۰	خ	۶۰۰
چ	۳	ی	۱۰	ف	۸۰	ذ	۷۰۰
چھ	۳	ے	۱۰	ص	۹۰	ض	۸۰۰
د	۴	ک	۲۰	ق	۱۰۰	ظ	۹۰۰
ڈ	۴	گ	۳۰	ر	۲۰۰	غ	۱۰۰۰
ہ	۵	کھ	۲۰	ڑ	۲۰۰		

Marfat.com

فخر الانبیاء حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

محمدؐ = م ح م د

۹۲ = ۴۰ ۸ ۴۰ ۴

اس ضمن میں قارئین کرام کی خدمت میں چند ایک مثالیں مندرجہ ذیل پیش کی جاتی ہیں :-

(۱) حضرت سیدنا ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

ابو بکرؓ

ا ب و ب ک ر

۱ + ۲ + ۶ + ۲ + ۲۰ + ۲۰۰ = ۲۳۱

۲۳۱×۴ = ۹۲۴ + ۵ = ۹۲۹ × ۱۰ = ۹۲۹۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = (۹۲)

(۲) حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

عمرؓ

ع م ر

۷۰ + ۴۰ + ۲۰۰ = ۳۱۰

۳۱۰×۴ = ۱۲۴۰ + ۵ = ۱۲۴۵ × ۱۰ = ۱۲۴۵۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = (۹۲)

(۳) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

عثمانؓ

ع ث م ا ن

۷۰ + ۵۰۰ + ۴۰ + ۱ + ۵۰ = ۶۶۱

۶۶۱×۴ = ۲۶۴۴ + ۵ = ۲۶۴۹ × ۱۰ = ۲۶۴۹۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = (۹۲)

Marfat.com

۴ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ رضی اللہ عنہ

علی رضؓ

ع ل ی

۷۰ + ۳۰ + ۱۰ = ۱۱۰

۱۱۰×۴ = ۴۴۰ + ۵ = ۴۴۵ × ۱۰ = ۴۴۵۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = ۹۲

۵ خاتونِ جنت حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

فاطمہ رضؓ

ف ا ط م ہ

۸۰ + ۱ + ۹ + ۴۰ + ۵ = ۱۳۵

۱۳۵×۴ = ۵۴۰ + ۵ = ۵۴۵ × ۱۰ = ۵۴۵۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = ۹۲

۶ سُلطان الفقر حضرت مُحمّد باہو قدس اللہ سرہٗ العزیز

مُحمّد باہُو

م ح م د ب ا ہ و

۴۰ + ۸ + ۴۰ + ۴ + ۲ + ۱ + ۵ + ۶ = ۱۰۶

۱۰۶×۴ = ۴۲۴ + ۵ = ۴۲۹ × ۱۰ = ۴۲۹۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = ۹۲

۷ تاجُ العارفین قُطب الاقطاب حضرت عبدالنّبی شامی رحمۃ اللہ علیہ

عبدالنّبی

ع ب د ا ل ن ب ی

۷۰ + ۲ + ۴ + ۱ + ۳۰ + ۵۰ + ۲ + ۱۰ = ۱۶۹

۱۶۹×۴ = ۶۷۶ + ۵ = ۶۸۱ × ۱۰ = ۶۸۱۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = ۹۲

۸ دُنیا

د ن ی ا

۴ + ۵۰ + ۱۰ + ۱ = ۶۵

۶۵×۴ = ۲۶۰ + ۵ = ۲۶۵ × ۱۰ = ۲۶۵۰ ÷ ۲۰ باقی ۱۰ × ۹ + ۲ = ۹۲

الحاج صاحبزادہ مُحمّد سلیم شامی نقشبندی عفی عنہٗ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فخرُالانبیاء، سرورِ کائنات حضرت مُحمّد مصطفٰی صلّی اللہ علیہ وسلّم

کے

جسدِ مُبارک کی حفاظت

حضرت شیخ عبدالحق مُحدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب راحتُ القلوب کے صہ۱۲۷ پر تحریر فرماتے ہیں کہ ۵۵۷ ہجری میں سُلطان نورُالدین محمود شہید بن عماد الدین زنگی نے آقائے دو جہاں صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ایک رات میں تین بار خواب میں دیکھا کہ :

آپ دو آدمیوں کی طرف اشارہ کرکے فرماتے ہیں کہ جلد آؤ اور یہ دو آدمی جو کھڑے ہیں مجھے اِن کے شر سے بچاؤ۔ نورالدین نے اپنی دانائی سے تاڑ لیا کہ کوئی عجیب و غریب امر مدینہ منوّرہ میں واقع ہوا ہے۔ اِس کے لئے مدینہ منوّرہ ضرور پہنچ جانا چاہئے سُلطان مذکور اُسی وقت اخیر رات میں تیز رفتار سانڈنیوں پر اپنے بیس خاص آدمیوں کے ساتھ روانہ ہوگیا۔ اپنے ساتھ کثیر مال بھی ساتھ لے گیا۔ سولہ دن تک لگاتار سفر کرنے کے بعد شام کے وقت مدینہ منوّرہ میں داخل ہوگئے اور فوراً اُن دونوں ملعونوں کی حاضری اور شناخت کرنے کی سبیل پیدا کی۔ نورالدین نے اعلان کیا کہ مدینہ کا ہر باشندہ حاضر ہو اور سُلطانی سخاوت میں سے اپنا حصہ حاصل کرلے۔ چنانچہ اِس اعلان کے بعد ہر شخص باری باری سلطان سے ملتا وہ اُس کو مالا مال کرکے رخصت کر دیتا۔ مگر اُن لوگوں میں وہ دونوں شکلیں نہ دکھلائی دیں جو خواب میں دکھلائی تھیں۔ نُورالدین نے کہا کہ اہل شہر میں کوئی شخص ایسا بھی ہے جو حاضر نہ ہوا ہو، لوگوں نے عرض کیا کہ اہلِ مدینہ

Marfat.com

ہیں کوئی شخص باقی نہیں رہا۔ لیکن دو عابد و زاہد جو مغرب کے رہنے والے ہیں باقی رہ گئے ہیں۔ یہ دونوں شب و روز عبادت میں مصروف رہتے ہیں اور کسی سے بات چیت تک نہیں کرتے اور اُس کے ساز و سامان سے اُن کو دنیا سے کوئی تعلق نہیں اسی وجہ سے یہ دونوں حاضر نہ ہو سکے۔ نورالدین نے حکم دیا کہ اُن دونوں کو بھی لایا جائے جب وہ دونوں سامنے آئے تو بادشاہ نے پہلی ہی نظر میں اُنہیں پہچان لیا کہ یہی وہ ہیں، جن کی طرف خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے اِشارہ فرمایا تھا۔ نورُالدین نے دریافت کیا کہ تم لوگ کہاں مقیم ہو۔

اُنہوں نے جواب دیا کہ حجرہ شریف کے مغربی جانب (اس وقت یہ مکان کھنڈر پڑا ہوا ہے) رہتے ہیں۔ اِس مکان سے ایک کھڑکی مسجد کی دیوار میں چھٹی ہوئی ہے، سُلطان نے یہ معلوم کر کے اُن کو تو وہیں چھوڑا اور خود اس مکان میں پہنچ گیا جس میں یہ دونوں مقیم تھے۔ دیکھا کہ ایک طاق میں دو کلام مجید اور وعظ کی چند کتابیں رکھی ہوئی ہیں، ایک طرف غربا اور مساکین کے واسطے کچھ غلّہ رکھا تھا۔ اُن کے سونے کی جگہ ایک چٹائی پڑی ہوئی تھی، سلطان شہید نے چٹائی کو اُٹھایا تو وہاں سے ایک گہرا گڑھا برآمد ہوا، جو خوابگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلّم کی طرف کُھدا ہوا تھا۔ اُس کے ایک گوشہ میں ایک کنواں دیکھا۔ جس میں گڑھے کی مٹی ڈالی جاتی تھی۔ دوسری روایت یہ ہے کہ چمڑے کے تھیلے رکھے پائے۔ رات میں مٹی اُن میں بھر کر بقیع کے اطراف میں لے جا کر ڈالتے تھے اُن کو ڈرا دھمکا کر اِس حرکت کا سبب دریافت کیا تو اُن کو ظاہر کرنا پڑا کہ ہم عیسائی ہیں اور نصاریٰ نے ہم کو مغربی حاجیوں کے لباس میں زرِ کثیر دے کر اس لئے بھیجا تھا کہ ہم کسی حیلہ سے حجرہ شریف میں داخل ہو کر حضرت سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم کے جسم مُبارک کے ساتھ گُستاخی کریں۔ جس رات میں یہ نقب قبر شریف کے قریب پہنچنے والی تھی۔ کثرت سے

Marfat.com

ابر آیا۔ بارش ہونے لگی اور گرج چمک نے وہ زور باندھا کہ زلزلہ عظیم پیدا ہو گیا۔ اُسی رات کی صبح کو سُلطان نورالدین پہنچ گئے۔

اِن باتوں کے سُننے سے سُلطان کی آتش غضب برانگیختہ ہو گئی، ساتھ ہی رقت بھی طاری ہو گئی۔ وہ بہت رویا اور بالآخر حجرۂ شریف کی جالی کے نیچے ان دونوں ناپاکوں کی گردن مار دی گئی اور دن کے آخری حصے میں ان کی نامبارک لاش کو جلا کر خاک کر دیا گیا اس کے بعد حجرہ کے چاروں طرف اتنی گہری خندق کھدوائی کہ پانی نکل آیا پھر سیسہ پگھلا کر اس خندق میں بھروا دیا تاکہ کسی مفسد ملعون کے لئے قبر شریف تک پہنچنا دشوار ہو جائے۔

اصحابہ کرام رضی اللہ عنہما کے اجسادِ مُبارک کی حفاظت

(۱) ریاض نضرہ میں محب طبری بیان کرتے ہیں کہ حلب کے رافضیوں کی ایک جماعت مدینہ منورہ کے امیر کے پاس آئی۔ یہ جماعت اپنے ساتھ بہت سا قیمتی سامان اور تحائف نادرہ بھی لائی تھی۔ اس نے یہ چیزیں مدینہ کے امیر کی خدمت میں پیش کر دیں اور اس کے صلے میں امیر سے یہ طے کیا کہ حجرہ شریفہ میں ایک طرف سے ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے جسموں کو نکال لے جائیں۔ مدینہ کے امیر نے اپنی مذہبی بے حسی اور حُبّ دنیا کی وجہ سے اِس بات کو قبول کر لیا۔ اور اُنہیں اِس بات کی اجازت دے دی۔ امیر مدینہ نے حرم شریف کے ارکان کو حکم دیا کہ جب یہ جماعت آئے تو اُن کے لئے حرم کا دروازہ کھول دینا اور اُس میں یہ لوگ جو کام کرنا چاہیں، مت منع کرنا۔ دربان کا بیان ہے کہ جب عشاء کی نماز ہو چکی اور سب دروازے بند ہو گئے تو چالیس آدمی پھاوڑے، کُدال، شمع اور گرانے اور کھودنے کے اوزار لے کر آ گئے۔ یہ لوگ باب السلام کے دروازے پر آ کر کھڑے ہو گئے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے امیر کے حکم کی وجہ سے دروازہ کھول دیا اور ایک گوشے

Marfat.com

میں جاکر بیٹھ گیا۔ میں روتا تھا اور دل میں سوچتا تھا کہ کب قیامت قائم ہو گی۔ لیکن سبحان اللہ! ابھی یہ لوگ منبر شریف کے مقابل بھی نہیں پہنچے تھے کہ ان سب کو اُن کے اسباب و آلات سمیت (جو اُن کے ساتھ تھا) اُس ستون کے نزدیک جو توسیع عثمان کے قریب ہے زمین نے نگل لیا۔ امیر مدینہ اُن کی واپسی کا منتظر تھا اور اس تاخیر کا سبب سوچ رہا تھا۔ اُس نے مجھ کو بُلایا اور پوچھا کہ جماعت کا کیا حال ہے۔ میں نے جو کچھ دیکھا تھا، صاف صاف بیان کر دیا کہ ایسا واقعہ پیش آیا ہے۔ امیر نے کہا کیا تو دیوانہ ہو گیا ہے سوچ سمجھ کر بات کہہ۔ میں نے جواب دیا کہ آپ خود تشریف لے چلیں اور دیکھ لیں کہ خسف کا اثر اور بعضے کپڑے جو قریب ہی اُوپر تھے باقی ہیں۔ طبری اس قصہ کی نسبت اُن ثقہ لوگوں کی طرف کرتے ہیں جو سچائی اور دیانت میں مشہور ہیں۔ مدینہ منورہ کے بعض مورخین نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ تاریخ سمنودی میں بھی یہ واقعہ مذکور ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق مُحدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مزارِ اقدس دہلی میں مہرولی کے مقام پر باغ کے ایک کونے میں واقع ہے۔

تیرہ سو سال بعد کا واقعہ (۱۹۲۶ء)

(۲) بغداد سے چالیس میل دُور مدائن میں حضرت حذیفہ بن الیمان اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مزاراتِ مُبارکہ تھے۔ ایک رات حضرت حذیفہ رضؓ نے عراق کے شاہ فیصل اوّل سے عالم رُویا میں ارشاد فرمایا کہ میرے مزار میں پانی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے مزار مُبارک میں نمی آنی شروع ہو گئی ہے۔ لہٰذا ہم دونوں کو یہاں سے منتقل کر کے دریائے دجلہ سے ذرا فاصلے پر دفن کر دیا جائے۔ آپ متواتر تین شب حُکم فرماتے رہے، مگر شاہ نے اس پر کوئی توجہ نہ دی۔ آخر کار آپ نے عراق کے مفتی اعظم کو وہی

Marfat.com

بات کہی اور ارشاد فرمایا کہ ہم شاہ سے کہہ رہے ہیں ۔ لیکن وہ مصروفیات کی وجہ سے بھول جاتا ہے ۔ چنانچہ مفتی اعظم نے وزیر اعظم نوری السعید پاشا کو تمام حالات سے آگاہ کیا۔

نوری السعید پاشا مفتی اعظم کو لیکر شاہ کے پاس گیا اور تمام حالات سے آگاہ کیا ۔ شاہ نے کہا کہ پہلے احتیاطاً اس امر کی تصدیق کرالی جائے کہ واقعی دریا کا پانی مزارات مُبارکہ کی طرف آ بھی رہا ہے یا کہ نہیں ۔ چنانچہ چیف انجینئر اور علمے نے مزاراتِ مُبارکہ سے دریا کے رُخ پر بیس فٹ کے فاصلے پر بورنگ کرا کر دیکھا ۔ مگر اُس مٹی میں نمی تک نہیں تھی ۔ اِس پر شاہ نے منتقلی کا پروگرام منسُوخ کر دیا ۔ اُسی رات حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شاہ کی خواب میں آئے اور اپنی بات دہرائی ، مگر شاہ نے ماہرین اراضی کی رپورٹ پر انحصار کیا اور خواب کو پھر نظر انداز کر دیا ۔ اگلی رات حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مفتی اعظم کے خواب میں گئے اور مفتی سے فرمایا کہ ہمارے مزارات میں پانی گھستا چلا آرہا ہے ۔ لہٰذا جلد از جلد یہاں سے منتقل کراویں ۔ صبح سویرے مفتی اعظم گھبراہٹ اور پریشانی کے عالم میں شاہ کے پاس پہنچے اور مُنتقلی کے لئے کہا ۔ لہٰذا شاہ نے فرمان جاری کر دیا کہ عید الاضحیٰ کو ظہر کی نماز کے بعد حضرت حذیفہ اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے اجسادِ مُبارکہ مزارات سے نکالے جائیں گے ۔ اِس خبر کا اخبارات میں شائع ہونا تھا کہ تمام عالم اسلام میں جوش و خروش اور ہلچل پیدا ہو گئی ۔ نیز یہ خبر دنیا کے گوشہ گوشہ میں بھی پھیل گئی ۔

دوسرے مسلم ممالک کے لوگوں نے شاہ عراق کو عید الاضحیٰ کے چند روز بعد مزاراتِ مُبارکہ کو کھولنے کے لئے درخواست کی تا کہ وہ بھی فریضہ حج کے بعد شامل ہو سکیں ۔ لہٰذا شاہ عراق نے عید الاضحیٰ کے دس دن بعد کی تاریخ مقرر کر دی ۔ اس رُوز پانچ لاکھ نفُوس جمع ہو گئے ۔ جس میں ہر مذہب ، فرقہ اور عقیدے کے لوگ تھے ۔ کئی ملکوں سے سرکاری وفود آئے ۔ ترکی کے کمال اتاترک کی نمائندگی ان کے ایک وزیر مُختار نے کی اور مصر کے

Marfat.com

شاہ فاروق جو اس وقت ولی عہد تھے، نے بھی شرکت کی۔

آخر کار وہ دن بھی آ گیا جس نے لوگوں کے دلوں میں ہلچل مچا رکھی تھی۔ یہ پیر کا دن تھا۔ عراق کے شاہ فیصل اول، مفتی اعظم عراق، اراکین پارلیمنٹ اور دوسرے لاکھوں افراد کی موجودگی میں مزاراتِ مُبارکہ کھولے گئے تو واقع حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مُبارک میں پانی آ چکا تھا اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مُبارک میں نمی آ چکی تھی۔ ایک کرین کے ذریعے جس میں پھاوڑے کے پھل کی طرح کا پھل لگا تھا اور اُسی پر ایک اسٹریچر لگا دی گئی تھی، حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زمین سے اِس طرح اُٹھایا گیا کہ آپ کا جسدِ مبارک کرین پر خود بخود آ گیا، اسٹریچر کو کرین سے الگ کر دیا گیا اور شاہ عراق، مفتی اعظم، شہزادہ فاروق اور ترکی کے وزیر مختار نے کندھے دیئے اور بڑی احتیاط اور احترام سے شیشے کے ایک بکس میں رکھ دیا گیا اور اسی طرح حضرت جابرؓ کے جسد مُبارک کو بھی مزار مُبارک سے نکالا گیا۔ اجسادِ مُبارکہ کا کفن حتیٰ کہ ریش ہائے مُبارک کے بال تک بالکل صحیح حالت میں تھے۔ اِن کو دیکھ کر ہرگز یہ اندازہ نہ ہوتا تھا کہ یہ تیرہ سو سال پہلے کے اجساد ہیں، بلکہ یہ گمان ہوتا تھا کہ اُن کو رحلت فرمائے صرف دو یا تین گھنٹے گزرے ہیں اور سب سے حیرت زدہ بات یہ تھی کہ دونوں اصحابہ کرام کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں اور اُن میں اتنی پُراسرار چمک تھی کہ لوگوں نے چاہا کہ وہ بار بار دیکھتے رہیں۔ لیکن اُن کی آنکھیں اُس چمک دمک کے آگے ٹھہرتی ہی نہ تھی۔ ٹھہر بھی کیسے سکتی تھیں۔ جن آنکھوں نے فخر الانبیاء، سرور کائنات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا۔ اس واقعہ کو دیکھ کر ایک شہرت یافتہ جرمن ماہر چشم اُسی وقت ایمان لے آیا اور مفتی اعظم عراق کے دست مُبارک پر مشرف بہ اسلام ہوا۔ علاوہ ازیں بہت سے دوسرے نصرانی اور یہودی بھی دائرہ اسلام میں داخل ہو کر اپنی عاقبت سنوار گئے۔ یہ کاروائی پانچ لاکھ مجمع

Marfat.com

کو تیس فٹ لمبی اور بیس فٹ چوڑی سکرین پر بذریعہ ٹیلی ویژن کیمرہ دکھائی گئی اور بعد میں بغداد کے سینماؤں میں بھی فلم منظر عام پر لائی گئی۔

اب آپ کے مزارات شریف سلمان پاک میں واقع ہیں۔ جہاں حضرت سلمان فارسی نقشبندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار اقدس ہے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ مدائن کے گورنر کی حیثیت سے اسلام کی خدمت سر انجام دیتے رہے اور اپنی ساری کی ساری تنخواہ ہر ماہ غُربا میں تقسیم کر دیا کرتے تھے اور خود کھجُور کے پتوں کی چیزیں بنا کر بازار میں فروخت کر کے گزر اوقات کیا کرتے تھے۔ حالانکہ آپ باغات کے مالک تھے۔ جہاں فخر الانبیاء سرور کائنات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے ایک کھجور کا پودا لگایا تھا، جو کہ تقریباً تیرہ سو سال پھل دیتا رہا۔

مندرجہ بالا واقعہ صداقت اسلام کی ایک زندہ جاوید مثال ہے۔ لہٰذا میری حکومت پاکستان سے استدعا ہے کہ یہ فلم حکومت عراق سے حاصل کر کے ٹیلی ویژن پر دکھائی جائے تاکہ تمام مسلمانوں بالخصوص غیر مسلموں کا اسلام کی طرف رغبت ہو۔

یہ واقعہ مؤلّف نے روزنامہ جنگ کی اشاعت ۶ فروری ۱۹۸۳ء اور دوسرے ذریعہ سے حاصل کیا۔ جن کا میں تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

الحاج صاحبزادہ محمّد سلیم شامی نقشبندی عفی عنہٗ

Marfat.com

حضرات نقشبندیہ احسنیہ مجددیہ بنوریہ

كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ۔ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ✲ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا

شجرۂ طریقت

یا حبذا عبد النبی معطیرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"نِعْمَ النَّبِیُّ بِعَبْدِہٖ مُعْطِیْرٌ"

کیا ہی عجیب رُوحانی تازگی حاصل ہوتی ہے، جب کہ نبی پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم اپنے خادم (حضرت عبدالنّبی شامی رحمۃ اللہ علیہ) کو عطر لگانے کی خدمت ادا کرتا ہوا دیکھتے ہیں

○

(۱) بِاِسْمِ اللّٰہِ اَرْحَمَ ذِالنَّوَالِ
غُفُوْرِ الذَّنْبِ بِالصِّفَۃِ الْکَمَالِ

(۲) بِحَمْدِ اللّٰہِ وَالشُّکْرِ الْکَمَالِ
ھَدَانِیْ اَحْسَنَ الطُّرُقِ الْجَمَالِ

(۳) ھَدیٰ خُلْقاً صِرَاطاً مُّسْتَقِیْماً
بِدِیْنِ الْحَقِ فِی الْاَدْیَانِ عَالِی

(۴) وَصَلِّ عَلٰی رَسُوْلِکَ خَیْرِ خَلْقٍ
عَلَی الْخُلَفَاءِ وَالصَّحْبِ الْعَوَالِ

(۵) وَلَوْلَاہُ لَمَا خُلِقَ الْبَرَایَا
مُحَمَّدٌ مُجْتَبیٰ خَیْرُ الْخِصَالِ

Marfat.com

(۶) وَ صِدِّیقٍ وَّ فَارُوْقٍ عَلِیٍّ
وَعُثْمَانِ غَنِیٍّ ذِالنَّوَال

(۷) صَلٰوۃٌ دَائِمًا اَبَدًا سَلَامًا
لِاَهْلِ الْبَیْتِ هُمْ خَیْرُ الْاَهَال

(۸) بِبَرَکَۃِ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ اَبَدًا
وَقِنِی مَسْلَکَ السُّبُلِ الضَّلَال

(۹) وَبِسِلْسِلَۃِ مَشَائِخِ الطَّرِیْقَۃِ
عَلٰی تَرْتِیْبِ عِقْدٍ کَاللَّدَال

(۱۰) فَسَلْمَانٌ تَشَبَّثَ ذَیْلِ صِدْقٍ
صِدِّیْقٍ کَامِلِ الْاَوْصَافِ عَالِی
صِدِّیْقٍ کَامِلٍ مِنْ غَیْرِ ال

(۱۱) وَبِسَّلْمَانَ مَلَّ الْاَرْضِ عَدْلًا
تَلَا لَاَ نُوْرُہٗ بَدْرَ الْکَمَال

(۱۲) فَسَلْمَانٌ جَلِیْلُ الْقَدْرِ شَرَفًا
لِاَهْلِ الْخَیْرِ طَلَبًا کَالْمِثَال

(۱۳) مُحَمَّدُ قَاسِمٍ بَحْرُ الْعَطَایَا
وَحَضْرَۃِ جَعْفَرٍ عَلَمُ الْمَعَال

(۱۴) وَفِی بُسْتَانَ حَضْرَتُ بَایَزِیْدِ
لِکُلِّ طَالِبٍ بَحْرُ النَّوَال

Marfat.com

۱۵ وَفِی خَرْقَانَ حَضْرَتُنَا اَبُوالْحَسَن
بَانْوَارٍ تَلَاءُ لَاۤ کَالِلدَّالِ

۱۶ سَقَی فَیْضاً وَفِی حَزْناً سَفِیناً
وَبِالْکِبْرِیْتِ اَحْمَرَ لَامِثَالِ

۱۷ هُوَالْفَوْثُ الْاَجَلُ بِلَا کَلَامٍ
لِاَهْلِ الْخَیْرِ بَحْرُہٗ لَاۤ زَوَالِ

۱۸ وَشَیْخُ اَحْمَدِیْ وَالشَّیْخُ مَنْصُوْر
کِلَا الشَّیْخَیْنِ کَالْبَدْرِ الْکَمَالِ

۱۹ وَحَضْرَتُ فَارْمِیْدِیّ وَّ یَعْقُدُکْ
وَعَبْدُالْخَالِقِ الْفَضْلُ الْکَمَالِ

۲۰ مُحَمَّدْ عَارِفٍ دِیُوکَرِیِ
وَّ مَحْمُوْدٍ بِخَیْرٍ لَاۤزَوَالِ

۲۱ وَسَمَّاسُ اِلیٰ مِیْرِ کَلَالِ
هُمَا کَالْبَحْرِ زَخَّارِ النَّوَالِ

۲۲ بِهَاءُ الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا نَقْشَبَنْدِ
بِحَارُالْفَیْضِ جَارٍ لَاۤ زَوَالِ

۲۳ وَیَعْقُوْبُ وَّ اَمْرَارِہٖ زُبَیْرُہٗ
وَدُرْوَیْشُ کَدُرٍّ لَاۤ مِثَالِ

۲۴ وَحَضْرَتُ بَاقِیْ بِاللّٰہِ بَحْرُہٗ
مِنْ الْاَبْحَارِ هِنْدٍ لَاۤ زَوَالِ

Marfat.com

مِنَ الْاَبْحَارِ فَیْضٍ لَا زَوَال
مِنَ الْاَبْحَارِ مَعْنًی لَا زَوَال

۲۵ مُجَدِّدُ اَلْفِ ثَانِیْ شَیْخَ اَحْمَدُ
مُجَدِّدُ اَلْفِ ثَانِ شَیْخَ سَرْهَنْد
مُجَدِّدِ دِیْنِ اَحْمَدَ بِالْکَمَال

۲۶ فَحَضْرَۃُ شَیْخِنَا الْاٰدَمْ بِنَوْرِی
رَوٰی خَلْقاً بِفَیْضٍ کَالزُّلَال

۲۷ وَحَضْرَۃُ شَاہ شَرِیْفٍ مُتَّقِیّ
لَہٗ شَرَفٌ کَا غَلَامِ الْجِبَال
ھَدٰی خَلْقاً کَا غُلَامِ الْجِبَال

۲۸ وَحَضْرَتُ شَیْخِ عَبْدِ اللّٰہِ سلطانپوری
کَبَحْرِ زَاخِرٍ دُرَرَ اللّٰہ لِیْ

۲۹ فَشَیْخ طَاھِرہ غَوْثُ الْعَوَالِمْ
غَاثَ الْخَلْقَ بِالْاَعْلٰی الْکَمَال

۳۰ ھُوَ الْبَحْرُ الْخِضَمُّ لِفَیْضِ آدَمْ
وَخِضْرُ نَجَاۃِ حَوْمَاۃِ الضَّلَال

۳۱ وَتَاجُ الْعَارِفِیْنَ عَبْدُ النَّبِیِّ
وَمِعْطِیْرَ النَّبِیِّ بِلَا مِثَال

۳۲ لِبَلْدَۃَ شَامِ چَوْرَاسِی فَخَارہ
لِبَنْلِ الْہِنْدِ کَا الْبَدْرِ الْکَمَال

Marfat.com

۳۳ مُحَمَّدُ شَہرِ یارِ الْمُلْکِ مَقْی
تَلَمَّذَ بِالْفُیُوْضَاتِ الْکَمَالِ

۳۴ بِحَضْرَتِنَا کَلِیْمُ اللهِ خُصَّتْ
کُنُوْزَ الْکَشْفِ بِالْفَجْرِ الْکَمَالِ

۳۵ غُلَامُ رَسُوْلِہٖ مَعْنًی وَّحُکْماً
هُوَالْقُطْبُ الْمُسَلَّمُ لَا زَوَالِ

۳۶ مُحَمَّدْ بَحْرَ یَابِ الْاَصْلِ مَعْنًی
وَ قُطْبُ الدِّیْنِ اَحْمَدَ لَا مِثَالِ

۳۷ مُحَمَّدُ فَیْضْیَابِ فِی الْعَوَالِمْ
مُحَمَّدُ فَتْحْیَابِ لَا زَوَالِ

۳۸ غُلَامِ نَقْشَبَنْدِ دِیْنِ اَحْمَدْ
تَکَرَّمَ بِالْکَمَالَاتِ الْعَوَالِ
تَکَرَّ بِالْکَرَامَاتِ الْکَمَال

۳۹ بِحَضْرَتِنَا غُلَامِ رَسُوْلِ حَقّ
لِعَبْدِ الْحَقّ فَخْرٌ لَا زَوَال

۴۰ طُفَیْلِ جُمْلَةِ الْحَضَرَاتِ لِلّٰهِ
اَغِثْ یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ عَالْ

۴۱ طُفَیْلِ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ شَرَفاً
طُفَیْلِ سَیِّد الثَّقَلَیْنِ شَرَفاً
تقبل مِنّی مجری دا استُوا ل

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ!

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ شریف

① اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ۔ جو بہت مہربان صاحب عطا، گناہوں کا صفتِ کمال کے ساتھ معاف کرنے والا ہے۔

② اللہ تعالیٰ کی حمد اور کمالِ شکر کے ساتھ جس نے مجھے اچھے راستے کی ہدایت کی۔

③ جس نے مخلوق کو دینِ حق کے ساتھ ہدائیت بخشی سیدھے راستے کی (اُس دین کی) جو تمام ادیان میں بلند ہے۔

④ صلوٰۃ بھیج اپنے رسُول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اوپر جو بہترین مخلوق ہیں اور رحمت ہو اُوپر خلفائے کرامؓ اور صحابہؓ پر جو بلند ہیں۔

⑤ اگر نبی پاک صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نہ ہوتے تو مخلوقات پیدا نہ کی جاتی۔ محمدؐ پاک بہت ہی زیادہ فضیلتوں والے ہیں۔

⑥ اور جناب صدیق اکبر، جناب فاروق اعظم، جناب عثمان غنی اور جناب علی (رضی اللہ عنہم) پر رحمت فرما، جو صاحب عطا ہیں۔

⑦ اہل بیعت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر ہمیشہ ہمیشہ صلوٰۃ وسلام ہو، جن کی عظمت مُسلّمہ ہے۔

⑧ نبی پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم (جو سردار ہیں دونوں جہانوں کے سید و سردار ہیں) کے صدقہ میں مجھے گمراہی کے راستے سے ہمیشہ بچائیو!

Marfat.com

(۹) مشائخ طریقت کا سلسلہ ترتیب کے اِعتبار سے موتیوں کے ہار کی مانند ہے۔

(۱۰) حضرت سلمان (فارسی) رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے سچائی کے دامن کو مضبوطی سے تھاما، صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کامل اوراعلےٰ اوصاف والے ہیں۔

——— صدیق کامل ہیں، بغیر آل کے ———

(۱۱) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمین پر عدل قائم کیا۔ اُن کا نُور چودہویں کے چاند کی طرح چمکتا ہے۔

(۱۲) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرافت کے اعتبار سے جلیل القدر ہیں، اور خیر طلب کرنے والوں کے لئے روشن چراغ ہیں۔

(۱۳) حضرت مُحمّد قاسم رضی اللہ عنہ بحرِ عطا ہیں اور حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عَلَمِ حق کو بلند رکھنے والے ہیں۔

(۱۴) حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے باغ میں ہر طلب رکھنے والے کے لئے بحرِ عطا ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔

(۱۵) اور حضرت ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ کا نُور خرقان میں موتیوں کی طرح چمک رہا ہے۔

(۱۶) فیض پہنچاتے ہیں اور غم سے بچاتے ہیں اور گویا وہ سُرخ گندھک کی طرح ہیں۔

(نوٹ: دُعائے حزب البحر کو کبریت احمر کہا گیا ہے)

(۱۷) کوئی شک نہیں، وہ بہت بڑے غوث ہیں اور اہلِ خیر کے لئے بحرِ لازوال ہیں۔

(۱۸) میرے شیخ احمد اور شیخ منصُور (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما) دونوں چودہویں رات کے چاند کی طرح ہیں۔

(۱۹) حضرت بوعلی فارمدی، حضرت یعقوب اور حضرت عبدالخالق (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم) بہت ہی زیادہ فضیلت والے ہیں۔

Marfat.com

(۲۰) حضرت محمد عارف ریوگری اور محمود فغنوی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما) خیرِ لازوال ہیں۔

(۲۱) حضرت بابا سماسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (سماس) سے لیکر سیّد امیر کلال تک عطاؤں کے بہت بڑے سمندر رہیں۔

(۲۲) حضرت جناب سیّد بہاؤ الدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ دنیائے نقشبندیت میں فیض کے ہمیشہ جاری رہنے والے سمندر ہیں۔

(۲۳) حضرت یعقوب اور حضرت احرار، زبیر اور حضرت درویش (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما) بے مثال موتیوں کی طرح ہیں۔

(۲۴) حضرت باقی باللہؒ ہندوستان کے سمندر ہیں، جو ہمیشہ کے لئے جاری ہیں۔

فیضانِ عام کے لازوال سمندر ہیں

معرفت کے لازوال سمندر ہیں

(۲۵) جناب حضرت مجدّد الف ثانیؒ ہیں شیخ احمدؒ۔ مجدّد الف ثانیؒ ہیں شیخ سرہند (رحمۃ اللہ علیہ) دین احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے باکمال مجدّد ہیں۔

(۲۶) اور ہمارے شیخ حضرت آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ کو مخلوقات کو پوری طرح فیض بانٹتے دیکھا ہے۔

(۲۷) حضرت محمّد شریف متقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ عزت و شرف میں پہاڑوں کی طرح بلند ہیں۔ مخلوقات کے لئے کوہِ ہدایت ہیں۔

(۲۸) حضرت شیخ عبداللہ سلطانپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ گنج جواہرات اور موتیوں کا ہار ہیں۔

(۲۹) جناب حضرت شیخ سیّد محمّد طاہر رحمۃ اللہ علیہ غوثِ عالم ہیں۔ مخلوقات کی رہنمائی میں کمال درجہ محنت کرتے ہیں۔

(۳۰) وہ سمندر ہیں اور فیض دینے والے لوگوں کے خضرِ راہ ہیں۔ آدمیت کے لئے

Marfat.com

(گمراہی کے راستہ سے بچانے والے ہیں۔)

(۳۱) جناب حضرت عبدالنبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تاج العارفین ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے عطر لگانے والے ہیں۔ جس کی مثال نہیں۔

(۳۲) شام چوراسی شہر کے لئے فخر ہیں اور ہندوستان کی چودھویں کے چاند کی روشنی ہیں۔

(۳۳) حضرت محمدؒ شہر یارؒ ملک حقیقتاً بہت زیادہ فیض حاصل کرنے والے شاگرد ہیں۔

(۳۴) ہمارے حضرت کلیم اللہؒ خاص کر کشف کے خزانے ہیں اور ہم یہ کمال فخر سے کہتے ہیں۔

(۳۵) حضرت غلام رسول رحمۃ اللہ علیہ واقعی مسلمانوں کے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قُطب ہیں۔

(۳۶) مُحمدؐ پانے والے ہیں حقائق کے اور احمد بے مثل قطب دین ہیں۔

(۳۷) مُحمدؐ فیض یاب جہانوں میں ، مُحمدؐ فتح یاب ہیں ہمیشہ ہمیشہ

(۳۸) غلام نقشبند دین احمد اعلےٰ کمالات والے اور مکرم ہیں۔ کراماتِ وافرہ سے مکرم ہیں۔

(۳۹) ہمارے پیر حضرت غلام رسول رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صاحبِ مرتبہ ہیں۔ حق کے بندے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے فخر ہیں۔

(۴۰) تمام حضرات کا صدقہ اے سرداروں کے سردار اللہ کے لئے ہماری مدد فرما۔

(۴۱) سیّدالکونینؐ کی عظمت کے صدقہ میں اس سائلِ عاجز کی مرادیں پوری فرما۔ اور طفیل سیّدالثقلینؐ کی عزت کے واسطے۔

عطیّہ

الحاج صاحبزادہ فیض الرحمٰن شامی

خلف

صاحبزادہ مُبارک مند شامی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرۂ سلسلۂ نقشبندیہ احسنیہ

نمبر شمار	اسمائے گرامی	تاریخ وصال معہ دن — مطابق ہجری	مطابق عیسوی	مقام مزار شریف	عمر مبارک ہجری سال
۱	فخرُالانبیاء رسالت مآب سرورِ کائنات رسُولِ مقبُول حضرت مُحمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم	دوشنبہ ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱ھ	پیر ۸ جون ۶۳۲ء	مسجد نبوی مدینہ منورہ	۶۳
۲	حضرت امیرالمومنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	سہ شنبہ ۲۲ جمادی الآخر ۱۳ھ	منگل ۱۶ اگست ۶۳۴ھ	مسجد نبوی مدینہ منورہ	۶۳
۳	حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ	سہ شنبہ ۱۰ رجب المرجب ۳۳ھ	منگل ۴ فروری ۶۵۴ء	مدائن عراق	۱۵۰
۴	حضرت امام قاسم بن مُحمّد بن ابوبکر رضی اللہ عنہم	سہ شنبہ ۲۴ جمادی الاوّل ۱۰۱ھ	منگل ۱۲ دسمبر ۷۱۹ء	جنت البقیع مدینہ منورہ	۷۲
۵	حضرت خواجہ سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ	جمعہ ۱۵ رجب المرجب ۱۴۸ھ	جمعہ ۶ ستمبر ۷۶۵ء	جنت البقیع مدینہ منورہ	۶۸
۶	سُلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی قُدّس سرہٗ العزیز	چہارشنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۲۶۱ھ	بدھ ۲۵ مئی ۸۷۵ء	بُسطام ایران	۱۲۵
۷	حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی قُدّس سرّہٗ العزیز	شنبہ ۱۵ رمضان المبارک ۴۲۵ھ	ہفتہ ۳ اگست ۱۰۳۴ء	خرقان ایران	۷۳
۸	حضرت خواجہ ابوالقاسم گرگانی قُدّس سرّہٗ العزیز	سہ شنبہ ۲۳ صفر ۴۵۰ھ	منگل ۲۱ اپریل ۱۰۵۸ء	طوس ایران	۰۰
۹	حضرت خواجہ ابوعلی فارمدی طُوسی قُدّس سرّہٗ العزیز	جمعہ ۴ ربیع الاوّل ۵۱۱ھ	جمعہ ۶ جولائی ۱۱۱۷ء	طوس، مشہد ایران	۷۷
۱۰	حضرت یعقوب یوسف ہمدانی قُدّس سرّہٗ العزیز	شنبہ ۲۰ رجب المرجب ۵۳۵ھ	ہفتہ یکم مارچ ۱۱۴۱ء	مرو روس	۹۶
۱۱	حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قُدّس سرّہٗ العزیز	جمعہ ۱۲ ربیع الاول ۵۷۵ھ	جمعہ ۱۷ اگست ۱۱۷۹ء	غجدوان روس	۰۰
۱۲	حضرت خواجہ مُحمّد عارف ریوگری قُدّس سرّہٗ العزیز	سہ شنبہ یکم شوال ۶۱۶ھ	منگل ۱۰ دسمبر ۱۲۱۹ء	ریوگر، بخارا روس	۰۰

Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	تاریخ وصال معہ دن: مطابق ہجری	تاریخ وصال معہ دن: مطابق عیسوی	مقام مزار شریف	عمر مبارک ہجری سال
۱۳	حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی قدس سرہ العزیز	دوشنبہ ۱۷ ربیع الاول ۷۱۷ھ	پیر ۳۰ مئی ۱۳۱۷ء	فغنہ روس	۰۰
۱۴	حضرت خواجہ عزیزان شاہ علی رامتینی قدس سرہ العزیز	سہ شنبہ ۲۷ رمضان المبارک ۷۲۱ھ	منگل ۲۰ اکتوبر ۱۳۲۱ء	خوارزم روس	۱۳۰
۱۵	حضرت خواجہ محمد بابا سماسی قدس سرہ العزیز	چہار شنبہ ۱۰ جمادی الآخر ۷۵۵ھ	بدھ ۲ جولائی ۱۳۵۴ء	سماس۔ بخارا روس	۰۰
۱۶	حضرت خواجہ شمس الدین سید میر کلال قدس سرہ العزیز	پنجشنبہ ۱۳ جمادی الآخر ۷۷۲ھ	جمعرات ۲ جنوری ۱۳۷۱ء	سوخار۔ بخارا روس	۰۰
۱۷	شیخ المشائخ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ العزیز	دوشنبہ ۲ ربیع الاول ۷۹۱ھ	پیر یکم مارچ ۱۳۸۹ء	بخارا روس	۸۳ سال ۲ ماہ
۱۸	حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس سرہ العزیز۔	شنبہ ۵ صفر المظفر ۸۵۱ھ	ہفتہ ۲۲ اپریل ۱۴۴۷ء	قصبہ بلغنور ماوراء النہر۔ روس	۰۰
۱۹	حضرت خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرار قدس سرہ العزیز	شنبہ ۲۹ ربیع الاول ۸۹۵ھ	ہفتہ ۲۰ فروری ۱۴۹۰ء	سمرقند روس	۸۸ سال ۷ ماہ
۲۰	حضرت مولانا محمد زاہد وخشی قدس سرہ العزیز	چہار شنبہ یکم ربیع الاول ۹۳۶ھ	بدھ ۳ نومبر ۱۵۲۹ء	وخش ایران	۰۰
۲۱	حضرت خواجہ درویش محمد قدس سرہ العزیز	پنجشنبہ ۱۸ محرم الحرام ۹۷۰ھ	جمعرات ۱۷ ستمبر ۱۵۶۲ء	موضع العزاز خراسان	۰۰
۲۲	حضرت مولانا خواجگی امکنگی قدس سرہ العزیز	چہار شنبہ ۲۲ شعبان المعظم ۱۰۰۸ھ	بدھ ۲۶ فروری ۱۶۰۰ء	موضع امکنگ نزد بخارا۔ روس	۹۰
۲۳	کامل اکمل حضرت سید رضی الدین محمد باقی المعروف بہ خواجہ باقی باللہ قدس سرہ العزیز	یک شنبہ ۲۵ جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ	اتوار ۲۰ نومبر ۱۶۰۳ء	دہلی بھارت	۴۱
۲۴	امام ربانی مجدد الف ثانی غوث صمدانی حضرت شیخ احمد فاروقی المعروف بہ سرہندی قدس سرہ العزیز	سہ شنبہ ۲۸ صفر المظفر ۱۰۳۴ھ	منگل ۳۰ نومبر ۱۶۲۴ء	سرہند شریف بھارت	۶۲ سال ۴ ماہ ۱۴ دن
۲۵	قطب الاقطاب سید آدم بنوری قدس سرہ العزیز	جمعہ ۱۳ شوال ۱۰۵۳ھ	جمعہ ۱۹ جنوری ۱۶۴۴ء	جنت البقیع مدینہ منورہ	۶۳
۲۶	غوث زمان حضرت محمد شریف متقی شاہ آبادی قدس سرہ العزیز	۱۰۸۳ھ	۱۶۷۲ء	موضع شاہ آباد انبالہ۔ بھارت	۶۲
۲۷	سلطان العارفین حضرت حاجی عبد اللہ سلطانپوری قدس سرہ العزیز	۱۱۰۶ھ	۱۶۹۴ء	مغلپورہ، دہلی بھارت	۱۲۰

Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	تاریخ وصال معہ دن — مطابق ہجری	تاریخ وصال معہ دن — مطابق عیسوی	مقام مزار شریف	عمر مبارک ہجری سال
۲۸	قطب عالم حضرت حاجی سید محمدؐ طاہر عالمپوری قدس سرہٗ العزیز۔	دو شنبہ ۱۷ جمادی الاوّل ۱۱۱۹ھ	منگل ۱۵ اگست ۱۷۰۷ء	عالمپور ضلع ہوشیارپور بھارت	۱۱۸
۲۹	تاج العارفین قطب الاقطاب حضرت شیخ عبدالنبی شامی قدس سرہ العزیز	چہارشنبہ ۲۲ ربیع الاوّل ۱۱۴۶ھ	بدھ ۲۲ اگست ۱۷۳۳ء	شاہچوراسی ضلع ہوشیارپور بھارت	۱۱۷سال ۵ ماہ ۲۳ دن

خلفائے تاج العارفین قطب الاقطاب
حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی قدس سرہٗ العزیز

(۱) فضیلت مآب حضرت شیخ علی احمد سہارنپوری قدس سرہٗ العزیز۔

(۲) اشرف الاخوان حضرت میاں محمدؐ اشرف قدس سرہٗ العزیز۔

(۳) حضرت حافظ محمدؐ مکمل قدس سرہٗ العزیز۔

(۴) حضرت میاں محمدؐ قاسم قدس سرہٗ العزیز۔

(۵) فضیلت مآب حضرت شیخ عبدالہادی قدس سرہٗ العزیز

(۶) حضرت میاں محمدؐ شہریار قدس سرہٗ العزیز۔

(۷) حضرت مولانا جان محمدؐ جالندھری قدس سرہٗ العزیز۔

(۸) حضرت شیخ عاشق محمد جالندھری قدس سرہٗ العزیز۔

(۹) حضرت حافظ محمدؐ حسین قدس سرہٗ العزیز

الحاج صاحبزادہ محمدؐ سلیم شامی نقشبندی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ نقش حضور تاج العارفین قطب الاقطاب حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی قدس سرہٗ العزیز المعروف بہ "حضرت باباجی" رحمۃ اللہ علیہ ساکن شامچوراسی ضلع ہوشیار پور (بھارت) کا ہے۔ جو کہ آپؒ نے دفع جنات۔ آسیب۔ سحر۔ جادو وغیرہ کے لئے تحریر فرمایا۔ جو نہایت مجرب اور زود اثر ہے۔ لکھکر مریض کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت اور تندرستی حاصل ہوگی۔



Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل ھو اللہ احد ۝ اللہ الصمد ۝ لم یلد ولم یولد ۝ ولم یکن لہ کفوا احد ۝

تاجُ العارفین قُطبُ الاقطاب

حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

المعروف بہ "باباجی"

بھارت کے صوبہ مشرقی پنجاب میں جالندھر ہوشیارپور شاہراہ پر ایک قصبہ شام چوراسی واقع ہے۔ یہ بستی بہت قدیم اور تاریخی حیثیت کی حامل ہے۔ اس کی بنیاد مہاراجہ ہرش وردھن کے عہد میں رکھی گئی۔ جس کا دورِ حکومت (۶۰۶ء—۶۴۸ء) تک رہا۔ لیکن فی الحقیقت قصبہ شام چوراسی کی اصل وجہ شہرت اس بنا پر ہے کہ یہ مقام تاجُ العارفین قُطبُ الاقطاب حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ "باباجی"، شامی صاحب کا مولود منشاء اور آخری آرامگاہ ہے۔

خاندان

حضرت باباجی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد دیوان بوہڑہ مل بہل کھتری مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر (عہد ۱۵۵۶ء تا ۱۶۰۵ء) کے دور فرمانروائی علاقہ ہوشیارپور کے کاردار مقرر تھے اور چوراسی گاؤں کا مالیہ وصول کرکے اُسے سرہند شریف کے سرکاری خزانہ میں جمع کروایا کرتے تھے۔ بدقسمتی سے دیوان صاحب کے ہاں کوئی اولادِ نرینہ نہ تھی اور یہ غم انہیں برابر کھائے جاتا تھا۔ وہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یا حی یا قیوم

بَزَغَ الحُبِیبُ المُجتَبیٰ
برگزیدہ محبوب کی روشنی
فِی سُحمَۃِ اللَّیلِ الدُّجیٰ
کالی رات کی سیاہی میں چمکی!
کَالشَّمسِ تُشرِقُ فِی الضُّحیٰ
جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے
صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اکثر سنیاسیوں اور ہندو فقیروں سے دعا کے طلبگار رہتے تھے۔ حسنِ اتفاق سے ایک مرتبہ موصوف سرہند شریف مالیہ جمع کروانے گئے تو بغرض زیارت حضرت مجدد الف ثانیؒ کے آستانہ پر حاضر ہوئے اُس وقت حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ عبادت میں مشغول تھے۔ سرکار مجددؒ کے خادم نے دیوان صاحب سے کہا کہ آپ تشریف رکھیں اور انتظار کریں۔ چند ثانیے کے بعد حضرت مجدد الف ثانی اپنے حجرہ مبارک سے باہر تشریف لے آئے اور دیوان سے بکمال شفقت ملے۔ دیوان صاحب اپنی دلی مدعا بیان بھی نہ کر پائے تھے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ارشاد کیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک سال بعد آپ کے ہاں لڑکا پیدا ہو گا۔ دیوان صاحب یہ سن کر بہت خوش ہوئے۔ آپؒ کے خدام حیران تھے کہ حضرت صاحب تو بادشاہ وقت سے بھی یوں لطف و عنایت سے پیش نہیں آتے، لیکن یہ کیا کہ آپؒ خلافِ معمول ایک غیر مسلم سے یوں ملاقی ہوئے اور اس پر خصوصی عنایت فرمائی۔ آپؒ کو بذریعہ کشف اپنے خادم کے وسوسے کا علم ہو گیا اور ارشاد فرمایا: اس بندے پر اللہ تعالیٰ کا ایک خاص کرم ہونے والا ہے اور اس کے ہاں ایک مردِ کامل پیدا ہو گا۔

ولادت

اس واقعہ کے ایک سال بعد حضرت مجدد الف ثانیؒ کی پیش گوئی کے عین مطابق دیوان صاحب کے ہاں بروز پیر ۲۹ رمضان المبارک ۱۰۲۸ ہجری مطابق ۳۰ اگست ۱۶۱۹ء کو بیٹا پیدا ہوا اس

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَهُوَ الضِّيَاءُ الْمُسْتَضِيْ

آپؐ ایسی روشنی ہیں جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِهٖ سَطَعَ الْهُدٰى

آپؐ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِىْ صُبْحِ لَيْلِ الْيَلَا

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

ساعت تمام گھر میں ایک روشنی نمودار ہوئی۔ جس سے گوشہ گوشہ منور ہو گیا۔ نومولود نے سارا دن اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ نہ پیا، البتہ شام کو افطاری کے وقت دودھ پیا۔ اس طرح آپؐ نے گویا پہلا روزہ رکھا۔ جب آپؐ بڑے ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ مجھے اللہ سبحانہ تعالیٰ نے بچپن میں قوتِ گویائی عطا فرمائی تھی مگر میں نے کلام نہ کیا کہ مجھے جن یا بھوت سمجھ کر کہیں گزند نہ پہنچائیں۔ آپؐ کا ہندوانہ نام لالہ بھوپت رائے رکھا گیا۔ اس وقت شام چوراسی میں مسلمانوں کی آبادی بہت قلیل تھی اور ہندوؤں کا بہت زور شور تھا۔

ابتدائی تعلیم

دیوان صاحب نے بیٹے کی تعلیم کے لئے ایک مسلمان اُستاد کی خدمات حاصل کیں۔ اس ذہین بچے نے سات سال کی عمر میں شیخ سعدی کی گلستان ختم کر کے بوستان شروع کی۔ ایک روز دورانِ سبق جب آپؐ ان اشعار پر پہنچے ؎

خلافِ پیغمبر کسے رہ گزید — کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

محال است سعدی کہ راہ صفا — تواں یافت جز در پئے مصطفیٰؐ

تو آپؐ کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ آپؐ کا سُکھ چین برہم ہو گیا اور کسی کام میں جی نہیں لگتا تھا۔ بالآخر آپؐ نے اپنے اُستاد سے کہا کہ مجھے دائرہ اسلام میں داخل کر کے راہِ صفا دکھا دیں آپؐ

Marfat.com

یا حی — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یا قیوم

وھو الرسول المقتدی
آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے
منہ الشفاعۃ ترتجی
آپ سے شفاعت کی امید ہے
بجمالہ خمد اللظی
آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا
صلوا علیہ وسلموا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

کے اُستادِ محترم کچھ عرصہ تک ٹالتے رہے، مگر اس ٹال مٹول سے آپؒ کے قلب کی کیفیت دِگرگوں ہونے لگی۔

قبولِ اسلام

قبولِ اسلام کے شوق نے جب آپؒ کو سخت بے چین کر دیا تو ایک رات خواب میں فخرالانبیاء رسالت مآب سرور کائنات رسولِ مقبول حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے آپؒ کو بنفسِ نفیس کلمۂ طیبہ کی تلقین فرمائی۔ جب آپؒ نے اپنے استادِ محترم کو یہ خوشخبری سُنائی تو وہ انتہائی مسرور ہوئے اور آپؒ کو مُبارک دی اور پھر آپؒ کو حضرت سیّد عبدالوہابؒ قادریؒ کے پاس لے گئے۔ جنہوں نے آپؒ کو کلمہ طیبہ پڑھایا اور دینِ اسلام کے ارکان کی تعلیم دی۔ آپؒ کا الہامی نام عبدالنبی رکھا گیا۔

جناب عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ کے قلب پر ابتداء ہی سے کچھ ایسی کیفیت وارد ہوتی تھی جسے دیکھکر آپؒ کے اہلِ خاندان اور قصبہ کے دیگر لوگ حیران پریشان ہو جاتے تھے۔ آپؒ کو دینِ حق کی راہ سے ہٹانے کے لئے قبیلہ والوں نے آپ پر بہت سختیاں کیں۔ مگر آپؒ نے انہیں بخوشی برداشت کیا۔ لیکن راہِ حق سے ہرگز نہ ہٹے۔ جب آپؒ کے مسلمان ہونے کی خبر آپؒ کے خسر لالہ راماں مل کو ملی جو سری گوبند پور کے رہنے والے تھے تو انھوں نے اپنے داماد کو ترکِ اسلام

ا؎ آپؒ حضرت جان محمد حضوری رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے ہیں اور آپ کا مزارِ مُبارک گڑھی شاہو لاہور میں واقع ہے۔

Marfat.com

یا حی   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا قیوم

عشق الالٰہ لوجہہ

آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

الہ العقول لدرکہ

انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وبحسنہ تاہ النھیٰ

آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صلوا علیہ وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

کی تاکید و نصیحت کی۔ آپؒ نے جواباً یہ دوہا لکھ بھیجا۔

تھالی بھن رکابی تے پونکا بھن مسیت

آکھیں سُوہرے رامے نوں ساڈی اللہ نال پریت

بیعت

ایک روز کسی بات پر خفا ہو کر آپؒ کے والد مارنے کے لئے اُٹھے، لیکن آپؒ بھاگ اُٹھے، گھر چھوڑا اور شام چوراسی کو خیر باد کہا۔ چلتے چلاتے سُلطان پور لودھی (ضلع کپور تھلہ) مشرقی پنجاب کے نواح میں پہنچے تھے کہ وہاں کے ایک مردِ کامل پیر طریقت حضرت حاجی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ (جو پالکی میں سوار شہر سے کہیں باہر جا رہے تھے) کو رُوحانی طور سے آپؒ کی آمد کی اطلاع ہوئی، انھوں نے کہاروں کو پالکی ٹھہرانے کی ہدایت کی اور فرمایا کہ "وہ ایک مردِ خدا آ رہا ہے" تھوڑی دیر بعد سامنے سے گرد اڑتی دکھائی دی اور چند ساعت بعد عبدالنبی صاحبؒ موجود تھے حاجی صاحبؒ پکارے کہ لو اللہ کا پیارا بندہ آگیا ہے۔ آپؒ نے حاجی صاحبؒ کو سلام عرض کیا اور اُن کے ہمراہ سُلطان پور چلے آئے۔ سُلطان پور لودھی اُس زمانہ میں علوم اسلامی کا ایک بڑا مرکز تھا، مسلم سلاطین کے عہد میں ایک بارونق شہر تھا۔ شہزادہ، دارا شکوہ، اورنگ زیب عالمگیر اور دیگر کئی ایک مغل شہزادوں کی ابتدائی اسلامی تعلیم یہیں ہوئی تھی۔

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

نَطَقَ الْحَجَرُ لِكَلَامِهِ

پتھر آپ کے کلام سن کر بول اٹھے

حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِهِ

درخت آپ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں

وَبِفَقْرِهِ جَاءَ الْغِنٰى

آپ کی عزت کو دیکھ کر دولت آئی مگر آپ نے منظور نہ فرمائی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو !!

شیخ عبد النبی صاحبؒ کا باطن تو پیدائش کے وقت سے ہی انوارِ الٰہی سے روشن تھا، لیکن علوم ظاہری کی تکمیل آپؒ نے حضرت حاجی عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے فیض صحبت سے بہم پہنچائی۔ حضرت حاجی عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے اور سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ سے منسلک ہو گئے۔ حضرت حاجی عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ آپؒ پر خصوصی توجّہ فرماتے اور بڑی محبّت اور شفقت سے پیش آتے تھے، لیکن آپ کو خرقۂ خلافت اپنے پیر بھائی قطب عالم حضرت حاجی سید محمدؒ طاہر عالم پوریؒ سے حاصل ہوا۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ آپؒ کے پیر و مرشد حاجی محمد عبد اللہ قطبُ الاقطاب حضرت سیّد آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے، لیکن خرقۂ خلافت انہیں اپنے پیر بھائی غوث زمان حضرت حاجی محمد شریف مُتقی شاہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ سے ملا۔ یاد رہے کہ حضرت سیّد آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ براہِ راست حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور آپؒ کے خلیفہ اول تھے۔

پیر و مرشد قطب عالم حضرت حاجی سیّد محمدؒ طاہر عالمپوریؒ کے مختصر حالات

موصوف کا سادات کابل کے ایک معزز خاندان سے تعلق تھا۔ آپؒ کے والد ماجد صاحب مرتبہ بزرگ تھے۔ اُن کا اِسم گرامی سیّد عبد الرحمٰن تھا۔ پیشہ گھوڑوں کی سوداگری تھا۔ ایک بار کابل سے دہلی گئے اور ایک مجذوب کا شہرہ سُن کر اُس سے ملنے گئے۔ وہ مجذوب ہر وقت ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتا تھا اور کسی پر ملتفت نہ ہوتا تھا۔ مگر آپؒ کو دیکھتے ہی اس نے عارفانہ انداز میں گفتگو

Marfat.com

یا حیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیّوم

وَلِهُ الْوَصِيْفُ بِمَدْحِهٖ

تعریف کرنے والا آپ کی مدح پر عاشق ہے

كَلَّ الْمَدِيْحُ بِوَصْفِهٖ

مدح آپ کے وصف سے عاجز ہیں!

وَبِشَوْقِهٖ لَا لَا الْمَلَا

آپ کا شوق تمام دنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

کی اور فرمایا کہ بے ثبات دنیا کے کس دھندے میں لگے ہوئے ہو۔ مجذوبانہ کیفیت کا اثر آپ کی طبع پر ایسا پڑا کہ آپ نے فوراً اپنا سارا مال و متاع فی سبیل اللہ غربا میں تقسیم کر دیا۔ آپ نے بارہ برس دہلی میں قیام فرمایا اور خدمتِ خلق میں مصروف رہے۔ چنانچہ لوگوں کو پانی پلانے، مفت کپڑے دھونے اور خط بنانے کی خدمات انجام دیتے رہے۔

ایک روز آپ دہلی کے ایک دروازے پر بڑے اُداس کھڑے تھے کہ یکایک ایک درویش نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور کہا: یا شیخ! "لا تقنطوا من رحمۃ اللہ" اور فرمایا کہ آپ کرڑی شریف میں تشریف لے جاویں۔ وہاں ایک شخص شاہ محمد نامی طریقہ نقشبندیہ میں درجہ کمال رکھتا ہے آپ کا بہرۂ فیض اُن کے ہاں ہے۔ سیّد محمد طاہر عالمپوریؒ یہ خوشخبری سُن کر بہت خوش ہوئے اور جانب مقصود روانہ ہوئے۔

جب آپ وہاں پہنچے تو وہی صورت درویش وہاں موجود تھے۔ جنہوں نے آپ کو کرڑی شریف پہنچنے کے لئے کہا تھا۔ اِس کرامت کو دیکھ کر آپ کی ارادت، صدق و عقیدت میں تبدیل ہو گئی اور فوراً بیعت کے لئے درخواست کی جو کہ منظور ہو گئی۔ حضرت شاہ محمدؒ نے آپ کو حکم دیا کہ ہماری مسجد میں پانی کے گھڑے بھر بھر کر دریائے بیاس سے لا کر نمازیوں کے وضو کے واسطے پانی موجود رکھا کرو، لہٰذا آپ ہر روز اپنے سرِ مبارک پر ایک سو چالیس گھڑے پانی کے لایا کرتے تھے اِسی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ یا قیوم

رَافِعَ الرَّفِیعُ مَنَارَہٗ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپؐ کے مینار کو بلند کیا

اَعْلَی الْقَدِیرُ وَقَارَہٗ

قدرت والے خدا نے آپؐ کے اعزاز کو اعلیٰ بنایا

اِنَّا فَتَحْنَا وَالضُّحیٰ

اور انا فتحنا اور والضحیٰ کی سورتوں میں آپؐ کی توصیف ظاہر فرمائی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

طرح چھ سال گزارے۔ گھڑے اُٹھاتے اُٹھاتے آپؒ کے سرِ مبارک میں زخم ہو گئے اور کیڑے پڑ گئے۔ ایک دن اتفاق سے پاؤں پھسل گیا اور گھڑا گر کر ٹوٹ گیا اور سرِ مبارک سے ایک کیڑا بھی زمین پر گر پڑا۔ آپؒ نے فوراً اُسے اٹھا کر سرِ مبارک پر رکھ لیا اور فرمایا کہ میں تو بے وطن ہوں تو کیوں بے گھر ہو رہا ہے۔ گویا آپؒ نے حضرت ایوب علیہ السّلام کی سُنّت ادا کر دی۔ جب یہ معاملہ آپؒ کے پیر و مرشد کو معلوم ہوا تو آپؒ نے حضرت شیخ العالم کے سرِ مبارک پر اپنا لعاب لگایا۔ جس سے آپؒ کا سرِ مبارک فوراً ٹھیک ہو گیا اور فرمایا کہ اب آپؒ مجھے وضو کرایا کریں اور دریا سے پانی لانے کی ضرورت نہیں۔ کچھ دنوں کے بعد آپؒ کو حکم ملا کہ اب آپؒ حضرت محمد شریف مُتّقی شاہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تشریف لے جائیں۔ جب آپ شاہ آباد کے قصد سے روانہ ہوئے۔ اتفاقاً راستہ میں سُلطان پور سے گزر ہوا۔ اُن دِنوں میں حضرت محمد شریف مُتّقی رحمۃ اللہ علیہ نے حاجی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کو دستارِ خلافت و اجازت عطا فرما کر اپنا مجاز بنا کر سُلطان پور میں بھیج دیا تھا، چنانچہ آپؒ نے باقی ماندہ رُوحانی تربیت حضرت حاجی عبداللہؒ سے حاصل کی اور خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ حضرت حاجی عبداللہؒ بعد میں شاہ جہان کے زمانے (۱۶۲۷ء ــــ ۱۶۵۶ء) میں صدر الصدور کے عہدے پر متمکن ہوئے۔

حضرت قطبِ عالم حاجی سید محمد طاہرؒ جب حج سے واپس تشریف لائے تو شاہ عالم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

وَلَكُمْ بِهٖ مِنْ حُجَّةٍ

تمہارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

كَالنُّوْرِ جَالِيْ ظُلْمَةٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دور کرتی ہے

فِي الْمُبْتَدَاءِ وَالْمُنْتَهٰى

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

(۱۷۱۲ء ـــ ۱۷۰۷ء) نے آپ کا استقبال کیا اور آپ سے "القارعتہ ما القارعہ" کا مطلب پوچھا۔ آپ نے فرمایا کیا اس کا مطلب بیان کر دوں یا کہ مشاہدہ کرادوں۔ بادشاہ بہت حیران ہوا، وہ جانتا تھا کہ آپ اُمّی ہیں۔ بادشاہ نے کہا کہ اگر مشاہدہ ہو جائے، تو مناسب ہوگا۔ چنانچہ آپ نے اس آیت کریمہ کا بادشاہ کو مشاہدہ کرا دیا اور وہ آپ کا بے حد معتقد ہو گیا۔

آپ کا وصال بروز منگل ۱۷ جمادی الاوّل ۱۱۱۹ھ مطابق ۵ اگست ۱۷۰۷ء کو عالمپور میں ہوا، وہیں آپ کا مزار مبارک ہے۔ آپ نے سن ہجری کے مطابق ۱۱۸ سال عمر پائی۔

قطب عالم شیخ سید محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال سے تین روز قبل حضرت تاج العارفین کو کسی کام سے روانہ کر دیا تھا، کیونکہ آپ کو معلوم تھا کہ حضرت تاج العارفین صدمہ برداشت نہیں کر سکیں گے۔ آپ نے وصال سے قبل ایک مرید سے پانی منگوایا اور اس پر دم کر کے اُسے دیا کہ یہ شیخ عبدالنبی کو دے دینا۔ پھر ایک خادم کو اپنا عمامہ اور دوسرے کو کُرتہ دے کر تاکید کی کہ یہ شیخ عبدالنبی کی امانت ہیں، اُنہیں دے دی جائیں۔ اُس کے بعد آپ واصل بحق ہو گئے۔

حضرت عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ کو واپسی پر یہ امانتیں ملیں، لیکن مرشد کی جدائی سے آپ بہت ملول ہوئے۔ آپ نے مرشد کا دم کیا ہوا پانی علیحدگی میں جا کر پیا تو فوراً آپ پر نئے نئے اسرار و

Marfat.com

یا حی   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا قیوم

مَلَا الْحَشٰی بِمَحَبَّتِہٖ

دل و جگر کو آپ کی محبت سے بھر دیا

فَلَقَ النَّوٰی بِمَوَدَّتِہٖ

آپ کی محبت نے گٹھلی کو چیر دیا

وَبِلُطْفِہٖ نِلْنَا الْمُنٰی

آپ کی مہربانی سے ہم نے مرادیں حاصل کیں

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

رموزِ روحانی کھلنے لگے۔ دستارِ مبارک اور کرتے کی بابت حضرت سید حاجی محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے صاحبزادے حضرت شیخ محمد موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائش کی۔ آپؒ نے دونوں چیزیں اُنہیں پیش کر دیں۔ لیکن شیخ موسیٰؒ وہ بارِ امانت نہ اُٹھا پائے۔ چنانچہ ہر دو تبرکات لوٹا دیئے گئے۔

مغل شہنشاہ شاہ عالم اوّل نے حضرت شیخ العالم کو دہلی میں طلب کیا، لیکن بادشاہ کے اہلکار کے وہاں پہنچنے سے تین روز قبل اُن کا انتقال ہو گیا تھا، چنانچہ اُن کی جگہ حاجی فیروز شاہؒ دہلی گئے اور بادشاہ سے ملاقات کی۔ آپؒ نے بادشاہ کو بہت سے نصائح فرمائیں اور اُسے رُوحانی توجہ اور دُعائیں دیں۔ دوسری بار جب آپؒ دہلی گئے تو آپؒ نے ایک نہایت مشکل فقہی مسئلہ کو حل فرمایا۔ جو کچھ عرصہ سے بادشاہ اور علماء کے مابین اختلاف کا باعث تھا۔ کئی علمائے حق کو آپؒ کے وسیلہ سے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت ہوئی۔ بادشاہ نے خانقاہی مصارف وغیرہ کے لئے آپؒ کو جاگیر پیش کی، لیکن آپؒ نے قبول نہ کیا۔ جب بادشاہ نے اصرار کیا تو آپ نے بدیں شرط قبول کیا کہ صاحبزادہ حضرت محمد موسیٰ، حضرت تاج العارفین و حضرت حاجی محمد اشرف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے نام جاگیر دے دی جائے اور اُس میں سے کچھ حصہ لے لیں گے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یا حی یا قیوم

شق القمر لمرامہ
آپ نے چاند کو اپنی نبوت ثابت کرنے کے لئے چاک کیا
جاء الملک بسلامہ
فرشتے آپ کے سلام کو حاضر ہوئے
بصلوتہ امر الوری
خلقت کو آپ کی ذات پر درود بھیجنے کا حکم ہوا
صلوا علیہ وسلموا
آپ پر درود اور سلام بھیجو !!

آپؒ کا فنافی الشیخ کا درجہ

حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے تزکیہ نفس کی خاطر ریاضت وعبادت کے ساتھ ساتھ خدمت خلق کو بھی مقدم رکھتے، چنانچہ آپؒ مساجد کے وضو خانوں میں پانی بھرتے اور کئی ایک مزدوروں کے کام میں مدد کردیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ عوام کی بہبود کے لئے کئی ایک ایسے جسمانی مشقت والے کام سرانجام دیتے کہ جن سے عالم اور پیر لوگ عموماً احتراز کرتے اور عار سمجھتے

حضرت تاج العارفینؒ ہمیشہ اپنے آپ کو فقیر ہی نہیں، بلکہ حقیر لکھا کرتے تھے، نقل ہے کہ آپ نے روحانیت کی ایک لاکھ چالیس ہزار منزلیں طے کرکے فنافی الشیخ کا درجہ حاصل کیا۔ اس ضمن میں حضرت سلطان العارفین سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "عین الفقر" میں رقم طراز ہیں کہ فقر کے ستر ہزار مقامات ہیں، فقیر جب تک ان مقامات کو طے نہیں کرلیتا، فقر کا (روحانی) نظارہ نہ خود کرسکتا ہے نہ دوسروں کو دکھا سکتا ہے۔ اسے فقیر کہنا ہی غلط ہے، درحقیقت وہ فقیر نہیں، بلکہ صرف اپنے نفس کے لئے فقیر بنا ہوتا ہے نہ کہ خدا کے لئے اور جب فقیر ان تمام مقامات سے گزر کر عرش تک رسائی پاتا ہے تو اسے افراد کی اور ان کے مراتب کی

Marfat.com

یا حی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا قیوم

لِعُرُوجِہٖ نَزَلَ الْمَلَکُ
آپ کی قدر کو بلند ثابت کرنیکے واسطے فرشتے نازل ہوئے
لِقُدُومِہٖ رُفِعَ الْفَلَکُ
آپ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا
قَدْ جَاءَ فِیْہِ لَقَدْ رَاٰی
آپ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے خدا کا دیدار کیا
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

معرفت حاصل ہو جاتی ہے۔ اصطلاحِ سُلوک میں کامل فقیر اُسے کہتے ہیں کہ جو عرش وکرُسی سے بھی گزر جاتا ہے۔ اُس کا مقام کسی کے فہم وگمان میں بھی نہیں آسکتا، بلکہ وہ سِرّ ہوتا ہے۔ عبد ومعبُود کے درمیان، جس کا کشف کسی بشر سے ممکن نہیں، مگر خدا تعالیٰ عالِم مطلق ہے۔ جس پر چاہے۔ یہ راز ظاہر کر سکتا ہے۔

حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے اپنے مرشدِ اول سُلطان العارفین حضرت حاجی عبداللہ سُلطان پوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ اقدس میں رہ کر فیوض وبرکات حاصل کیں۔ لیکن آپؒ نے زیادہ مدت عالمپور میں قطبِ عالم حضرت سیّد حاجی محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ اقدس میں بسر کی۔ آپؒ نے اپنے پیر ومُرشد کی جس طرح خدمت کی، اس کا صلہ یہ ملا کہ آپؒ کو اعلیٰ کمالاتِ باطنی حاصل ہوئے اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ پر اپنے فضل وکرم سے علم ومعرفت کے دروازے کھول دیئے تھے اور علمِ لُدنی عطا فرمایا۔

حضرت عبداللہ کوہاٹیؒ المعروف بہ حضرت حاجی بہادر سے ملاقات

حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالہ میں بیان فرماتے ہیں کہ:
ایک دفعہ قطبُ الاقطاب حضرت حاجی بہادر کوہاٹی قدس سرہٗ لاہور تشریف لے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی   یا قیوم

نبع الوضوء بركوته

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

كثر الطعام ببركته

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وبكفه نطق الحصى

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صلوا عليه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

گئے اور متواتر پانچ ماہ وہاں پر قیام فرمایا۔ اِس عرصہ میں مقامی عوام وطلباء کو رشد وہدایت کرنے میں آپؒ مصروف تھے۔ جس وقت آپؒ اپنے وطن واپس جانے کی تیاری کرنے لگے تو لاہور کے بلند پایۂ علماء اور عارفین جنہیں ظاہری اور باطنی علوم میں کمالِ دسترس تھی، سب ایک جا ہو کر وفد کی صورت میں صاحب خدا بینؒ سے ملے اور آپؒ سے عرض کیا کہ آپؒ مہربانی کرکے اِستفادہ کے لئے علم التصوّف وعلمِ لدّنی کے معارف وحقائق ایسی جامع ومختصر عبارت میں بیان کر دیں۔ جس طرح کہ "اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ" کی سورۃ قرآن مجید میں مختصر اور جامع ہے۔ یہ سُن کر آپؒ نے خاموشی سادھ لی، تھوڑی دیر کے لئے سر مبارک گریبان میں ڈالا اور سوچ میں پڑ گئے۔ اس کے بعد سر مبارک اُٹھایا اور پاکیزہ کلمات ارشاد فرمائے۔ جنہیں حاضرین نے قلم بند کر لئے:

"اِنْ نَظَرُ الْعَارِفِ بَعْدَ الظُّهُوْرِ عِلْم لَدُنِّی الْاَصْلِیِّ عَلٰی وَجْهَیْنِ اَلْاَوَّلُ اِلَی الذَّاتِ بِالْحُضُوْرِ فِیْهِ. اَلْحُضُوْرُ تَجَلُّوْا الْمَحْضَ تَعَلُّقَ الْمُعَلَّمِ وَالثَّانِیْ اِلَی الصِّفَاتِ مَعَ الْكَمَالَاتِ وَمُقْتَضِیَاتِهِمَا یَتَعَلَّقُ الْمَعْلُوْمِ بِلَاكَیْفِیَّتِهٖ بِنَفْسِ حُضُوْرِ الْعِلْمِ وَعِلْمَ الْحُضُوْرِیْ وَبِكَیْفِیَّتِهٖ وَبِظُهُوْرِ عِلْمِ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نبی   یا محبوب

ذَرَفَ الْعُيُونُ لِوَعْظِهٖ

آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں

وَجِلَ الْقُلُوبُ بِنُصْحِهٖ

دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے

بِدُعَائِهٖ ذَهَبَ الْعَمٰى

آپ کی دعا سے نابینائی دور ہو گئی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

الحضوری فی مراتب علم الحصولی با العرفان للعرفان۔

ترجمہ: عارف کی نظر صحیح علم لدنی کے حاصل ہونے کے بعد دو چیزوں پر ٹھہر جاتی ہے۔ پہلی کیفیت تو اس کی یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ اس کا دھیان حضوری کی کیفیت کے ساتھ جما رہتا ہے اور اُسے یہ حضوری محض اللہ تعالےٰ کے علم کی وجہ سے ہی حاصل ہو جاتی ہے۔ یعنی مشاہدہ کے لئے علم سبب بن جاتا ہے اور عارف کی دوسری نظر اللہ تعالیٰ کی صفات و کمالات اور اُن کے تقاضوں (یعنی صفات سے جو ظہور پذیر ہوتا ہے) پر جمی رہتی ہے اور یہ نظر صفا کے صرف علم کی وجہ سے ہی حاصل ہو جاتی ہے اور علم حضوری یعنی مشاہداتِ ربّانی کے علم کا حصول بھی کسی علوم کی طرح درجہ بدرجہ ہوتا ہے، لیکن اس میں معرفت معرفت کے ذریعہ ہی حاصل ہوتی ہے۔ اس میں کسب کا دخل نہیں ہوتا۔

میرے بھائیو! حق تعالیٰ جل جلالہٗ اپنے خاص دوستوں کو علم لدنی عطا کرتا ہے۔ اس وسیع علم کے مقابلہ میں علماء کے ظاہری کتابی علم کی حیثیت ایسی ہے، جیسے سمندر کے مقابل میں قطرہ۔

پیر و مُرشد کی پیش گوئی

ایک مرتبہ آپؒ کے پیر و مرشد نے فرمایا کہ بیٹا عبدالنبی مجھے اس روز خوشی ہوگی کہ جب تمہاری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیی   یا قیوم

وَاللّٰہِ مَا اُحْصِیْ شَمَا

خدا کی قسم میں آپ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو

ئِلَ فَضْلِہٖ مِنْ رَّبِّنَا

جو ہمارے رب نے آپ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کر سکتا

فَھُوَ النَّبِیُّ الْمُرْتَضٰی

آپ خدا کے پسندیدہ نبی ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

خانقاہ میں سے مجھے دھکے ملیں گے۔ آپ معروض ہوئے کہ یہ بات تصور میں بھی نہیں آ سکتی۔ چند روز گزرے کہ موضع شام چوراسی میں شہزادہ معظم بیگ کا ورود ہوا اور وہ شیخ عبدالنبی کی درگاہ پر برائے ملاقات گیا۔ اسی دوران حضرت قطب عالم رحمۃ اللہ علیہ بھی وہاں پہنچے تو پہرہ داروں نے آپ کو معمولی فقیر سمجھ کر دھکے دے باہر کیا۔ آپ قصبہ کے باہر ندی کنارے ایک تکیہ میں فروکش ہو گئے اور شیخ عبدالنبی شامیؒ کو ایک آدمی کے ذریعہ اطلاع کرائی۔ حضرت شامی اسی دم ننگے پاؤں چل پڑے۔ بڑی عزت و تکریم سے قطب عالم کو آستانہ پر لائے۔ شہزادہ اور دیگر اہلکاروں نے آپ کو تعظیم دی۔ حضرت شامی کثیر دعاؤں سے نوازے گئے اور قطب عالم کی پیشگوئی بھی یوں پوری ہو گئی۔

آپؒ کے خلیفہ مولانا شہریارؒ کی لاہور بدری

حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ جب لاہور تشریف لاتے تو اپنے خلیفہ حضرت مولانا شہریارؒ کے پاس مسجد چینیاں والی میں قیام فرماتے۔ حضرت مولانا شہریارؒ کو بادشاہ احمد شاہ ابدالی نے شہر بدر کر دیا تھا، کیونکہ حضرت شہریارؒ نے اپنے شاگرد مولانا محمد صدیقؒ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "بیٹے! تم اچھی طرح جانتے ہو کہ کون سا ظلم ہے جو ان حملہ آور پٹھانوں نے اہل لاہور پر روا نہیں رکھا۔ انہوں نے امن پسند شہریوں پر جبر و تشدد کی انتہا کر دی ہے۔ کئی مرتبہ بادشاہ سے فریاد

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ　　یا قیوم

أَنَا كَيْفَ أَمْدَحُ بِالثَّنَا

اے حضرت محمد رسول اللہ ! میں آپ کی توصیف

لَكَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّمَا

کیونکر ادا کر سکوں

أَنْتَ الْمُمَجَّدُ بِالَّذِي

آپ اپنی نیا ضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو !

کی گئی، مگر اس نے کوئی تدارک نہ کیا، نہ سپاہیوں کا ہاتھ روکا، نہ سرداروں کو سرزنش کی، اسلام ایسے بادشاہ کو عادل کہنے کی اجازت نہیں دیتا۔" آپ کے یہ الفاظ سُن کر گردو پیش کھڑے ہوئے لوگ تھرّا اُٹھے۔ احمد شاہ ابدالی نے آپؒ کو خاموش کرنا چاہا، مگر آپؒ نے سلسلۂ کلام جاری رکھا۔ آخر احمد شاہ ابدالی نے کہا! حضرت آپ کس کے بارے میں اور کس کے سامنے باتیں کر رہے ہیں؟ مولانا شہریارؒ نے فرمایا! میں خوب جانتا ہوں کہ میرا مخاطب احمد شاہ ابدالی ہے۔ احمد شاہ نے کہا۔ اس گفتگو کا انجام بھی آپؒ کو معلوم ہے تو مولانا نے فرمایا: ہاں شہادت یا جلاوطنی، مگر میں دونوں کے لئے تیار ہوں۔ لہٰذا آپؒ کو احمد شاہ ابدالی نے جلاوطن کر دیا اور مولانا نے ٹانڈہ ضلع ہوشیارپور میں سکونت اختیار کر لی۔ یہاں یہ ذکر کر دینا ضروری ہے۔ مولانا محمد صدیقؒ نے مسجد وزیر خان میں نماز عید کے خطبہ کے دوران احمد شاہ ابدالی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اسے سُلطان العادل کہا تھا۔ جس پر حضرت مولاناؒ نے احتجاج کیا اور ملک بدر ہوئے۔ یہ سب کچھ حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیم و تربیت کا اثر تھا کہ حق بات کہہ دی جائے خواہ اس سے بادشاہ ہی کیوں نہ ناراض ہو۔

شادی

آپؒ کی شادی موضع سری گوبند پور ضلع امرتسر (بھارت) میں ہوئی تھی۔ سسرال کا

Marfat.com

یَا حَیُّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَا قَیُّوْمُ

وَلَقَدْ اُنَادِیْ یَا حَشَا

میں عشق کی شدت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطُّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا

دیکھو تم آنحضرت کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہو رہے ہیں

فَلْطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا

اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

تعلق بیدی کھتری قبیلہ سے تھا۔ جب دوبارہ آپ نے شام چوراسی سکونت اختیار کی تو اپنے بیوی بچوں کو لینے کے لئے سری گوبند پور تشریف لے گئے اور وہاں ایک مسجد میں قیام کیا۔ یہ مسجد دریائے بیاس کے راستہ میں واقع تھی۔ یہاں سے اہلِ ہنود کی عورتیں دریائے بیاس پر نہانے دھونے کے لئے گزرتی تھیں۔ کئی عورتوں نے آپؒ کو پہچان کر آپؒ کے سسرال کے ہاں خبر کر دی۔ خود آپؒ نے بھی اپنی بیوی کو اپنی آمد کی اطلاع کر دی۔ وہ اپنے ماں باپ سے چوری آپؒ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہا کہ میرے لئے کیا حکم ہے۔ آپؒ نے فرمایا کہ اگر میرے ساتھ رہنے کا ارادہ ہے تو مسلمان ہو جاؤ۔ وہ رضا مند ہو گئی۔ دونوں بیٹے اور آپ کی زوجہ اپنے زیورات سمیت اگلے روز حاضر ہوئی تو آپؒ نے فرمایا کہ زیورات لانے کی ضرورت نہیں، والدین کے ہاں چھوڑ آؤ۔ جب آپؒ اپنی بیوی بمعہ بچوں کے ہمراہ دریا کے کنارے پہنچے تو اُس وقت کوئی کشتی وہاں موجود نہ تھی۔ آپؒ ابھی انتظار کر رہے تھے کہ آپؒ کے سسرال والے بہت سے مسلح لوگوں کی معیّت میں آتے دکھائی دیئے۔ آپؒ نے اپنا مصلّا پانی پر بچھا دیا اور اُس پر بیٹھ کر بمعہ بیوی بچوں دریائے بیاس عبور کر گئے۔ یہ کرامت دیکھ کر سب موجود لوگ ٹھٹک گئے۔ اور اُن میں سے اکثر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپؒ بخیریت شام چوراسی پہنچے اور وہاں مستقل سکونت اختیار کی۔

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

وَتَجَشَّمَتْ نَفْسِیْ کَمَا

میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی

یَتَجَشَّمُ حَجَرُ الرَّحٰی

جیسی چکی کا پتھر اٹھاتا ہے

فِیْ ھِجْرِ فَخْرِ الْاَنْبِیَا

فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی میں

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

پیر و مُرشد کے ساتھ ہمسفری

ایک مرتبہ شیخ عبدالنبی صاحب کے پیر و مرشد شام چوراسی تشریف لائے اور فرمایا کہ ہمارا ارادہ ہندوستان کی طرف جانے کا ہے۔ آپؒ نے اس سفر میں معیّت کی سعادت حاصل کرنے کا اظہار کیا۔ چنانچہ دونوں بزرگ تبلیغ حق کے لئے روانہ ہو گئے اور یہ عرصہ تقریباً بارہ برس محیط رہا۔ اس تمام عرصہ میں آپؒ نے نہ تو بیوی بچوں کو یاد کیا اور نہ ہی آپؒ کو وطن سے جدائی کی پریشانی ہوئی، اس طرح آپؒ نے سنت ابراہیمی بھی ادا کر دی۔ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی بیوی حضرت ہاجرہؓ اور فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام سے عرصہ بارہ سال علیحدہ رہے۔

پورے بارہ سال کا عرصہ گزرنے پر واپسی ہوئی تو آپ بمعہ پیر و مرشد کے شام چوراسی پہنچے بارہ سال بعد خالی ہاتھ گھر آئے۔ اگر خود اکیلے ہوتے تو پڑھ کر سو جاتے، مگر ساتھ پیر و مرشد بھی تھے۔ اُن کی خدمت و آسائش اور خاطر و مدارت کا فکر دامن گیر ہوا، اور جب آپؒ نے اپنا قدم مُبارک گھر کی دہلیز پر رکھا تو اندر سے آپؒ کی بیوی صاحبہ فوراً تعظیم کے لئے کھڑی ہو گئیں اور چہرہ مُبارک سے اندازہ کر گئیں کہ طبیعت میں ملال ہے۔ آخر کار زوجہ سے ذکر کیا کہ میرے پاس تو کچھ نہیں اور ہمراہ پیر و مرشد ہیں۔ بیوی نے فوراً ایک روپیہ پیش کیا اور کہا جو چاہو حضرت کے واسطے لے آؤ۔ آپؒ نے پوچھا تمہارے پاس یہ روپیہ کہاں سے آیا۔ بیوی نے عرض

Marfat.com

یا حی   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا قیوم

یَا رَهطَ آلِ مُحَمَّدٍ

اے آل محمدؐ کے گروہ!

یَا صَحبَ صُحبَةِ اَحمَدٍ

اور اے صحبت رسول علیہ السلام کے فیضیافتہ اصحاب

رُوحِی وَنَفسِی قَد فِدَا

میری جان اور میرا نفس سب آپؐ پر قربان ہے

صَلُّوا عَلَیهِ وَسَلِّمُوا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

کیا کہ آپؒ نے اپنا سکہ پہچانا نہیں۔ یہ وہ روپیہ ہے جو آپؒ سفر پر جاتے وقت مجھے خرچ کے لئے دے گئے تھے۔ آپؒ اس پر بہت حیران ہوئے اور دل ہی دل میں بیوی کے ایثار پر بہت خوش ہوئے۔ چنانچہ ایک مکلف کھانا تیار کروایا اور اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پیش کیا۔ آپؒ نے اپنی بیوی صاحبہ سے پوچھا کہ میرے بعد گزارہ کیسے چلتا رہا تو بیوی صاحبہ نے فرمایا کہ برخوردار عبدالواحد باہر سے لکڑیاں لے آیا کرتا تھا اور برخوردار عبدالحق گھاس لے آتا تھا۔ وہ بازار میں دو چار آنے کا فروخت ہو جاتا تھا بس اس طرح ہم نے بارہ سال ختم کر دیئے۔ آپؒ یہ سُن کر بہت خوش ہوئے اور اپنے پیر و مرشد سے بھی ان واقعات کا ذکر کیا۔ جس پر شیخ العالم بہت خوش ہوئے اور بیوی صاحبہ کے لیے دعا فرمائی اور ساتھ ہی حضرت تاج العارفین کے حق میں ترقی، دولت و نعمت دین و دنیا کی دعا فرمائی۔

(۱) تذکار مقدس حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ

فخر الانبیاء رسالت مآب سرورِ کائنات رسول مقبول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو عالمِ رؤیا میں بنفسِ نفیس کلمہ طیبہ کی تلقین فرمائی اور آپ کے اُستاد مخدوم کو بھی خواب میں ارشاد فرمایا بلکہ تاکید فرمائی۔ اُس وقت آپ کی عمر مُبارک سات سال تھی۔

تذکرۃُ المشائخ قادریہ میں جناب محمدؐ دین کلیم صاحب صہ ۱۸۵ پر تحریر فرماتے ہیں، کہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا باخیجی ... یا جو

فَتَحَدَّثُوا عَنْ لَوْعَتِیْ

اے دوستو میرے سوزِ دل کی بابت

عِنْدَ الْحَبِیْبِ اَحِبَّتِیْ

میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو

سَکَبَتْ دُمُوْعِیْ یَا فَتَا

اے لوگو! میرے اشک رواں ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ابوالفرح حضرت سید محمد فاضل الدین شاہ صاحبؒ قادری بٹالوی کے ایک مرید خلیفہ شیخ نصیر الحق تھے۔ ایک شخص شام چوراسی سے بٹالہ گیا ہوا تھا۔ شیخ نصیر الحق نے اُس سے دریافت کیا کہ کیوں بھئی عبدالنبی راضی ہے، اُس نے گویا آپؒ کے نام مُبارک کو بے ادبی سے ذکر کیا۔ اُسی رات جناب رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُسی کے پیر ابوالفرح حضرت سیّد مُحمّد فاضل الدین شاہ صاحبؒ قادری بٹالوی کی معرفت اُسی پر عتاب فرمایا کہ تاجُ العارفین اپنے وقت کے قُطب ہیں۔ اُن کا نام بے ادبی سے کیوں لیا گیا؟ جب یہ خبر شیخ نصیر الحق تک پہنچی تو اُنھوں نے اس امر کی معافی چاہنے کے واسطے شام چوراسی آنے کا قصد فرمایا مگر وہ ڈرتے تھے کہ میں اکیلا نہ جاؤں۔ میں اپنے پیر و مرشد کو اپنے ہمراہ رتھ میں سوار کرا کے شام چوراسی لے کر پہنچے اور جب تاجُ العارفینؒ کو اُن کے کی اطلاع ملی تو آپؒ نے ان کا خاص طور سے اِستقبال فرمایا اور ابوالفرح حضرت سید محمد فاضل الدین شاہؒ سے مصافحہ اور معانقہ فرمایا اور ساتھ ہی اُسی وقت یہ فرمایا کہ آپ حضرات نے کیوں تکلیف کی میں نے تو اُسی وقت معاف کر دیا تھا۔

(۲) حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کا واقعہ

آپؒ کے خادموں میں سے ایک خادم حضرت حافظ مُحمّد مُکمّل ستکوہی بھی تھے جنھوں نے حضرت تاجُ العارفین کی خدمت میں عرض کی کہ حضرت! خواجہ خضر علیہ السلام کو بعض لوگ نبیؑ

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

ذَکَرَ الصَّلوٰۃَ فَقِیْرُہٗ
آپ کے در کے گدا عبدالنبیؒ نے
عَبْدُ النَّبِی مُعَطِّرُہٗ
جو آپ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلانیوالا ہے
فِیْ کُلِّ صُبْحٍ وَّ الْمَسٰی
تمام صبح اور شام آپ پر درود بھیجنے میں صرف کیا
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

کہتے ہیں اور یہ کہ وہ قیامت تک زندہ رہیں گے اور بعضوں کا قول ہے کہ ان کا انتقال ہو گیا ہے میرا دل چاہتا ہے کہ آپؒ کے طفیل اُن کی زیارت کروں۔ آپؒ نے فرمایا کہ اول تو یہ امر مقاصد میں سے نہیں، لیکن اگر اشتیاق زیارت حد درجہ ہے تو فلاں دُعا ایک ہفتہ تک ندی کے کنارے بیٹھ کر پڑھا کرو۔ ساتویں روز ملاقات ہو جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ دورانِ ملاقات حضرت خضر علیہ السّلام نے حافظ صاحب سے فرمایا! کہ "حافظ تم نے ہماری زیارت کا شوق کیوں کیا! کیا تمہارا پیر ہم سے کم ہے"۔ حافظ صاحب یہ کلام سُن کر بے ہوش ہو گئے، جب ہوش آئی تو وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ اس کے بعد حضرت تاجُ العارفین کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یا حضرت، خواجہ خضر علیہ السّلام کی زیارت ہوئی، لیکن وہ عام لباس میں تھے۔ اُن کی اصل ہئیت اور نورانیت کیا ہے۔ اُس سے میں محروم رہا۔ جواباً ارشاد کیا کہ تم اُن کو اُس حالت میں دیکھنے کی کہاں تاب رکھتے تھے۔ صورت مثال میں دیکھکر تو تم بے ہوش ہو گئے۔

حافظ صاحب موصوف نے حضرت شیخ عبدالنبیؒ کے مکتوبات شریف کی کتابت کی اور پھر کتابی شکل میں آپؒ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا اور اُسے "مجموعۃُ الاسرار" کے نام سے موسوم کیا۔

(۳) سلطان العارفین حضرت حاجی عبداللہ سلطانپوری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا شاہ محمد بٹالوی سلسلۃ اولیاء میں تحریر فرماتے ہیں کہ جب قطبِ عالم حضرت حاجی

Marfat.com

یا حیی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

بَزَغَ الحَبِیبُ المُجتَبیٰ
برگزیدہ محبوب کی روشنی
فِی سُحمَۃِ اللَّیلِ الدُّجیٰ
کالی رات کی سیاہی میں چمکی!
کَالشَّمسِ تُشرِقُ فِی الضُّحیٰ
جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے
صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

سیّد محمّد طاہر عالمپوری رحمۃ اللہ علیہ اس دنیاء فانی سے تشریف لے گئے تو آپؒ کے صاحبزادے حضرت محمّد موسیٰؒ مہمانوں کی آمدورفت سے قرض دار ہوگئے تو صاحبزادہ نے حضرت تاج العارفینؒ کو ساتھ لے کر لاہور کے لئے روانہ ہوگئے۔ راستہ میں عقیدتمندوں کے ہاں بطور مہمان رہے دورانِ سفر بہت فتوحات حاصل ہوئیں۔ جو مجموعی طور سے تین لاکھ روپے تھی۔ واپسی پر آپؒ نے تمام قرضداروں کا حساب بے باک کیا۔ اِس واقعہ کا علم جب سُلطان العارفین حضرت حاجی عبداللہ سلطان پوریؒ کو ہوا۔ تو آپ نے حضرت تاجُ العارفینؒ کو ایک خط تحریر کیا اور فرمایا کہ دنیا اور اہل دُنیا کی طرف راغب نہیں ہونا چاہیئے۔ فقیروں کو اُمراء اور اہل ثروت کے دروازے پر نہیں جانا چاہیئے۔ آپؒ نے جواباً تحریر فرمایا کہ حضرت قبلہ بندگانِ سلامت! یہ فقیر اس معاملہ میں بے اختیار اور مجبور تھا کیونکہ خود جناب نے ہی اس خاکسار کی رَسّی حضرت سیّد محمّد موسیٰ قلندر کے ہاتھ دے رکھی ہے۔ مجھ غریب کو وہ جس جس طرف کھینچتے رہے میں تعمیل کرتا رہا، حضرت سلطان پوریؒ جواب پڑھ کر بار بار الحمد للہ، الحمد للہ کہتے رہے اور فرمانے لگے کہ ایسا صاحب اعتقاد اور رُوحانی وارث ہماری جماعت میں موجود ہے۔ سبحان اللہ۔

④ قطبِ عالم حضرت حاجی سیّد محمّد طاہر عالم پوری رحمۃ اللہ علیہ

ایک مرتبہ حضرت شیخ العالم نے حضرت تاجُ العارفین سے فرمایا: عبدالنبی سُنا ہے کہ شام

Marfat.com

یا حیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَهُوَ الضِّيَاءُ الْمُسْتَضِيءُ

آپ ایسی روشنی ہیں جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِهٖ سَطَعَ الْهُدٰى

آپ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِيْ صُبْحِ لَيْلِ الْبِلٰى

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

چوراسی میں گاجریں بہت عمدہ ہوتی ہیں۔ چنانچہ آپؒ دوسرے تیسرے روز گجریلا تیار کرا کے ہنڈیا اپنے سر مبارک پر رکھ کر وہاں سے پیدل ۴۵ کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے جایا کرتے تھے اور ایک روز جارہے تھے کہ راستہ میں بارش ہونے لگی اور ہنڈیا کی سیاہی روئے مبارک پر بہہ نکلی۔ درگہ مرشد پر پہنچے تو رات ہو چکی تھی۔ شب بھر اُس حالت میں ہنڈیا سر پر اُٹھائے دروازے پر کھڑے رہے۔

صبح ہوئی تو مرشد نے بیٹا عبد النبی کہہ کر آپؒ کو آواز دی۔ "سرکار میں حاضر ہوں" حضرت شیخ نے آپؒ کا چہرہ مہرہ دیکھا تو فرمایا۔ اے لوگو! آج جو چاہے وہ میرے بیٹے کے سونے کے سہرے کو دیکھ لے۔" اور فوراً اُٹھ کر آپؒ کو سینے سے لگایا اور دُعا فرمائی۔ "اللہ پاک تمہیں دین و دُنیا میں سرخرو فرمائے اور کرمِ خاص سے نوازے۔" اور ہاں اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے آپؒ کو ایسا نوازا کہ ولی کامل کے درجہ پر فائز کیا اور علم لدنی سے مالا مال کر دیا۔

(۵) عالیجناب حضرت شاہ محمد غوث لاہوری بن حضرت سید حسن قادری رحمۃ اللہ علیہ

اپنی کتاب "اسرار طریقت" میں فرماتے ہیں کہ لاہور کی طرف دوآبہ میں سیام چوراسی نام ایک گاؤں میں میاں شیخ عبد النبی نقشبندیہ میں ایک نومسلم بزرگ رہتے تھے۔ کسی تقریب سے لاہور میں تشریف لائے۔ میں بھی دو بار اُن کی زیارت کے لئے گیا۔ ہمیشہ شغل میں رہتے۔ بڑے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

وَهُوَ الرَّسُولُ الْمُقْتَدٰی

آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے

مِنْهُ الشَّفَاعَةُ تُرْتَجٰی

آپ سے شفاعت کی امید ہے

بِجَمَالِهٖ خَمَدَ اللَّظٰی

آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ہی کم گو اور مؤثر تھے۔ چنانچہ اکثروں کو اُن کے فیضِ صحبت سے اثر ہوا۔ ان کی مجلس میں بہت کم گفتگو ہوتی تھی۔ مراقبہ کے سوا کچھ کام ہی نہ تھا۔ مجھ کو خلوت میں اُن کی خاص صحبتیں میسر ہوئیں۔ ذات بحت کی نسبت توجہ کرتے تھے۔ چنانچہ وہ بیخودی اور بیرنگی کی نسبت غلبہ کرتی تھی۔ اس نسبت کی اور دیگر شغل اور مراتب ذکر کی اجازت فقیر کو دی۔ اس کے بعد کچھ مدت تک وہ نسبت غالب رہی اور اس کے بعد کبھی کبھی غلبہ کرتی رہی۔

⑥ حضرت علامہ عبدالحی رحمۃ اللہ علیہ

اپنی کتاب "نزہۃ الخواطر"، جلد ششم میں رقم طراز ہیں کہ شیخ عبدالنبی بہت بڑے عارف تھے، اپنے زمانے کے قوی النسبت بزرگ تھے۔ ان کی ولایت اور جلالتِ شان پر اُس زمانے کے لوگوں کا اتفاق ہے۔ سلسلہ احسنیہ نقشبندیہ کے مطابق انھیں مالکانِ طریقت کی تعلیم و تربیت میں کمال حاصل تھا۔ جلیل القدر رہنمائے طریقت تھے۔ اپنے مریدوں کو راہ سلوک کی منزلیں طے کرا کے اعلیٰ مدارج پر پہنچا دیتے تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ بن عبدالرحیم دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ" میں اُن کا ایک مکتوب لطیف نقل کیا ہے۔ انھوں نے "فصوص الحکم" کی ایک شرح لکھی ہے۔ اگرچہ انھوں

Marfat.com

یا حی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا قیوم

عشق الالٰہ لوجہہ
آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

اِلہ العقول لدرکہ
انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وبحسنہ تاہ النُّھیٰ
آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صلّوا علیہ وسلّموا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

نے علومِ عربیہ حاصل نہیں کئے تھے، لیکن اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اُن پر علم و معرفت کے دروازے کھول دیئے تھے۔

⑦ حضرت وجیح الدین اشرف لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ

بحرِ ذخار میں رقم طراز ہیں کہ:

"شیخ عبدالنبی ابتدا میں ہندو کھتری تھے۔ جو شیخ عبدالوہاب قادریؒ کے دستِ حق پرست پر اسلام لائے، مدتوں اُن کی صحبت میں رہے، فیض حاصل کیا۔ پھر انھوں نے شیخ عبداللہ سلطان پوری رحمۃ اللہ علیہ کا دامن تھاما، وہ شیخ حاجی محمد شریف متقی شاہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے۔ جب شیخ عبداللہؒ نے حجاز کا سفر کیا یعنی حجاز تشریف لے گئے تو شیخ عبدالنبیؒ اُن کے خلیفہ حضرت شیخ سید محمّد طاہر عالمپوریؒ کے دامن سے وابستہ ہوگئے اور اُن سے فیض پایا اور "شرح فصوص الحکم،، لکھی۔"

شیخ عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ نے علمِ سلوک اور تصوّف پر بہت سی کتابیں اور مکتوبات

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

نَطَقَ الْحَجَرُ لِكَلَامِهِ
پتھر آپ کے کلام سن کر بول اٹھے
حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِهِ
درخت آپ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں
وَبِفَقْرِهِ جَاءَ الْغِنٰى
آپ کی غربت کو دیکھ کر دولت آئی مگر آپ نے منظور نہ فرمائی
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو !!

یادگار چھوڑے ہیں۔

⑧ حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اپنی کتاب "انتباہ فی سلاسل اولیاء" میں تحریر فرماتے ہیں :

"کہ اب تھوڑی روش طریقہ الحسنیہ کی جو حضرت شیخ سید آدم بنوری سے منسوب ہے۔ ذکر کرتا ہوں۔ اسی ضمن میں مکتوب شیخ عبدالنبی سیام چوراسی کا کہ جو اُس زمانے میں طریقہ الحسنیہ کے مُقتدار تھے اور سب اس طریقہ کے جمہور اس امر پر متفق ہیں کہ سالکوں کی تربیت میں اس طریقہ کی روش میں اُن کا قدم راسخ تھا۔ ایک عزیز صالح نے مکہ معظمہ میں ذکر کیا، یہ مکتوب شیخ عبدالنبی کا ہے اور اُن کے نام کی بنا اس پر تھی ہم نے اُن کے پاس سے لکھ لیا"

⑨ حضرت سید علیم الدین چشتی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ

اپنی کتاب "مصفات" میں تحریر فرماتے ہیں کہ :

Marfat.com

یا حیّ　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

وَلِهَ الْوَصِيْفُ بِمَدْحِهٖ

تعریف کرنے والا آپ کی مدح پر عاشق ہے

كَلَّ الْمَدِيْحُ بِوَصْفِهٖ

مدح آپ کے وصف سے عاجز ہیں !

وَبِشَوْقِهٖ لَا لَا الْمَلَا

آپ کا شوق تمام دُنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو ! !

"میں بعض لوگوں سے حضرت تاج العارفین کی تعریف سُن کر شام چوراسی حضرت کی خدمت میں بغرض بیعت پہنچا اس وقت دِن تقریباً چار گھنٹے باقی تھا اور میں نمازِ عصر سے فارغ ہو کر حضرت کی خدمت میں بیٹھ گیا تو مغرب تک میں نے چھتیس کرامتیں دیکھیں اور آنحضرتؒ نے مراقبہ فرما کر اِس خاکسار کے قلب پر توجہ فرمائی اور دستِ مُبارک میرے قلب کی طرف لائے تو میرے حواس ظاہری بالکل معطل ہو گئے۔ اِتنے میں غیب سے ایک ہاتھ نمودار ہوا۔ اُس نے آپؒ کا دستِ مُبارک میری طرف سے ہٹا دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد آپؒ نے مراقبہ سے سر مُبارک اُٹھایا اور فرمایا کہ سیّد صاحب آپؒ کا حصہ اہلِ چشت کے ہاں ہے۔ آپ میراں سیّد بھیک کڑھامی کی خدمت میں تشریف لے جائیں۔"

(۱۰) حضرت مولانا جان محمّد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ

جب آپ کو علومِ باطنی کی تحصیل کا شوق دامن گیر ہوا تو پہلے دہلی میں حضرت سیّد حسن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

رَفَعَ الرَّفِيعُ مَنَارَهُ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپ کے مینار کو بلند کیا

اَعْلَى الْقَدِيرُ وَقَارَهُ

قدرت والے خدا نے آپ کے اعزاز کو اعلیٰ بنایا

اِنَّا فَتَحْنَا وَالضُّحٰى

اور انا فتحنا اور والضحیٰ کی سورتوں میں آپ کی توصیف ظاہر فرمائی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

رسول نما رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور پھر جب آپؒ نے فرمایا کہ پنجاب میں ایک کامل قطب حضرت عبدالنبیؒ شام چوراسی میں ہیں اور آدھے قطب حضرت شیخ نجم الدینؒ موضع میانوالی ضلع جالندھر میں ہیں۔ چنانچہ مولانا موصوف شام چوراسی پہنچے اور حضرت عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ کا رُخ کیا۔ وہاں جاکر کیا دیکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ جمع ہیں اور لنگر تقسیم ہو رہا ہے۔ یہ نفسِ نفیس حضرت کھانا خود تقسیم کر رہے تھے۔ حالانکہ اُس وقت آپؒ کی عمر شریف ۱۰۰ سال سے اُوپر تھی۔ یہ ماجرا دیکھ کر مولانا نے خیال کیا کہ اُن کو تو میں قُطب وقت سمجھ کر آیا تھا اور ہونا یوں چاہیئے تھا کہ آپ ذِکر اور شغل میں لگے ہوتے اور یہ ہیں کہ کھانا تقسیم کر رہے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی طبیعت میں فخر کا مادہ موجود ہے۔ جونہی مولانا کے دِل میں یہ وسوسہ گزرا تو حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے فوراً فرمایا، مولوی صاحب ہم کو کوئی فخر یا بدلہ مقصود نہیں۔ ہم تو اِن سب کو اللہ تعالیٰ کے واسطے کھانا کھلا رہے ہیں۔ اِس کو سُن کر مولوی صاحب کی طبیعت درست ہو گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد انھوں نے اپنا ارادہ بیعت ہونے کا ظاہر کیا۔ آپ نے مراقبہ فرمایا اور بیعت اُن کی قبول فرمائی، بلکہ یہ بھی فرمایا کہ آپ کا خاص حِصّہ حضرت شیخ نجم الدین صاحبؒ ساکن میانوالی کے ہاں معلوم ہوتا ہے۔ اُن کی خدمت میں

Marfat.com

یَا حَیُّ　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یَا قَیُّوْمُ

وَلَکُمْ بِہٖ مِنْ حُجَّۃٍ

تمہارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

کَالنُّوْرِ جَالِیْ ظُلْمَۃٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دُور کرتی ہے

فِی الْمُبْتَدَاءِ وَالْمُنْتَھٰی

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

چلے جاؤ۔ اِس جواب سے مولوی صاحب کو مایوسی ہوئی اور دِل میں ارادہ کیا کہ اَب کسی کے پاس نہیں جاؤں گا۔ اِتفاق سے اُسی روز حضرت شیخ نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ جالندھر تشریف لاتے ہیں، مولوی صاحب نے جب یہ سُنا کہ آپؒ جالندھر تشریف لائے ہیں تو آپؒ حضرت نجم الدینؒ کی خدمتِ بابرکت میں پہنچے، مکان پر جاکر دستک دی۔ اُس وقت حضرت شیخ نجم الدینؒ مراقبہ میں تھے، دستک سُن کر ایک خادم نے فرمایا کہ باہر ایک مولوی ہے جان محمدؐ اُس کا نام ہے۔ آپؒ نے فرمایا کہ اُس کو کہہ دو کہ ہم تو علوم ظاہری سے فارغ التحصیل نہیں ہیں، دوسرے ہم آدھے پکے ہیں۔ ہمارے مرید تو اکثر دھوبی کنجڑے اور غریب لوگ ہوا کرتے ہیں۔ تم کسی دوسری جگہ چلے جاؤ۔ بس خادم نے جاکر یہ پیغام پہنچایا، اور اُدھر حضرت شیخ نجم الدینؒ نے اِسمِ ذات "اللہ" بلند آواز سے فرمایا۔ اُسی وقت مولوی صاحب مُرغِ بسمل کی طرح تڑپنے لگے۔ کچھ دیر بعد طبیعت میں سکون آیا تو دِل کے تمام شکوک و شبہات دُور ہو چکے تھے۔ چنانچہ صدقِ دِلی سے مرید ہوئے۔ جب بیعت سے فراغت ہوئی تو حضرت نجم الدینؒ نے فرمایا کہ مولانا آپ اِس کے قابل تو نہ تھے کہ بیعت کیا جائے مگر کیا کریں، حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ آپ کے اُوپر ترحم فرماتے ہیں اور سفارش کرتے ہیں۔

Marfat.com

یَا حَیُّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا قَیُّوْمُ

لِعُرُوْجِہٖ نَزَلَ الْمَلَکْ

آپ کی قدر کو بلند ثابت کرنیکے واسطے فرشتے نازل ہوئے

لِقُدُوْمِہٖ رُفِعَ الْفَلَکْ

آپ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا

قَدْ جَاءَ فِیْہِ لَقَدْ رَاٰی

آپ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے خدا کا دیدار کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

یہ جگہ خالی کرائی گئی تھی، اِسی اثناء اچانک تاج العارفین حضرت عبدالنّبی شامی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لے آئے۔ اُن کو دیکھ کر تب حاضرین مجلس کی سمجھ میں آیا کہ آپ ہی کی طرف اشارہ تھا۔"

(۱۳) حضرت مولانا غلام حسین ہوشیارپوری رحمۃ اللہ علیہ

شیخ محمدّ عبدالسّلام ہوشیارپوری رحمۃ اللہ علیہ "تذکرہ خیر و برکت" میں تحریر فرماتے ہیں:

"کہ حضرت مولانا نے فارسی اور حساب کی تعلیم مکمّل کر کے امرتسر کے نواح میں ایک سکھ سردار کے ہاں ملازمت اختیار کر لی اور ہر چھ ماہ بعد گھر پر پارچات اور نقدی بھیجتے رہے۔ دورانِ ملازمت ایک دن اچانک منشی خانے کی چھت گر پڑی اور اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے آپ اِس طرح محفوظ رہے، کہ چھت کی لکڑیاں آپ کے سامنے دیوار کے ساتھ کھڑی ہو گئیں۔ اِسی حالتِ غنودگی میں حضرت شیخ عبدالنّبی شامیؒ کی زیارت نصیب ہوئی۔ حضرت شیخؒ نے فرمایا کہ غلام حسین اگر بچ گیا تو کیا کرے گا عرض کیا کہ دین کی خدمت کروں گا۔ اس کے بعد جب لوگوں نے ملبہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

نَبَعَ الْوَضُوْءُ بِرُکُوْبَتِہٖ

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

کَثُرَ الطَّعَامُ بِبَرَکَتِہٖ

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وَبِکَفِّہٖ نَطَقَ الْحَصٰی

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اٹھایا تو بفضلہ تعالیٰ حضرت بخیریت زندہ برآمد ہوئے رجب کہ ایک سکھ دربان مرا ہوا پایا گیا۔ غلام حسین نے ملازمت فی الفور ترک کی اور سواری کا گھوڑا فروخت کر دیا۔ جالندھر کے مضافات میں پہنچکر ممتاز علماءِ وقت سے علومِ شرعیہ کی تحصیل و تکمیل میں مشغول ہوئے اور درجۂ ولایت پر سرفراز ہوئے۔''

(۱۴) الشیخ حکیم میاں عبدالغفور عرشی قادری عفی عنہ

حضرت تاج العارفین عبدالنبی شامی رحمۃ اللہ علیہ کے ''مجموعۃ الاسرار'' کی بابت فرماتے ہیں کہ:

''آپ کے مکتوبات شریف کی اگر تشریح کی جائے تو ایک ایک مکتوب کی بڑی بڑی ضخیم کتابیں مرتب ہو جائیں اور اگر حضور کے کشف و کرامات کا تذکرہ کیا جائے تو شمار سے باہر ہیں۔ بندہ جو کہ قصبہ نند اچور میں سکونت پذیر تھا جو کہ حضور پُر نور حضرت تاج العارفین عبدالنبی شامیؒ کی نگری شام چوراسی سے تقریباً سات میل جانب شمال واقع ہے۔ حضرت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نبی — بابِ مرحوم

ذَرَفَ الْعُیُوْنُ لِوَعْظِہٖ
آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں
وَجِلَ الْقُلُوْبُ بِنُصْحِہٖ
دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے
بِدُعَائِہٖ ذَھَبَ الْعَمٰی
آپ کی دعا سے نابینائی دور ہو گئی
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی رُوحانی تجلیات کی روشنی سے فیض یاب ہو رہا ہے“

(۱۵) پروفیسر جناب میاں مشتاق احمد بھٹی صاحب

جنہوں نے آپؒ کے مکتوبات شریف ”مجموعۃُ الاسرار“ کا اُردو ترجمہ عرصہ تیرہ ماہ میں مکمل کر کے اپنی علمی استعداد و قابلیت کا ایک عمدہ نمونہ پیش کیا ہے۔ ”مجموعۃُ الاسرار“ کے دیباچہ میں آنحضرتؒ کے حوالہ سے یُوں رقمطراز ہیں کہ :

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ
غالب و کار آفرین ، کار کُشا ، کار ساز

یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی ویسی ہی زندگی بسر کرنے کی تلقین فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اِن بندوں کی زندگیاں سراپا تبلیغ دین ہوتی ہیں۔ برصغیر ہند میں اسلام کی روشنی انہی نفوسِ قُدسیہ کی بدولت پھیلی، اسلام کا یہ صوفیانہ سلسلہ ایسا ہے جو اپنے قول و فعل سے اکثر و بیشتر دل کی توجّہ کو جذب کرتا ہے اور دل کے ذریعے دماغ پر اثر ڈالتا ہے۔ اِن لوگوں کی باتیں مرورِ ایام سے پُر اسرار بن جاتی ہیں اور

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَاللّٰہِ مَا اُحْصِیْ شَمَا

خدا کی قسم میں آپ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو

بَلْ فَضْلِہٖ مِنْ رَبِّنَا

جو ہمارے رب نے آپ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کرسکتا

فَھُوَ النَّبِیُّ الْمُرْتَضٰی

آپ خدا کے پسندیدہ نبی ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

عام آدمی کی سمجھ سے ماورا ہونے کی وجہ سے خود وضاحت طلب بن جاتی ہیں۔ ان کے اقوال افعال کرامتیں بن جاتی ہیں۔ وہ لوگ جو صرف عقل و خرد کی رہنمائی کے عادی ہوتے ہیں نہ سمجھتے ہوئے اُن کا انکار کر دیتے ہیں۔ حالانکہ کسی شئے کے نہ سمجھنے سے اُن کا وجود کالعدم نہیں ہوتا۔ حضرت عبدالنبی شامی رحمۃ اللہ علیہ بھی اُنہی نفوسِ قدسیہ میں سے ہیں۔ جنھوں نے اسلام کے نُور سے رُوشنی پائی اور اُس سے مستفیض ہو کر نہ صرف اپنے زمانے میں خلقِ خُدا کو اسلام کے نُور سے فیض یاب کیا، بلکہ آج بھی اُن کا فیض برابر جاری ہے۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشموں کا کیا کہنا۔ آذر بُت پرست کے گھر میں ابراہیم علیہ السّلام بُت شکن پیدا ہوتے ہیں اور حضرت نوح نجی اللہ علیہ السّلام کے ہاں نافرمان بیٹا جنم لیتا ہے۔ حضرت شیخ عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ بھی اپنے علاقے کے ایک ہندو بُت پرست کاردار کے ہاں پیدا ہوئے، لیکن سلامتی طبع کی بدولت انھوں نے عہدِ طفولیت میں اُسلام کی حقانیت کو قبول کر لیا۔ اُس دَور میں فارسی سرکاری زبان اور عربی علمی اور دینی زبان تھی۔ چنانچہ آپ نے مروجہ علوم کی تحصیل مسلمان علماء اور صوفیاء سے کی اور اُنھیں کی بدولت اسلام کی دولت سے فیض یاب ہوئے۔ آپ نے دینی مسائل کو ان کی سادہ و پاکیزہ شکل میں سیکھا اور مدت العمر علمائے عصر اور اولیائے زمانہ کی خدمت میں حاضر

Marfat.com

یا حیّ　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا قیوم

أنا كيف أمدح بالثنا

اے حضرت محمد رسول اللہ! میں آپ کی توصیف

لك يا محمد إنما

کیونکر ادا کرسکوں

أنت الممجد بالندى

آپ اپنی فیاضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

صلوا عليه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

رہے اور پھر تبلیغِ دین میں ہمہ تن مصروف اور مشغول ہو گئے۔

آپ کے بیشتر مکتوبات شریف تصوّف و الہامات کے بارے میں ہیں۔ جو مسائل حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں ابھی سادہ تھے۔ صدیاں گزر جانے کے بعد پیچیدہ اور مبہم ہو گئے تھے۔ مختلف قسم کی موشگافیوں کا سلسلہ لامتناہی ہو رہا تھا۔ چنانچہ آپ نے سلوک کے رہ نوردوں کو عرفانِ حقیقت کی مختلف منزلیں طے کرنا سکھایا۔

آپ نے تصوّف کے مختلف مسائل کی تعلیم دی۔ ان مسائل میں زیادہ تر اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات۔ جمال و جلال۔ شاہد و مشہود۔ غیب و حضور۔ نورِ ظلمت۔ وحدت الوجود۔ وحدت الشہود۔ جبر و قدر۔ تقلید و تحقیق۔ امر بالمعروف و نہی المنکر صحتِ جسمانی اور صحتِ روحانی وغیرہ ہیں۔

علمی قابلیت

آپ کو دنیاوی علوم پر کامل عبور حاصل تھا۔ آپ نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں نہ صرف قرآن پاک کا بغور مطالعہ فرمایا، بلکہ آپ نے اُپنشد[۱]، زبور، توریت اور انجیلِ مقدس کا بھی مطالعہ کیا تھا۔ چنانچہ اُس زمانے کے اولیاء اللہ، مفتی، علماء دین، مشائخ، اعلیٰ حکام اور عام دوسرے

---

[۱] دارا شکوہ نے "سرِ اکبر" میں "اُپنشد" کو الہامی کتاب لکھا اور "کتابِ مکنون" سے تعبیر کیا جس کا ذکر قرآن پاک میں سورۃ واقعہ آیت ۷۸ میں درج ہے۔

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَلَقَدْ اُنَادِیْ یَا حَشَا
میں عشق کی شدت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطَّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا
دیکھو تم آنحضرت کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہو رہے ہیں

فَلَطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا
اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو

لوگ بھی آپؒ سے رجوع کرتے تھے اور اپنے اپنے مسائل حل کرواتے، الغرض کوئی علمی مسئلہ خواہ وہ علم فقہ، حدیث و علم تفسیر کا ہو یا پھر ہندو مت کا ہو۔ آپؒ اُسے نہایت سادہ اور عام فہم انداز سے حل فرما دیا کرتے تھے۔ آپؒ کے مکتوبات شریف "مجموعۃُ الاسرار" اس ذیل میں منہ بولتا ثبوت ہے۔ ذاتِ حق سبحان تعالیٰ نے آپؒ پر اپنے خاص فضل و کرم سے علم و معرفت کے دروازے کھول دیئے تھے، بلکہ علمِ لدُنّی سے بھی مالا مال کر دیا تھا مثال کے طور پر آپؒ نے شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کی کتاب "فصوص الحکم" جو کہ وحدت الوجُود کے بارے میں ہے، ایک فاضلانہ تشریح تحریر فرمائی:

"وحدت الوجُود سے مراد یہ ہے کہ کل کائنات اللہ سبحان تعالیٰ کی پیدا کردہ ہے، نہ کہ بذاتِ خود اللہ ہے، بلکہ اِس میں وحدت اس لئے پائی جاتی ہے کہ اس کا خالق ایک ہے، وحدت الوجُود کے قائلین اپنے نظریہ کو ہمہ اوست و بعد ہمہ از اوست کی صورت پیش کرتے ہیں، آپ نے مسئلہ ہمہ اوست کی گمراہ کن تبلیغ کی پوری تردید فرمائی اور صحیح مفہوم اور صحیح عقیدے کی تعلیم دی کہ ہمارا مسلک اوست نہیں، بلکہ ہمہ از اوست ہے۔"

Marfat.com

یاحیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاقیوم

وَتَجَشَّمَتْ نَفْسِیْ کَمَا

میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی

یَتَجَشَّمُ حَجَرُ الرُّحیٰ

جیسی چکی کا پتھر اٹھاتا ہے

فِیْ هِجْرِ فَخْرِ الْاَنْبِیَا

فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی میں

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

یہ نہیں :

کیا مسجد کیا مندر میں جلوہ ہے وجہِ اللہ کا

چل شہر میں سنکھ بجا جوگی چل شہر میں دھونی رچا جوگی

یعنی یہ کہنا کہ مسجد اور مندر دونوں خداوند قدوس کی ذات کے ہی پرتو ہیں، بلکہ یُوں سمجھیئے کہ رضائے الٰہی کا مظہر مسجد ہے اور اس رضاء خوشنودیٔ مولیٰ سے بُعد و حرمان کا نام ضلالت ہے جو کہ ناراضگی خداوندی کا سبب ہے اور جو مندر میں مقیّد ہوتی ہے۔

نقل ہے کہ حضرت علی احمد سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے آپؒ سے ہندؤں کے مُتبرک مقام ہردوار اور خانہ کعبہ کے بارے میں فرق دریافت کیا۔ جس کا آپؒ نے نو صفحات پر مدلّل اور مفصل جواب تحریر فرمایا۔ آپؒ نے قرآن مجید اور حدیثِ قُدسی کی الفاظ کی قرابت، نُورِ محمّدیؐ، حدیثِ قدسی کی تحقیق، فنافی الشیخ کی تربیت، معروف و منکر میں فرق، حامد و محمود پر اظہارِ خیال احمد بلا میم، سالک کے قبض و بسط، لفظ اللہ کی تشریح، وعدہ الہامی اور وعدہ لوہی، مقامِ محمود اور مقام نصیرا کے مضامین پر تفصیل سے اظہار فرمایا ہے۔ حضرت محمد نافع پشاوری رحمۃ اللہ علیہ نے آپؒ سے تسمیہ کے بارے میں سوال کیا تھا۔ جس کا آپؒ نے تفصیلی جواب دیا۔

جو تبرکاً یہاں نقل کیا جاتا ہے :

Marfat.com

یاحیّ　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　یاقیوم

یا رھط آل محمّد

اے آل محمدؐ کے گروہ!

یا صحب صحبۃ احمد

اور اے صحبت رسولؐ علیہ السلام کے فیضیافتہ اصحاب

روحی ونفسی قد فدا

میری جان اور میرا نفس سب آپ پر قربان ہے

صلّوا علیہ وسلّموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے۔

اللہ

ال ل ھ

(ا) چشمۂ اوّل میں جو لام کی طرف ہے، تین سو اسما، جو زبور میں درج ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

(ب) رحمٰن کے نام کے اسرار کتب انبیاء میں ایک ہزار ہیں اور ان کے علاوہ چار اور مذکور ہیں، جن میں ہمارے نبیؐ پر تسبیح کی گئی ہے۔

(ج) رحیم کے نام کے اسرار ایک ہزار ہیں۔ جن کی تسبیح ملائکہ کرتے رہتے ہیں اور ہر اسم کا تعلق ایک دوسرے کے خط سے معلوم ہوگا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

فَتَحَدَّثُوا عَنْ لَوْعَتِيْ

اے دوستو میرے سوزِ دل کی بابت

عِنْدَ الْحَبِيْبِ اُحِبَّتِيْ

میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو

سَكَبَتْ دُمُوْعِيْ يَا فَتَا

اے لوگو! میرے اشک رواں ہیں!

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

(د) چشمہ ثانی میں تین سو اسماء ہیں کہ ان کا ذکر انجیل میں ہے اور اللہ کے نام میں چار انبیاء کا ذکر ہے۔ ہمارے نبی پر سلام و درود۔

(ہ) لامِ ثانی میں تین سو اسماء ہیں، کہ اُن کا ذکر توریت میں موجود ہے۔

(و) اور لامِ اوّل میں قرآن میں مذکور ۹۹ نام ہیں اور یہ تمام اسماء پر محیط ہیں۔

(ز) لام کے ساتھ میم کے انصال سے اسم اعظم ملاحظہ ہو کہ الف میں تمام اسماء جمع ہیں۔

اور جان لینا چاہیئے کہ اسم رحیم کے ایک ہزار اسرار بھی الف اور لام اوّل مندرجہ کے ہیں، کیونکہ اسم رحمٰن کے مراتب لام اور الف کے حقائق کے مظاہر ہیں اور اسم رحیم کے مراتب لام کے حقائق کا ظہور ہیں - - - - - - - - - - !

حضرت تاج العارفینؒ خوابوں کی تعبیر حضرت یوسف علیہ السّلام کی طرح کیا کرتے تھے، چنانچہ حضرت فیض اللہ بیگ لاہوریؒ آپؒ کو تحریر کرتے ہیں کہ:

"مراقبہ کی حالت میں ایک روز رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی طرف توجہ کئے ہوئے تھا کہ میرے دل نے یہ آواز سُنی کہ حضور تشریف لاتے ہیں زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ شام پوراسی کی طرف سے کئی شعلے اُٹھے

Marfat.com

یا حیی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

ذِکرُ الصَّلٰوۃِ فَقِیرُہٗ

آپ کے در کے گدا عبد النبی نے

عَبدُ النَّبِی مُعطِیرُہٗ

جو آپ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلانیوالا ہے

فِی کُلِّ صُبحٍ وَالمَسٰی

تمام صبح اور شام آپ پر درود بھیجنے میں صرف کیا

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اُسی وقت مجھے ایک باغیچہ نظر آیا، جو نُور سے معمور تھا۔ اسی اثناء میں رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلّم میری طرف تشریف لائے اور مجھ سے ملاقات کی اس کی تعبیر کریں۔ اس پر حضرت باباجی ؒ نے مکتوب نمبر ۱۰۲ میں تحریر کیا کہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ظہور کا آغاز آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اعتقاد و خلوص کا کمال ہے؟ شاید کہ تیرے ربّ کی رحمت تیری سچائی کے مطابق تجھ پر چھا جائے اور رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت کا سبب بن جائے اور اس طرح ظلمت کے مقام سے ترقّی، تجلّی کی نشان دہی کرتی ہے اور بزرگی کے مراتب کی طرف لے جاتی ہے اور شام پوربی کی طرف شعلوں کا اُٹھنا اس فقیر (باباجیؒ) کی نااہلی کے باوجود سلسلۂ نقشبندیہ کے انوار کی بدولت ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے اسرار کو پاک کرے۔"

حضرت باباجی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے براہِ راست تعلق تھا۔ جیساکہ مندرجہ ذیل عرضداشت سے ظاہر ہوتا ہے:

"شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے۔ اس کی تعریف کرتے

Marfat.com

یَا حَیُّ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — یَا قَیُّوْمُ

بَزَغَ الْحَبِیْبُ الْمُجْتَبٰی

برگزیدہ محبوب کی روشنی

فِیْ سُحْمَةِ اللَّیْلِ الدُّجٰی

کالی رات کی سیاہی میں چمکی!

كَالشَّمْسِ تُشْرِقُ فِی الضُّحٰی

جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ہوئے۔ جس نے اپنا بھید[1] انسان کی حقیقت کے ساتھ ظاہر کیا اور اس پر صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہوئے جو اللہ کے نُور سے ہے اور جس کے نُور سے اللہ تعالیٰ نے دونوں جہانوں کو پیدا کیا۔ اے لوگو! اُس ذات پر صلوٰۃ وسلام پڑھو۔ اے میرے اللہ اُس ذات پر صلوٰۃ وسلام بھیج۔ اُس کی بزرگی میں اضافہ کر اُسے اپنی نعمتوں سے مالامال کر، اُسے برکتیں دے، جو عرب وعجم کا سب سے زیادہ سعادت مند ہے، امام کعبہ وحرم ہے، علم وحکمت کا منبع ہے، خلق واحسان اور سخاوت وکرم کی کان ہے جو عرش ولوح کا مظہر ہے، جو کلام قدیم کا ترجمان اور معلّم ہے، جو ہمارا سیّد، ہمارا رہبر، ہمارا شفیع ہے، جس کا نام محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے صلوٰۃ وسلام ہو تم پر اے احمد، اے اللہ کے حبیب، تم پر صلوٰۃ وسلام، اے حمید تم پر صلوٰۃ وسلام، اے اللہ کی دلیل تم پر صلوٰۃ وسلام، اے اللہ کے برگزیدہ حامد تم پر صلوٰۃ وسلام، اے اللہ کے دوست محمود، تم پر صلوٰۃ وسلام، اے محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم، اے اللہ کے رسول تم پر صلوٰۃ وسلام۔

---

[1] انسان میرا راز ہے اور میں اس کا راز ہوں۔

Marfat.com

یا نبی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَهُوَ الضِّيَاءُ الْمُسْتَضِي

آپ ایسی روشنی ہیں جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِهٖ سَطَعَ الْهُدٰى

آپ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِیْ صُبْحِ لَيْلِ الْبِلَا

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اے مخلوق میں سے سب سے زیادہ فیاض، دنیا کے عطیہ میں سے مجھ پر مہربانی فرما، اِس دنیائے حوادث میں تیرا وجود ہی کافی ہے۔ مجھ پر ٹوٹ پڑنے والے حوادث آپ پر اللہ کے عطا کردہ علم کی بدولت ظاہر ہیں، آپ کا یہ گناہگار غلام عبدالنبی جو جنّت کی آرزو میں مستغرق ہے، عاصی اور شکستہ پا ہے، آپ کے قدموں اور آپ کے روضۂ مبارک کی زیارت سے اَب تک محروم ہے، جو سب سے زیادہ خسارہ پانے والا اور سب سے بڑا گناہگار ہے، وہ اپنے احوال کی عین حالت گناہ میں اِلتماس واِلتجاء کرتا ہے کیونکہ آپ کا علم سب سے زیادہ وسیع اور آپ کا خلق سب سے زیادہ بسیط ہے۔

میرا دینی بھائی نعمت اللہ المعروف بہ سلیمان اپنے کمال کے ذریعے زیارت حرمین الشریفین کا ارادہ رکھتا ہے، چنانچہ اُسے حرم شریف کی زیارت حاصل ہو جائے تو اسے آپ کے کمالِ کرم سے اُمید ہے کہ اس کی نظر آپ کے لطف کریمانہ پر ہے تاکہ وہ اِن دونوں وسیلوں کے طفیل حرم کعبہ کے جوار میں مقیم ہو اور وہاں قیام کرنے کے ثمرات سے بہرہ یاب

Marfat.com

یاحی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یاقیوم

وَهُوَ الرَّسُوْلُ الْمُقْتَدٰی

آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے

مِنْهُ الشَّفَاعَةُ تُرْتَجٰی

آپ سے شفاعت کی امید ہے

بِجَمَالِهٖ خَمَدَ اللَّظٰی

آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ہو اور اس سے زیادہ کی التجا سوئے ادب ہے۔

حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے عربی زبان میں مندرجہ بالا درود شریف سرورِ کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں تحریر فرمایا۔ جس میں آپ نے تقریباً ۳۱ معجزات قلم بند کئے۔ جس سے آپ کی عربی زبان میں قابلیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

آپ کا شاہجوراسی میں قیام

حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے زندگی کے تقریباً آخری چالیس سال شاہجوراسی میں گزارے اور مجاہدہ و مراقبہ اور عبادت میں مشغول رہے۔ ایک درسگاہ قائم کی جس میں متعدد علمائے کامل درس کی خدمت کے لئے حاضر ہوتے اور حافظوں کی تعداد عموماً چھوٹے بڑے ایک سو چالیس سے تجاوز تھی اور آپ کے لنگر خانہ سے عام حاضرین بھی کھانا کھاتے ، جو معتقدین دُور دراز سے آتے، اُن سب کی خوراک کا بندوبست بھی آپ کے مطبخ سے ہوا کرتا تھا۔ اکثر اُن کی تعداد چار پانچ ہزار تک پہنچ جاتی تھی اور کھانے میں اللہ تعالیٰ اس قدر برکت ڈال دیتے کہ بعض اوقات اس کھانے سے مزید ہزار ڈیڑھ ہزار آدمی بھی سیر ہو جاتے۔ لوگ دُور دراز سے آتے، مرادیں مانگتے اور دنیوی اور دینی مقاصد کے حصول کے لئے آتے اور

Marfat.com

یا حی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا قیوم

عَشِقَ الْاِلٰہُ لِوَجْہِہٖ
آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

اَلِہَ الْعُقُوْلُ لِدَرْکِہٖ
انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وَبِحُسْنِہٖ تَاہَ النُّھٰی
آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

بامراد واپس لوٹتے۔ یہ زمانہ مغل بادشاہ بہادر شاہ اوّل (۱۷۰۷ء ــــ ۱۷۱۲ء) کے عہدِ حکومت کا تھا۔ بادشاہ ایک مرتبہ خود بھی تاج العارفینؒ کی خدمت میں کمال عقیدت سے حاضر ہوا، اور آپؒ کی خدمت میں ایک لاکھ روپیہ اور ایک لعل گراں بطور نذرانہ پیش کیا۔ اس زمانے میں صوبہ لاہور کا گورنر نواب عبدالصمد خان (۱۷۱۳ء ــــ ۱۷۳۷ء) تھا۔ جو حضرت ناصرالدین خواجہ عبیداللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں سے تھا۔ انتظام الدولہ۔ نواب جانی خان اور میر معین الملک عرف میر منو جو بالترتیب افواج پنجاب کے سپہ سالار اور حاکم پنجاب تھے۔ (۱۷۱۹ء ــــ ۱۷۵۲ء) عنایت اللہ خان وزیر اور اُن کے علاوہ خانصاحب میر نعمت اللہ خان، خانصاحب اصغر خان، میاں رستم خان اور مہربان خان جو کہ حکومت کے اعلےٰ اور اہم عہدوں پر فائز تھے۔ حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے مریدوں میں سے تھے۔

آپؒ کی عظمت اور بزرگی کا تذکرہ

حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے موقعہ وصال پر آپؒ کے خُلفاء میں سے ایک خلیفہ نے مرثیہ مع تاریخ وصال مندرجہ ذیل الفاظ میں آپؒ کی شانِ اقدس میں تحریر فرمایا:

Marfat.com

یاحیّ　　بسم اللہ الرحمن الرحیم　　یاقیوم

نَطَقَ الْحَجَرُ لِكَلَامِهٖ

پتھر آپ کے کلام سن کر بول اٹھے

حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِهٖ

درخت آپ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں

وَبِفَقْرِهٖ جَاءَ الْغِنٰى

آپ کی عزت کو دیکھ کر دولت آئی دگر آپنے منظور (نہ کی)

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

حضرت شیخ عبدالنبیؒ کے وصال پر پہلا مرثیہ مع تاریخ وصال

(۱) افسوس! ہماری ظاہر بیں نگاہوں سے اولیاء کے چراغ کا نور اوجھل ہوگیا۔

(۲) وہ سالکوں کے لئے شام افروز چاند اور صبح ہدایت کے آفتاب کی روشنی تھا۔

(۳) وہ ایسی محفل کی شمع تھا، جس کی شان میں آیا ہے کہ ''وہ اس دارِ فانی سے رخصت ہو کر مرتے نہیں''

(۴) اُس نے حریمِ خداوندی کا احرام باندھ کر دارِ بقا کا سفر اختیار کر لیا ہے۔

(۵) وہ اہل اللہ کا بادشاہ اور صوفیاء کی پناہ گاہ تھا، وہ نیک لوگوں کا پیشوا اور پاک لوگوں کا سرتاج تھا۔

(۶) وہ قدر و منزلت کا قبلہ اور مرکزِ اعتبار تھا۔ وہ عزت کی شان اور عظمت و بزرگی کی جان تھا۔

(۷) وہ صاحب عرفاں، صدق کا نور، دین کا رہنما۔ حق الیقین کا مالک اور ہدایت کا ماہِ کامل تھا۔

(۸) وہ ہدایت کا منبع اور رہنمائی کے سمندر کا ماخذ تھا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حَیُّ یا قَیُّومُ

وَلِهُ الوَصِيفُ بِمَدحِهِ

تعریف کرنے والا آپ کی مدح پر عاشق ہے

كُلَّ المَدِيحُ بِوَصفِهِ

مدح آپ کے وصف سے عاجز ہیں!

وَبِشَوقِهِ لَاْلَا الْمَلَا

آپ کا شوق تمام دنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوا عَلَيهِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

(۹) وہ شخص، پیر و مرشد حضرت عبدالنبیؐ تھا، جو اہلِ توحید و سلوک کے لئے مایۂ افتخار تھا۔

(۱۰) وہ آسماں کے مرتبہ والا ایسا برگزیدہ انسان تھا کہ مہر و ماہ بھی نور حاصل کرنے کے لیے اُس کی خاک سے التجا کرتے تھے۔

(۱۱) اے اللہ! اپنے فضل و کرم سے اُس کی پاک رُوح پر ہمیشہ اپنی رحمت نازل فرماتا رہ!

(۱۲) اُس کے مرقد سے دوستوں کے باغ میں ابرِ فیض سے پھول کھلاتا رہ!

(۱۳) افسوس! اُس کے دل افروز فیض کے سُورج کو گہن لگنے سے روشن صبح، شام کی طرح تیرہ و تار ہوگئی۔

(۱۴) دنیا دیکھنے میں تاریک ہوگئی۔ شمع کے بغیر اہلِ خانہ کے لئے اندھیرا چھاگیا۔

(۱۵) قضا کے شرربار قلم کے دھوئیں نے دل کو جلا دیا اور اُسے زخم زخم کردیا۔

(۱۶) موت کی آگ سے دل کباب ہوگیا۔ اس نے جہاں کو انتہائی بلندی سے انتہائی پستی میں پھینک دیا۔

(۱۷) آنکھوں سے خون کے آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا، جس نے رستے کے ہر پُل کو توڑ پھوڑ دیا

(۱۸) اِس جگر سوز اور ہولناک واقعہ کو دیکھکر آسماں حیرت زدہ ہوگیا۔

(۱۹) اُس عالی جناب کی تاریخ وفات کے لئے جب دل نے سوچ بچار کی،

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمن الرحیم　　یا قیوم

رَفَعَ الرَّفِیْعُ مَنَارَہٗ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپ کے مینار کو بلند کیا

اَعْلَی الْقَدِیْرُ وَقَارَہٗ

قدرت والے خدا نے آپ کے اعزاز کو اعلیٰ بنایا

اِنَّا فَتَحْنَا وَالضُّحٰی

اور انا فتحنا اور والضحیٰ کی سورتوں میں آپ کی توصیف ظاہر فرمائی

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

(٢٠) تو حُسنِ طلب کے آخر کی بدولت اُسے معلوم ہوا کہ آفتابِ ہدایت گہن میں آ گیا۔

○

دوسرا مرثیہ مع تاریخِ وصال

(١) وہ باصفا اور علمِ لدنی (خداداد علم) کا مالک تھا۔ وہ عرفان کا سمندر اور خدا کے نُور کا مَظہَر تھا۔

(٢) اُس کے وجُود سے دُنیا نے فیض پایا ہے اور آخرت بھی چمک اُٹھے گی۔

(٣) اُس نے لفظ اور معنی دونوں کی تحقیق کی۔ وہ نکتہ داں، دستگیر اور ہمارا پیرو مُرشد تھا۔

(٤) اے اہلِ ذہانت، اگر آپ ایک حرف بھی سمجھیں، تو ہر مصرع کے شروع میں اس کا نام آئے گا۔

(٥) میں اس عالی جناب کی پھر تعریف کرتا ہوں۔ وہ عالمِ ناسُوت (دنیا) اور عالمِ ملکُوت (عالمِ ارواح) کا ہُما (ایک مبارک پرندہ) تھا۔

(٦) اُس قُطبِ عالم اور غوثِ اعظم رہنما نے دو سانسوں میں عالمِ جبرُوت (اللہ کے مرتبۂ صفات)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیی — یا قیوم

وَلَكُمْ بِهٖ مِنْ حُجَّةٍ

تمہارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

لَنُوْرٍ جَالِیْ ظُلْمَةٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دور کرتی ہے

فِی الْمُبْتَدَاءِ وَالْمُنْتَهٰی

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

اور عالم لاہوت (اللہ کے مرتبۂ اسماء) کے مقامات کو طے کرلیا۔

(۷) اُس نے امامت کے اندر خلافت کا مرتبہ پایا اور انبیاء کے مقامِ نبوت و ولایت سے بھی حصّہ لیا۔

(۸) وہ اولیاء اللہ کا سرتاج، نبوّتِ احمدیؐ کے کمالات سے بہرہ ور ہوا۔

(۹) وہ صدق و خلوص میں ابوبکرؓ، عدل و انصاف میں فاروقؓ، شرم وحیا میں عثمانؓ اور علم وفضل میں علی کرّم اللہ وجہہ کی مثال تھا۔

(۱۰) وہ اجتہاد میں ابوحنیفہؒ اور شافعیؒ تھا اور فہم شریعت میں مالکؒ اور حنبلؒ تھا۔

(۱۱) وہ حقیقت اور طریقت میں خاص الخاص تھا۔ وہ معرفت کے میدان میں خصوصی رہنما تھا۔

(۱۲) اُس کی بدولت دِل، رُوح اور سر روشن تھے۔ وہ چودھویں کا چاند 'خفی' میں بھی 'خفی' تھا۔

(۱۳) جب وہ مہرِ عالم تاب اس جہانِ فانی سے جہانِ باقی کو چلا گیا،

(۱۴) تو دنیا میں اندھیرا چھا گیا اور ساتوں زمینیں اور نو کے نو آسمان تیرہ و تار ہو گئے۔

(۱۵) جب میں نے عقل سے بڑے صدق و خلوص سے اس کی تاریخِ وصال پوچھی،

(۱۶) تو ہاتف نے کہا کہ 'بخشش'، 'جود' (سخاوت)، 'کرم'، 'حلم' (بُردباری) اور 'حیا' بے سروپا ہو گئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

مَلَا الْحَشٰی بِمَحَبَّتِہٖ

دل و جگر کو آپ کی محبت سے بھر دیا

فَلَقَ النَّویٰ بِمَوَدَّتِہٖ

آپ کی محبت نے گٹھلی کو چیر دیا

وَبِلُطْفِہٖ نِلْنَا الْمُنٰی

آپ کی مہربانی سے ہم نے مرادیں حاصل کیں

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

(۱۷) نُور اُس کے روضہ کے گرداگرد قربان ہوگیا۔ خُدا کرے کہ ہدایت کا نُور اس کی دستگیری کرے۔

تشریح تاریخ ہائے وصال

پہلے مرثیہ میں حضرت شیخ عبد النبیؒ کی تاریخ وصال بحروف ابجد نکالی گئی ہے۔ چونکہ اکثر حضرات کو حروفِ ابجد کے اعداد سے آگاہی نہیں اور انہیں اس بات کا علم نہیں کہ عربی اور فارسی (اور ان کے تتبع میں اُردو) کے ہر حرف کے عدد مقرر ہیں، اس لئے بطورِ تعارف حروفِ ابجد کے اعداد بھی بیان کئے جاتے ہیں، تاکہ تاریخ کے سمجھنے میں سہولت رہے اور پوری طرح محظوظ ہُوا جا سکے۔

حُروفِ ابجد اور اُن کے اعداد:

ابجد				ہوّز			حُطی			کلمن				سعفص			
ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

Marfat.com

یا حیّ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا قیوم

شَقَّ الْقَمَرُ لِمَرَامِہٖ

آپ نے چاند کو اپنی نبوت ثابت کرنے کے لئے چاک کیا

جَاءَ الْمَلَكُ بِسَلَامِہٖ

فرشتے آپ کے سلام کو حاضر ہوئے

بِصَلٰوتِہٖ اُمِرَ الْوَرٰی

خلقت کو آپ کی ذات پر درود بھیجنے کا حکم ہوا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو ! !

قُرِشت				ثخذ			ضظغ		
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۹۰۰	۸۰۰	۱۰۰۰

پہلی تاریخِ وصال منظوم فارسی:

یہ تاریخ مرثیہ کے آخری شعر ؎

یافتہ از غایتِ حُسنِ طلب — منکشف گردید مہرِ اہتدا

(آفتابِ ہدایت کو گہن لگ گیا)

میں پوشیدہ ہے۔ "غایتِ حُسنِ طلب" کا مطلب اس ترکیب کے آخری حرف 'ب' کے عدد کو دوسرے مصرعہ "منکسف گردید مہرِ اہتدا" کے اعداد میں جمع کرنا ہے، جس سے تاریخِ وصال نکلتی ہے، جو نہایت موزوں اور بامعنی ہے۔

تشریح:

منکسف					گردید					مہرِ			اہتدا						
م	ن	ک	س	ف	گ	ر	د	ی	د	م	ہ	ر	ا	ہ	ت	د	ا	+	ب
۴۰	۵۰	۲۰	۶۰	۸۰	۲۰	۲۰۰	۴	۱۰	۴	۴۰	۵	۲۰۰	۱	۵	۴۰۰	۴	۱	+	۲

(۲۵۰) + (۲۳۸) + (۲۴۵) + (۴۱۱) + ۲ = سنہ ۱۱۴۶ھ

یاحی بسم اللہ الرحمن الرحیم یاقیوم

لِعُرُوجِہٖ نَزَلَ الْمَلَکُ

آپ کی قدر کو بلند ثابت کرنے کے واسطے فرشتے نازل ہوئے

لِقُدُومِہٖ رُفِعَ الْفَلَکُ

آپ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا

قَدْ جَاءَ فِیہِ لَقَدْ رَاٰی

آپ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے خدا کا دیدار کیا

صَلُّوا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

دوسری تاریخ وصال نثر میں :

دوسری تاریخِ وصال نظم کی بجائے نثر میں "خلیفۂ عالی برحق" کی بامعنی ترکیب میں کہی گئی ہے۔ اس کی تشریح حسب ذیل ہے :-

برحق	عالی	خلیفہ
ب ر ح ق	ع ا ل ی	خ ل ی ف ہ
۱۰۰ ۸ ۲۰۰ ۲	۱۰ ۳۰ ۱ ۷۰	۵ ۸۰ ۱۰ ۳۰ ۶۰۰
(۳۱۰) +	(۱۱۱) +	(۷۲۵)

(۳۱۰) = ۱۱۴۶ھ

تیسری تاریخ وصال فارسی نظم میں :

دوسرے مرثیہ میں تاریخِ وصال نہایت عمدہ اور مرموز پیرائے میں بیان کی گئی ہے۔ اس مرثیہ میں تاریخ وصال مرثیے کے آخری سے پہلے شعر ؎

گفت ہاتف بے سروپا می شدند بخشش وجود وکرم، حلم وحیا

میں پوشیدہ ہے۔ اس میں رمز یہ ہے، کہ 'بخشش'، 'جود'، 'کرم'، 'حلم' اور 'حیا' کے الفاظ کو اگر "بے سروپا" کر دیا جائے، یعنی ان الفاظ کے پہلے اور آخری حرف کو کاٹ دیا جائے، تو باقی ماندہ حروف کے اعداد کے مجموعہ سے تاریخ وصال نکل آئے گی، تشریح حسب ذیل ہے :

Marfat.com

یا حیّ　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

نَبَعَ الْوُضُوْءُ بِرُکُوْبَتِہٖ

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

کَثُرَ الطَّعَامُ بِبَرَکَتِہٖ

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وَبِکَفِّہٖ نَطَقَ الْحَصٰی

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

حیا	حلم	کرم	جود	بخشش
ـحـ یـ ـا	ـحـ ل ـم	گـ ر ـم	ـجـ و ـد	بـ خ ش ـش
۱۰	۳۰	۲۰۰	۶	۶۰۰ ۳۰۰

۹۰۰ + ۶ + ۲۰۰ + ۳۰ + ۱۰ = ۱۱۴۶ھ

اس میں فن تاریخ کے علاوہ شعری خوبی یہ ہے کہ حضرتؒ کی وفات سے بخشش، جود، کرم، حلم اور حیا کے سر اور پیر کٹ گئے، گویا حضرتؒ کے اُٹھنے سے یہ صفات بھی دنیا سے اُٹھ گئیں، اور لوگ ان کی برکتوں سے محروم ہو گئے۔

○

کرامات اولیاء اللہ

ہر زمانے میں انسانوں کا ایک گروہ رُوحانیت اور کرامات کا منکر پایا گیا ہے، اس کے برعکس ایک دوسرا گروہ ہے، جو اولیاء اللہ سے والہانہ عقیدت رکھتا ہے اور اُن سے

Marfat.com

یا حَیُّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یا قَیُّوۡمُ

ذَرَفَ الْعُیُوْنُ لِوَعْظِہٖ
آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں
وَجِلَ الْقُلُوْبُ بِنُصْحِہٖ
دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے
بِدُعَائِہٖ ذَھَبَ الْعَمٰی
آپ کی دُعا سے نابینائی دور ہو گئی
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ایسی باتیں منسوب کرتا ہے، جو انہیں کئی مقامات پر شرک کا مرتکب بنا دیتا ہے۔ حقیقت اس کے بین بین ہے۔ کراماتِ اولیاء اللہ حق ہے اور ہر زمانے میں ان کرامات کا صدور ہوتا رہا ہے۔ اللہ سبحان تعالیٰ اپنے پیارے بندوں کو اس دُنیا کی چیزوں پر تصرف بخشتا ہے اور اُن سے خوارق عادات ظہور میں آتے رہتے ہیں۔

کرامت وہ خرق عادت ہے جو کہ ایک ولی کے ہاتھ سے ظاہر ہو اور جب خرقِ عادت کسی نبیؑ کے واسطہ سے ظہور پذیر ہو۔ اُسے معجزہ کہا جاتا ہے۔ حضرت علامہ شہاب الدین نے ولی کی مندرجہ ذیل چار نشانیاں بتلائی ہیں:

۱۔ جس کا ظاہر اصلاح پر مبنی ہو۔
۲۔ وہ کسی نبیؑ کا متبع ہو اور اُس کی شریعت کا پابند ہو۔
۳۔ اُس کا اعتقاد صحیح ہو۔
۴۔ اُس کے اعمال صالح ہوں۔

مندرجہ بالا اُمور کے ماسوا کوئی خرق عادت ظاہر ہو تو وہ استدراج ہے، کرامت نہیں۔ ولی اللہ کا تصرف اللہ تعالیٰ کے اذن اور مشیت سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہ عقیدہ رکھنا غلط ہے کہ اولیاء اللہ کا تصرف ہر وقت اُن کے اپنے اختیار سے ہوتا ہے، ایسا تصرف

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نبی   یا مرسل

وَاللّٰہِ مَا اُحْصِیْ ثَنَا
خدا کی قسم میں آپ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو
بِلْ فَضْلِہٖ مِنْ رَبِّنَا
جو ہمارے رب نے آپ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کر سکتا
فَھُوَ النَّبِیُّ الْمُرْتَضٰی
آپ خدا کے پسندیدہ نبی ہیں!
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو

کبھی الہام سے کبھی نیند سے کبھی اُن کی دُعا سے کبھی اُن کے فعل سے اور کبھی بغیر قصد اور شعور سے واقع ہوتا ہے۔ بے شک یہ سب اللہ سبحانہ' تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے ہیں۔

کرامات اولیاء اللہ بعد از ممات

جس طرح شہید شہادت کے بعد بھی زندہ رہتا ہے۔ اسی طرح ولی اللہ کی وفات کے بعد اس کی کرامت منقطع نہیں ہوتی، بلکہ پہلے سے زیادہ اظہر اور قوی ہوتی ہے۔ علاّمہ سمہودیؒ فرماتے ہیں کہ عقلاً اولیاء اللہ کی کرامات قبل الموت سے اُن کی کرامات بعد از موت زیادہ ظاہر اور روشن ہونی چاہیئے۔ کیونکہ ان کی رُوح موت کے بعد زیادہ لطیف اور نُورانی اور دنیا کی آلائشوں سے صاف ہو جاتی ہے۔ صوفیاء کرام فرماتے ہیں:

اَرْوَاحُنَا اَجْسَادُنَا وَ اَجْسَادُنَا اَرْوَاحُنَا۔

ترجمہ: ہمارے رُوح ہمارے جسم ہیں اور ہمارے جسم ہمارے رُوح ہیں۔

ان اولیاء اللہ میں بہت سے ایسے ہیں جو کہ اپنے احباب کی مدد فرماتے رہتے ہیں اور اُن کے دشمنوں کو مٹاتے رہتے ہیں اور جن کو اللہ تعالیٰ چاہے، اُن کی ہدایت بھی فرماتے رہتے ہیں۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ سے کوئی ایسا قول ثابت نہیں ہے۔ جس سے نفئ کرامت بعد الموت

Marfat.com

یَا حَیُّ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یَا قَیُّوْمُ

أَنَا كَيْفَ أَمْدَحُ يَا لَثَنَا

اے حضرت محمد رسول اللہ! میں آپ کی توصیف

لَكَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّمَا

کیونکر ادا کرسکوں

أَنْتَ الْمُمَجَّدُ يَا لَنْدَى

آپ اپنی فیاضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ثابت ہو۔ اس کے علاوہ تینوں مذاہب یعنی شافعیہ۔ مالکیہ اور حنبلیہ کی کسی کتاب میں ایک حرف بھی ایسا ثابت نہیں ہوا جو کہ ان حضرات کی کرامات بعد الموت کی نفی کر سکے۔ روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو بعد وفات جب غسل دینے لگے تو آپ کے پہلو پر ایک سطر لکھی ہوئی نظر آئی۔

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً فَادْخُلِي فِي عِبَادِي وَادْخُلِي جَنَّتِي۔

ترجمہ: اے تسلی یافتہ روح اپنے ربّ کی طرف چل درآنحالیکہ تو راضی کی گئی ہے۔ پس میرے مقرّب بندہ کے گروہ میں شامل ہو جا اور میری جنت میں داخل ہو جا۔

پھر دائیں ہاتھ پر یہ لکھا ہوا نظر آیا۔

اُدْخُلِ الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ۔

ترجمہ: اپنے اعمال صالحہ کی وجہ سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔

بائیں ہاتھ پر یہ عبارت نظر دیکھی گئی۔ اِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلاً

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

وَلَقَدْ اُنَادِیْ یَا حَشَا

میں عشق کی شدت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطَّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا

دیکھو تم آنحضرتؐ کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہو رہے ہیں

فَلَطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا

اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

ترجمہ: ہم نیکوکاروں کے اعمال کا اجر ضائع نہیں کیا کرتے۔

آپ کے بطن مُبارک پر لکھا ہوا پایا گیا۔

یُبَشِّرُھُمْ رَبُّھُمْ بِرَحْمَۃٍ مِّنْہُ وَ رِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّھُمْ فِیْھَا نَعِیْمٌ مُّقِیْمٌ۔

ترجمہ: اُن کو اپنا ربّ اپنی رحمت اور رضوان اور باغات عطا کرنے کی خوش خبری دے گا۔ اُن باغات میں اُن کے لئے ہمیشہ کے لئے نعمتیں ثابت ہوں گی۔

جب آپ کو جنازہ پر رکھا تو ہاتف نے آواز بلند کر کے کہا۔

"اے اپنے لمبے قیام سے راتوں کو جاگنے والے زیادہ تہجد پڑھنے والے اور زیادہ روزے رکھنے والے۔ اللہ تعالیٰ نے تجھے بہشت عطا کی ہے۔"

جب قبر میں رکھے گئے تو ہاتف کو یہ کہتے ہوئے سُنا گیا۔

"تیرے لئے جنت کے باغ اور باغیچے اور جنت کی نعمتیں ہیں۔"

حضرت علامہ امیر شیخ عبدالسلام مالکیؒ نے اپنی کتاب الجوہرہ میں تحریر فرمایا ہے کہ:

"جب کرامت کا صدور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ولی کی حیات اور موت

Marfat.com

یا حی ‏ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ‏ یا قیوم

وَتَجَشَّمَتْ نَفْسِیْ کَمَا
میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی
یَتَجَشَّمُ حَجَرُ الرَّحٰی
جیسی چکی کا پتھر اٹھاتا ہے
فِیْ هِجْرِ فَخْرِ الْاَنْبِیَا
فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی میں
صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ ایک بات قابل غور ہے کہ اگر کسی شخص کا یہ خیال ہے کہ ولی اللہ مستقل طور پر جب چاہیں اور جیسے چاہیں، کرامت دکھانے پر قادر ہیں تو ایسا اعتقاد رکھنا کفر ہے"۔

سیّد شمس الدین حنفیؒ اپنے زمانہ کے قطب تھے۔ آپ نے مرض الموت میں فرمایا کہ جس کسی کو کوئی حاجت پیش آ جائے وہ میری قبر کے پاس آ کر حاجت طلب کرے تو میں اس کی حاجت کو پورا کر دوں گا۔ مزید فرمایا کہ میرے مرنے کے بعد مٹی میرے تصرّف کے لئے باعثِ حجاب نہیں بن سکتی۔

حضرت امام حافظ عبد العظیم رحمۃ اللہ علیہ منذری نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ:

"کہ ایک صحابی نے ایک قبر کے اُوپر خیمہ نصب کیا۔ انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ قبر ہے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ یہ ایسے شخص کی قبر ہے جو کہ سورۃ ملک کی تلاوت کر رہا ہے۔ وہ صحابی تلاوت سُنتا رہا۔ یہاں تک کہ سورۃ ختم ہو گئی۔ صحابی نے اپنا ماجرا حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ سورۂ ملک عذاب

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

یَا رَھطَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے آل محمدؐ کے گروہ !

یَا صَحبَ صُحبَۃِ اَحمَدٍ

اور اے صحبت رسول علیہ السلام کے فیض یافتہ اصحاب

رُوحِی وَنَفسِی قَد فِدَا

میری جان اور میرا نفس سب آپؐ پر قربان ہے

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو !

قبر سے نجات دینے والی ہے ۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ ارشاد کہ اس شخص مذکور کی کرامت بعد الموت پر ایک واضح دلیل ہے ۔"

کشفُ الصُّدور

روایت ہے کہ :

(١) ایک دفعہ حضرت تاجُ العارفین ، حضرت مولوی جان محمدؒ کے ہاں جالندھر تشریف لے گئے ۔ ایک نابینا حافظ آپؒ کی شہرت سُن کر کسی گاؤں سے جالندھر آپؒ کی زیارت کرنے کے لئے پہنچا اور دل میں خیال کر رہا تھا کہ اگر ہماری خبر نہ ہوئی تو ملاقات کا کیا فائدہ ۔ آخر کار اُس نے دل میں یہ ٹھہرایا کہ حضرت نے مجھے اپنے پاس بٹھلا کر کھانا کھلایا اور میری اچھی طرح سے خاطر کی تو میں سمجھوں گا کہ آپؒ صاحب کمال ہیں ۔ وہ دیہاتی پوچھتا پوچھتا آپؒ کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ آپؒ کے خدام اور حاضرین مجلس کی اُس وقت اتنی بڑی تعداد تھی کہ اس بے چارے کو اندر جانا بھی نصیب نہ ہوا اور دل میں افسوس کرنے لگا ۔ حضرت تاجُ العارفین اُس وقت اندر تشریف رکھتے تھے ۔ اُسی وقت آپؒ نے کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا اور مراقب ہو گئے ۔ حضرت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اخی — یا قوم

فَتَحَدَّثُوا عَنْ لَوْعَتِیْ

اے دوستو میرے سوزِ دل کی بابت

عِنْدَ الْحَبِیْبِ اَحِبَّتِیْ

میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو

سَکَبَتْ دُمُوْعِیْ یَا فَتَا

اے لوگو! میرے اشک رواں ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

مولوی جان محمدؒ صاحبؒ نے اس معاملہ کو سمجھ لیا اور اس نابینا کا ہاتھ پکڑ کر آگے لے آئے اور خود حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے اُسے شریک طعام بنا لیا جس کے بعد وہ ہمیشہ کے لئے حضرتؒ کا خادم بن گیا۔

(۲) اس زمانے کے دو بڑے شاعر مُقبل اور واقفؔ تھے۔ وہ دونوں حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں شاہجوراسی پہنچے۔ اُس وقت آپؒ کی طبیعت ناساز تھی اور آپؒ زنان خانہ میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ کو اُن دونوں کے آنے کی اطلاع کرائی گئی۔ آپؒ نے ملاقات سے معذوری کا اظہار کیا اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو کچھ کہنا ہے، لکھ کر بھیج دیں۔ ان دونوں صاحبوں نے اپنے دل میں یہ خیال کیا کہ حضرت بہت بوڑھے ہوگئے ہیں۔ اب تو آپؒ کی توجّہ اور قوتِ جذب میں ضُعف آگیا ہوگا۔ اُنھوں نے ایک عریضہ لکھا جس میں شوقِ ملاقات اور اپنی عقیدت اور بیعت کا ارادہ ظاہر کیا۔ رقعہ مذکورہ جب آپؒ کے پاس پہنچا تو آپؒ نے اس کے پُشت پر تحریر فرمایا کہ اَب میں بوڑھا ہوگیا ہوں اور میرے اندر جذب اور توجّہ کی قوت نہیں رہی، لہٰذا آپ صاحبان کسی دوسری جگہ تشریف لے جائیں اور کسی کامل صاحبِ جذبہ کی تلاش کرلیں۔ جب اِن کو یہ جواب ملا، تو

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ یا قیوم

ذَکَرَ الصَّلوٰۃَ فَقِیْرُہٗ

آپ کے در کے گدا عبد النبی نے

عَبْدُ النَّبِی مُعَطِّرُہٗ

جو آپ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلا نیوالا ہے

فِیْ کُلِّ صُبْحٍ وَّالْمَسَا

تمام صبح اور شام آپ پر درود بھیجنے میں صرف کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

بہت شرمسار ہوئے اور کچھ عرصہ وہیں مقیم رہے اور جب آپؒ کی طبع درست ہوئی اور بیرون خانہ آمدورفت ہوئی تو یہ دونوں صاحب بصدقِ دل آپؒ سے بیعت ہوئے اور خادموں میں شامل ہو گئے۔

(۳) حضرت حافظ محمد مکملؒ آپ کے خادموں میں سے تھے اور آپ کے والد بزرگوار نے حضرت تاج العارفین سے درخواست کی کہ اب حافظ صاحب کو رخصت عنایت فرمائی جاوے۔ لہٰذا حافظ صاحب اپنے گاؤں سنگوہہ میں رہنے لگے مگر جذبۂ عشق اور ارادتِ کامل کا اس قدر جوش تھا کہ کبھی کبھی آدھی رات کو اُٹھ کر شاہچوراسی کا راستہ پکڑتے اور علی الصبح دریائے بیاس عبور کر کے شاہچوراسی پہنچ جاتے ہوتے ہوتے آپ کا یہ سفر اس قدر جلدی طے ہونے لگا کہ آپ عشاء کی نماز سنگوہہ میں پڑھتے اور صبح کی نماز حضرت تاج العارفین کے ساتھ پڑھ کر واپس روانہ ہو جاتے۔ ایک دن آپ کے والد محترم کو معلوم ہوا تو وہ بھی خفیہ طور پر حافظ صاحب کے پیچھے ہو لئے اور تیزی کے ساتھ دریائے بیاس کے کنارے پر پہنچے۔ حافظ صاحب تو بالکل خشک قدم دریا عبور کر گئے۔ مگر اُن کے والد محترم کھڑے ہو کر دیکھنے لگے ساری رات وہاں منتظر رہے۔ حافظ صاحب نے حسب معمول صبح کی نماز سے

Marfat.com

یا حیی   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا قیوم

بَرَزَغَ الحَبِیبُ المُجتَبیٰ
برگزیدہ محبوب کی روشنی
فِی سُحمَۃِ اللَّیلِ الدُّجیٰ
کالی رات کی سیاہی میں چمکی!
کَالشَّمسِ تُشرِقُ فِی الضُّحیٰ
جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے
صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

فراغت پائی تو حضرت تاج العارفینؒ نے فرمایا کہ حافظ صاحب جلدی اپنا راستہ لو۔ آپ کے والد دریا کے کنارے کھڑے تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔

(۴) ایک دفعہ ایک ہندو جوگی حضرت مولوی جان محمدؒ کی موجودگی میں مسلمان فقیروں کا لباس پہن کر حاضر خدمت ہوا۔ راستے میں یہ خیال کیا کہ دیکھیں یہ میری عزت و تکریم مسلمان فقیروں جیسی کرتے ہیں یا نہیں۔ اگر مسلمان فقیروں کی سی عزت سے پیش آئے تو سمجھونگا کہ بس خالی ہیں۔ اور ان کو میرے ہندو ہونے کا پتہ بھی نہ لگے گا۔ چنانچہ جب وہ سامنے گیا تو آپؒ سیدھے اس کی تعظیم کے لئے کھڑے ہوگئے اور گلے لگا کر ملے۔ بیٹھ گئے تو وہ ہندو فقیر دل ہی دل میں ہنسا کہ آپؒ اس کے دھوکے میں آگئے ہیں۔ اس قسم کے خطرات دل میں گزر ہی رہے تھے کہ فوراً حضرت تاج العارفینؒ نے مولوی جان محمدؒ کو مخاطب ہو کر فرمایا، مولوی صاحب ہم نے تو فقیرانہ لباس کی تعظیم کی ہے نہ کہ اس ہندو جوگی کی۔ اس پر وہ ہندو جوگی بہت پشیمان ہوا اور اس نے اُسی وقت حضرت تاج العارفینؒ کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کیا اور آپؒ کے خادموں میں شامل ہو گیا۔

(۵) ایک فقیر جو اپنے آپ کو صاحب تصرف و جذبہ ظاہر کرتا تھا۔ اس کی عادت تھی کہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حَیُّ　　　　　　　　　　　　　　　　یا قَیُّومُ

وَھُوَ الضِّیَاءُ الْمُسْتَضِیْ

آپ ایسی روشنی ہیں جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِہٖ سَطَعَ الْھُدٰی

آپ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِیْ صُبْحِ لَیْلٍ اَلْیَلَا

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

جب بھی وہ اولیاء اللہ سے ملتا تو بہت خوش ہوتا اور معانقہ کرتا اور ان کی نسبت سلب کر لیتا یعنی اُن کا ذوقِ شوق عبادت جذب کر لیتا تھا۔ وہ اسی طرح ۷۲ اشخاص کے احوال کو سلب کئے ہوئے تھا۔ ایک دن اُس کو یہ خیال ہوا کہ آج حضرت تاج العارفینؒ سے بھی یہی سلوک کروں، کیونکہ آجکل اُن کی شہرت بہت سُنی جا رہی ہے۔ لہٰذا وہ شخص جب آپؒ کے سامنے آیا تو آپؒ نے فوراً ہی اس کی نیت کو بھانپ لیا اور آپؒ نے وہیں سے بیٹھے بیٹھے ہی اُس کی نسبت سلب کر لی اور دو سال تک وہ ذلیل و خوار پھرتا رہا۔ آخر کار آپ ہی کے در پر بیٹھ گیا۔ حضرت تاج العارفینؒ کو ایک دن اُس پر رحم آ گیا اور اُس پر نظرِ کرم عنایت فرمائی، اور اس کو صاحب کشف و مواجہ بنا دیا۔

(۶) ایک دفعہ آپؒ کی مجلس میں دو پوتی آئے اور آپس میں باتیں کرتے تھے، کہ آپؒ کی شہرت تو بہت ہے اور دوسرے نے کہا کہ شہرت کیا ہے۔ مزہ تو جب آئیگا۔ اگر ہم کو اعلیٰ درجہ کا کھانا کھلائیں۔ تب ہم سمجھیں گے کہ صاحب کمال ہیں۔ اتفاق سے آپؒ کی مجلس میں اسی قسم کا کھانا جو وہ چاہتے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک شخص لایا اور وہ اس قدر افراط سے تھا کہ سب کو حصہ ملنے کے بعد باقی

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَهُوَ الرَّسُولُ الْمُقْتَدیٰ

آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے

مِنْهُ الشَّفَاعَةُ تُرْتَجیٰ

آپ سے شفاعت کی امید ہے

بِجَمَالِهٖ خَمَدَ اللَّظیٰ

آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

بچ رہا۔ آپ نے فرمایا یہ محفوظ رکھو۔ دو کتے آویں گے۔ اُن کے آگے رکھ دینا۔ جب وہ دونوں آئے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ کھانا رکھ دیا جائے۔ بس اُنھوں نے کھانا تو کیا کھانا تھا بس دِل ہی دِل میں آپ کے ہو گئے اور کھانے کے بعد آپ سے معافی چاہی اور آپ سے بیعت کی درخواست کی اور ایک عرصہ تک آپ کی صحبت شریف میں رہے اور درجہ کمال کو پہنچے۔

(۷) ایک واقع منقول ہے کہ آپ کے خلفاء میں سے ایک حافظ صاحب تھے کہ اُن کی موجودگی میں کوئی دوسرے حافظ صاحب حضرت تاج العارفینؒ کی خدمت میں آئے آپ کے خلیفہ حافظ صاحب نے اُن کے ساتھ کسی بات پر مباحثہ شروع کر دیا اور وہ حافظ صاحب جو مہمان تھے، وہ بھی تیز طبع تھا۔ آخر اِن دونوں میں جھگڑا ہو گیا اور جب اس واقع کا علم حضرت تاج العارفینؒ کو ہوا تو آپؒ نے اپنے خلیفہ حافظ صاحب سے سب احوال سلب کر لئے، حتیٰ کہ اُن کو اِس پریشانی میں قرآن پاک بھی یاد نہ رہا۔ اور علوم ظاہری بھی بھول گئے۔ ایک عرصہ تک وہ کسمپرسی میں پڑے رہے۔ آخر بعض خلفاء اور مقربین کی سفارش سے آپؒ نے اس کے حال پر رحم فرمایا اور سب احوال دوبارہ اور حفظ قرآن اور علوم ظاہرہ اُن کو عنایت فرما دیئے اور اُن کو معاف کر دیا۔

Marfat.com

یا حی   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا قیوم

عشق الالٰہ لوجھہ

آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

الہ العقول لدرکہ

انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وبحسنہ تاہ النھٰی

آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صلّوا علیہ وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

(۸) نواب جانی خان، نواب قمرالدین خان وزیر احمد شاہ بادشاہ دہلی کا فرزند تھا۔ آپ کو دینی تعلیم کا شوق تھا۔ آہستہ آہستہ آپ کی طبیعت اولیاء اللہ کی زیارت کرنے کی طرف راغب ہوگئی۔ چنانچہ حضرت تاج العارفینؒ کی شہرت سُن کر شاہجہاں پور اسی پہنچا اور بیعت ہونے کے لئے عرض کی۔ جس پر آپؒ نے فرمایا کہ کچھ عرصہ رہو۔ پھر دیکھا جائے گا۔ لہٰذا نواب جانی خان آپؒ کے لنگر خانہ میں کام کرتے رہے اور اُنھوں نے آپؒ کے خدام سے کہا کہ حضرت کے پاس سفارش کریں کہ انہیں سلسلہ میں داخل کرلیا جاوے۔ چنانچہ آپؒ نے نواب جانی خان کو بلوایا اور فرمایا کہ کیا تم جانی بننا چاہتے ہو یا خان بننا چاہتے ہو۔ نواب صاحب نے جواب دیا کہ سرکار جانی بننا چاہتا ہوں آپ نے تین مرتبہ پوچھا اور نواب جانی خان نے یہی جواب دیا۔ اتنے میں ایک شخص خربوزوں کا ایک ٹوکرہ لے کر آیا اور آپؒ کی خدمتِ عالیہ میں پیش کیا۔ آپؒ نے حاضرین کے درمیان ایک ایک خربوزہ تقسیم کر دیا اور ایک خربوزہ نواب جانی خان کو بھی عنایت کیا لوگ ویسے ہی کھانے لگے۔ مگر نواب جانی خان نے چاقو مانگا۔ اس پر آپؒ نے فرمایا کہ ابھی تک آپ کے دماغ سے خانی نہیں نکلی ہے۔ لہٰذا کچھ عرصہ اور خدمت میں رہو تو پھر بیعت کریں گے۔ کچھ عرصہ کے بعد جب نواب صاحب کی طبیعت درست

Marfat.com

یاحی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاقیوم

نَطَقَ الْحَجَرُ لِكَلَامِهِ
پتھر آپ کے کلام سن کر بول اٹھے
حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِهِ
درخت آپ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں
وَبِفَقْرِهِ جَاءَ الْغِنٰی
آپ کی عزت کو دیکھ کر دولت آئی مگر آپنے منظور نہ فرمائی
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

ہوگئی تو اُن کو بیعت کیا اور وہ آپؒ کے خادموں میں رہنے لگے اور علم باطنی کا فیض حاصل کرتے رہے اور گھر جانے کا مطلقاً خیال نہ کرتے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد ایک دن حضرت صاحبؒ نے فرمایا کہ اے جانی تم جانی خان بننا چاہتے ہو، یا جانی ہی رہنا چاہتے ہو تو نواب صاحب نے عرض کی کہ سرکار جانی ہی رہنا چاہتا ہوں۔ آپؒ نے فرمایا کہ نہیں اب آپ کو نواب جانی خان بنایا جائے گا اور فرمایا کہ تمہارے والد کا انتقال ہوگیا ہے اور گدی کی نسبت چہ مے گوئیاں ہو رہی ہیں کہ بڑے لڑکے کا تو پتہ نہیں کہ کہاں ہے۔ چھوٹے لڑکے کو گدی دے دی جائے، چنانچہ آپؒ نے فرمایا کہ آنکھیں بند کرو۔ جب نواب صاحب نے آنکھیں بند کر کے کھولیں تو اپنے آپ کو محل میں پایا اور حسب دستور لوگوں نے آپ کو باپ کی گدی پر متمکن کر دیا۔ نواب جانی خان کی قبر مبارک آپ کے پائنتی کی جانب ہے۔

٩ ایک دفعہ آپ مسجد میں تشریف رکھتے تھے، کچھ خدام بھی موجود تھے کہ دفعتاً حجرہ میں تشریف لے گئے اور چند منٹ کے بعد واپس تشریف لائے تو خدام نے دیکھا کہ آپؒ کے کندھے اور چہرہ مبارک پر ریت لگی ہوئی ہے۔ لوگوں نے پوچھا۔ حضرت یہ ریت کیسے لگ گئی۔ آپؒ نے فرمایا کہ ایک سوداگر کا جہاز بھنور میں پھنس گیا تھا۔ اللہ پاک کا حکم تھا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نبی ۔ یا شفیع

وَلِہ الوَصِیف بِمَدحِہ
تعریف کرنے والا آپ کی مدح پر عاشق ہے

کَلَّ المَدِیحُ بِوَصفِہ
مدح آپ کے وصف سے عاجز ہیں!

وَبِشَوقِہ لَالَا المَلَا
آپ کا شوق تمام دنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

کہ اس کو جاکر نکال دو۔ اس واقعہ کے کوئی چھ ماہ بعد وہ سوداگر شاہجور اسی آپ کی قدم بوسی کے لئے آیا اور آپ کی خدمتِ عالیہ میں پانچ سو روپیہ کا نذرانہ پیش کیا۔

آپ کی کرامات

حضرت شاہ محمد بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ سلسلۃ الاولیاء میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

(۱) ایک دفعہ حضرت تاج العارفین اپنے سرِ مبارک پر گجریلے کی ہنڈیا اٹھائے عالمپور جارہے تھے کہ راستے میں ایک جذامی نے آپ سے سوال کیا کہ اللہ کے نام پر مجھے کچھ کھلاؤ۔ آپ نے جواب دیا کہ اِس وقت ہنڈیا کا منہ بندھا ہوا ہے۔ میں اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں حاضری کے بعد واپس آؤنگا تو گجریلے کا اپنا حصہ تم کو کھلاؤنگا۔ اتنی دیر صبر کرو۔ جب آپ اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پہنچے تو انہوں نے فرمایا بیٹا سائل کو محروم کیوں چھوڑ آئے ؟ آپ نے عرض کی حضور میں نے ازراہِ ادب ہنڈیا کا منہ نہیں کھولا اور اُس سے وعدہ کیا کہ واپسی پر اپنا حصہ دے دونگا۔ جب آپ واپس آئے تو آپ نے اُس جذامی کے ساتھ بیٹھ کر گجریلا کھایا اور اپنا لعاب اُس

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ — یا قیّوم

رَفَعَ الرَّفِیْعُ مَنَارَہٗ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپ کے مینار کو بلند کیا

اَعْلَی الْقَدِیْرُ وَقَارَہٗ

قدرت والے خدا نے آپ کے اعزاز کو اعلیٰ بنایا

اِنَّا فَتَحْنَا وَالضُّحٰی

اور انا فتحنا اور والضحیٰ کی سورتوں میں آپ کی توصیف ظاہر فرمائی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

جذامی کے جسم پر مل دیا تو وہ آپ کی صحبت کی برکت اور پیر و مرشد کی دعا سے وہ جذامی سائل صحت یاب ہوگیا اور آپ کے قدموں پر گر پڑا۔ آپ اُسے اپنے پیر و مرشد کے پاس لے آئے اور قطب عالم حضرت سیّد حاجی محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ مبارک پر بیعت ہو کر آپ کے خدام میں شامل ہوگیا اور عالمپور میں رہنے لگا۔

(۲) حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی خادمہ مائی دولتے ایک روز آپ کے وضو کیلئے کنویں سے پانی لینے لنگر کے صحن کی طرف آئی۔ دروازہ کھولا تو کیا دیکھتی ہے کہ ایک عورت بیٹھی ہے۔ جس کا قد و قامت بہت بڑا تھا۔ دیکھکر خوف زدہ ہوگئی۔ فوراً دروازہ بند کر کے بھاگ کر حضرت تاجُ العارفینؒ کے سامنے آ کر کھڑی ہوئی اور عرض کیا کہ حضرت باہر صحن میں کوئی جن عورت بیٹھی ہے۔ جس کا سر آسمان سے لگا ہوا ہے۔ مجھے تو اس سے ڈر لگتا ہے۔ آپؒ نے فرمایا جاؤ۔ اس سے جاکر پوچھو تم یہاں کیوں بیٹھی ہو؟ کون ہو؟ اس نے پاس جاکر ڈرتے ڈرتے پوچھا تو جواب ملا کہ میں ایک جن عورت ہوں اور بھوکی ہوں اور آپ کے لنگر سے کچھ کھانے کے لئے مانگتی ہوں۔ بہت دنوں سے یہاں آئی ہوں، لیکن حضرت کے لنگر سے مجھے کچھ نہیں ملا۔ حضرت سے درخواست کرو کہ مجھے کھانے کو کچھ دیں۔ خادمہ نے آکر آپ کو یہی پیغام دے دیا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی — یا قیوم

وَلَکُمْ بِہٖ مِنْ حُجَّۃٍ

ہمارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

کَالنُّوْرِ جَالِیْ ظُلْمَۃٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دور کرتی ہے

فِی الْمُبْتَدَاءِ وَالْمُنْتَھٰی

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

آپ نے اُس جن عورت کو کہلوا بھیجا کہ کل ہمارے ہاں تمہاری دعوت ہے۔ چنانچہ آپ نے دوسرے روز نمازِ فجر کے بعد لنگر والوں کو حکم دیا کہ آج ہمارے ہاں ایسے مہمان آنے ہیں۔ جو غیر مسلم ہیں اور جس چیز پر "بسم اللہ" پڑھی جائے۔ اُسے نہیں کھاتے۔ بغیر بسم اللہ پڑھ کر پکایا ہوا کھانا زیادہ رغبت سے کھاتے ہیں، مخلوقِ خدا ہیں اور درویش کے در پر سائل ہیں، آج کھانا "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھے بغیر تیار کیا جائے، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور کھانا تقسیم کیا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کھانا تو سب نے کھایا مگر سب کے سب بھوکے رہ گئے اور کھانا بھی ختم ہو گیا۔

۳ ایک مرتبہ جوگیوں کی ایک جماعت آپ کی کرامات کا ذکر سُن کر شا مجورا سی آئی اور اُنھوں نے اپنے جادو کے زور سے حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی آزمائش کا قصد کیا اور آپ کو اپنی آمد کی اطلاع کی۔ آپ بذریعہ کشف اُن کی آمد کا مقصد جان کر خود اُن کے پاس پہنچ گئے۔ بڑے جوگی نے آپ کی بہت تعظیم کی۔ آپ نے توجہ فرمائی تو اُسی وقت غیب سے اُن سب کے لئے کھانا "حلوہ اور نان" حاضر ہو گیا۔ جسے سب نے کھایا۔ آپ کی یہ کرامت دیکھ کر جوگی فوراً اپنے ارادے سے باز آئے اُن میں سے اکثر مسلمان ہو کر آپ کے خدام میں شامل ہو گئے اور باقی نے راہِ فرار

Marfat.com

یا حی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا قیوم

مَلَا الْحَشَا بِمَحَبَّتِہٖ

دل و جگر کو آپ کی محبت سے بھر دیا

فَلَقَ النَّوٰی بِمَوَدَّتِہٖ

آپ کی محبت نے گٹھلی کو چیر دیا

وَبِلُطْفِہٖ نِلْنَا الْمُنٰی

آپ کی مہربانی سے ہم نے مرادیں حاصل کیں

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اختیار کی۔ اس طرح آپ کی بے شمار کرامات ہیں۔ جنہیں سن کر بہت سے ہنود جو آپ کے مخالف اور آمادہ آزمائش رہتے تھے، آپ کے باطنی کمالات کے معترف ہو گئے۔ آپ کی بہت تعظیم و تکریم کرنے لگے اور ایمان لے آئے۔

(۴) آپ کے پیر و مرشد کا ایک باغ تھا۔ جس کا نام نقشبند پور تھا اور یہ باغ ۲۴ گھماؤں کے رقبہ میں تھا۔ اس باغ کے اردگرد خندق کھودنے کا ارادہ تھا۔ حضرت شیخ العالم نے جملہ فقرا کو خندق کھودنے کے واسطے کہا۔ اس حکم کو حضرت تاج العارفینؒ نے بھی سنا اور اسی رات بھر اکیلے خندق کھودتے رہے۔ صبح تک خندق مکمل ہو گئی۔ صبح کو لوگوں نے خندق لگی ہوئی دیکھ کر تعجب کیا اور حضرت شیخ العالم کی خدمت میں اس امر کا بیان کیا۔ آپ نے وہ خندق دیکھ کر فرمایا کہ یہ کام سوائے حضرت عبد النبیؒ کے کسی دوسرے کا نہیں تو پھر آپ نے حضرت تاج العارفینؒ کے حق میں خصوصی دعا فرمائی۔

(۵) آپ جب اپنے پیر و مرشد کو ملنے کے لئے عالم پور تشریف لے جاتے، تو کبھی کبھی راستے میں اپنی ہمشیرہ کے ہاں موضع ایحر پور بھی تشریف لے جاتے۔ ایک دفعہ آپ گئے تو کنبے کی عورتوں نے آپ کی ہمشیرہ صاحبہ کو طعنہ کے طور پر کہا کہ لے وہ آ گیا ہے۔ تیرے

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

یَا حَیُّ — یَا قَیُّوۡمُ

شَقَّ الْقَمَرَ لِمَرَامِهٖ

آپ نے چاند کو اپنی نبوت ثابت کرنے کے لئے چاک کیا

جَاءَ الْمَلَكُ بِسَلَامِهٖ

فرشتے آپ کے سلام کو حاضر ہوئے

بِصَلٰوتِهٖ اُمِرَ الْوَرٰی

خلقت کو آپ کی ذات پر درود بھیجنے کا حکم ہوا

صَلُّوۡا عَلَیۡهِ وَسَلِّمُوۡا

آپ پر درود اور سلام بھیجو ! !

ملنے کو اور سونے کی چوڑیاں بنوا کر لایا ہے۔ جا جلدی مل اور چوڑیاں لے۔ آپؒ کی ہمشیرہ اِس طعنہ سے نمگین ہو کر جو کچھ اُن عورتوں نے کہا تھا۔ آپؒ کی خدمتِ اقدس میں عرض کر دیا اور التماس کی کہ جب آتے ہیں تو یہ عورتیں مجھے طعنہ زنی کرتی ہیں۔ لہٰذا آپؒ اچھے لباس میں تشریف لایا کریں۔ آپؒ یہ الفاظ سُن کر فرمانے لگے کہ بی بی فقیر کی تو ایک گوڈری ہے، یہی سب کچھ ہے اور اِسی میں سے خدا ہم کو سب کچھ دیتا ہے اور آپ نے گلیم مُبارک کا ایک کونہ اٹھایا اور فرمانے لگے کہ اگر وہ تم کو چوڑیاں کا طعنہ دیتی ہیں، جونسی وضع کی سونے کی چوڑیاں تجھے پسند ہیں، اُٹھالے۔ آپ کی ہمشیرہ صاحبہ نے جب نظر ڈالی تو وہاں کئی قسم کی سونے کی چوڑیاں موجود پائیں۔ اِس واقعہ کے بعد آپؒ نے اپنی ہمشیرہ کے ہاں آنا جانا بہت کم کر دیا۔

(٦) ایک بادشاہ اپنے ایک نواب سے ناراض ہو گیا اور حکم دیا کہ اس کو دیگ میں ڈال کر جلا دیا جائے۔ چنانچہ جب نواب کو دیگ میں ڈالا گیا اور آگ جلا دی گئی، جو کئی گھنٹوں تک جلتی رہی۔ جس وقت بادشاہ نے خیال کیا کہ اب اس کی ہڈیاں بھی گھل گئی ہوں گی، تو حکم دیا کہ دیگ کا ڈھکن اُتار دیا جائے۔ جب دیگ کا ڈھکن اُتارا گیا تو سب لوگ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ نواب صاحب بالکل صحیح و سلامت ہیں۔ بادشاہ نے اس کا

Marfat.com

یاحی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یاقیوم

لِعُرُوجِهٖ نَزَلَ الْمَلَكُ
آپ کی قدر کو بلند ثابت کرنے کے واسطے فرشتے نازل ہوئے

لِقُدُومِهٖ رُفِعَ الْفَلَكُ
آپ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا

قَدْ جَاءَ فِيهِ لَقَدْ رَاٰى
آپ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے خدا کا دیدار کیا

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

سبب نواب صاحب سے پوچھا۔ آپ نے کہا کہ میں نے اپنے پیر "حضرت شامیؒ" کی مدد اللہ سبحانہ تعالیٰ کے آگے آگ ٹھنڈی کرنے کیلئے چاہی تھی۔ چنانچہ اللہ سبحانہٗ تعالےٰ نے مجھ پر یہ آگ ٹھنڈی کر دی۔ اس واقع پر حضرت شاہ محمدؐ بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی شانِ اقدس میں یوں ہدیہ تبرک پیش کیا:

گراماں اے باد خدمت گرامی — سلامِ من بصد عجز و تمامی
بگو باصد ہزاروں خوش کلامی — کہ اے شاہِ سریرِ نیک نامی

مدد کُن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

کہ چوداں طبق کی تم کو ہے شاہی — ہوئے مقبول تم درگہ الٰہی
دِکھو اَب حال میرا در تباہی — کہ ہوں بندہ بہت عاجز گناہی

مدد کُن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

سیامی پیر صاحبِ باکرم ہے — سیامی کا عرش اوپر قدم ہے
خدا کا لطف تجھ پر دم بدم ہے — گدا کو شاہ کو تجھ سے کرم ہے

Marfat.com

بسم الله الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

نبع الوضوء بركوته

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

كثر الطعام ببركته

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وبكفه نطق الحصى

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صلوا عليه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

مدد کن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

تمہارا نام جو عبدالنبیؒ ہے — تمہارے پر بہت رحمت دلی ہے
جو تجھ پر مہربان حضرت نبیؐ ہے — کہ تجھ سے فیض یاب عالم بھی ہے

مدد کن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

شہ عبدالنبیؒ قطبِ سیامی — خواص و عام سے لائق غلامی!
قطب اور غوث ہیں تم کے سلامی — گدا ہوں بے نوائے ذوالکرامی!

مدد کن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

اغثنی المدد یا قطبِ عالم — نہایت بیکسم اندرونِ عالم
دلا تردد تقلبینی سوالم — مدد کن فی سبیل اللہ بحالم

مدد کن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمن الرحیم یا قیوم

ذرفت العیون لوعظہٖ
آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں
وجلت القلوب بنصحہٖ
دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے
بدعائہٖ ذھب العمیٰ
آپ کی دعا سے نابینائی دور ہوگئی
صلوا علیہ وسلموا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

سیامی پیر کو جس نے دھیایا مطالب دین اور دنیا کا پایا
تیرے سر شیخ طاہر جیؒ کا سایا تیرا عالی قدر سب توں سوایا
مدد کُن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

عتابِ شاہ جو بر سرِ نواب آیا تو اُس کو دیگ میں پا کر جلایا
و لیکن نام تیرا اوس دھیایا کہ تا الحرز جان آتش سے پایا
مدد کُن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

رجا دارم لقا اپنا دکھاؤ تمامی رنج اور زحمت گواؤ
حقیقت کا سبق مجھ کو بتاؤ مطالب دین و دنیا کے پوچاؤ
مدد کُن المدد قطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

کہ جب ہووے زیارت تب ربّانی کہوں میں شاہ کر کچھ مہربانی
ولایت میں نہ کوئی تیرا ہے ثانی کرو رحمت میرے پر ناگہانی

Marfat.com

یا نبی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا مقوم

وَاللّٰہِ مَا اُحْصِیْ ثَنَا

خدا کی قسم میں آپ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو

بَلْ فَضْلِہٖ مِنْ رَّبِّنَا

جو ہمارے رب نے آپ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کر سکتا

فَھُوَ النَّبِیُّ الْمُرْتَضٰی

آپ خدا کے پسندیدہ نبی ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

مدد کُن المدد قطبِ سیامی

کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

محمدؐ شاہ کر فریاد داری یہ پھر پاؤ گے تم امید ساری

کہ ہے وہ شاہ مقبول غفاری کرے یہ وِرد پھر لیل و نہاری

مدد کُن المدد قطبِ سیامی

کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

○

روایت ہے کہ:

(۱) ایک یہودی عربی نژاد اِس تذبذب کا شکار تھا کہ حضور پُرنور سرور دو عالم حضرت محمدؐ مُصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو معراج رُوحانی ہوا یا جسمانی اور آپؐ سات آسمانوں کی سیر کر کے جب واپس تشریف لائے تو رات کا وقت تھا، بستر گرم تھا اور وضو کا پانی رواں تھا۔ یہ بات عقل کے خلاف ہے۔ وہ یہودی وارد ہندوستان ہوا اور اُس نے تاجُ العارفین حضرت عبدالنبی رحمۃ اللہ علیہ کا شہرہ سُنا۔ شاہپور اسی پہنچ کر وہ حضرت کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا، اور مندرجہ بالا سوال عرض کیا۔ اُس وقت آپ نمازِ

Marfat.com

یا حیُّ　　بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ　　یا قیُّوم

أنا كيف أمدح بالثنا

اے حضرت محمد رسول اللہ! میں آپ کی توصیف

لك يا محمد إنما

کیونکر ادا کر سکوں

أنت الممجد بالذي

آپ اپنی نیا ضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

صلوا عليه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

عشاء سے فارغ ہو کر بارش کی وجہ سے مسجد میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ نے اسی وقت اپنا کُرتہ مبارک اُتار کر اس کو دیا اور کہا کہ جاؤ ندی کے کنارے اِسی وقت دھوبی سے دُھلا لاؤ۔ اُس یہودی نے کہا کہ یا حضرت رات زیادہ ہو گئی ہے اور بارش بھی ہو رہی ہے۔ بھلا اس وقت دھوبی کہاں ہوں گے۔ آپ نے فرمایا کہ میں جو کہتا ہوں، جاؤ اور وہی کرو، چنانچہ مجبور ہو کر وہ شخص کُرتہ لے کر چل دیا۔ جس وقت اُس نے قدم مسجد سے باہر رکھا تو دیکھتا کیا ہے کہ دوپہر کا وقت ہے، تیز دھوپ نکلی ہوئی ہے۔ وہ حیران اور پریشان ندی کے کنارے جا پہنچا۔ اُس نے وہاں دیکھا، کہ دھوبی کپڑے دھو رہے ہیں۔ ایک دھوبی نے اس شخص کو دیکھکر کہا کہ لاؤ، میاں میں تمہارا کُرتہ دھو دوں۔ چنانچہ وہ شخص کُرتہ دھلوانے کے بعد اُسے سکھوا کر واپس مسجد میں آگیا۔ جب اُس نے مسجد میں قدم رکھا تو دیکھا کہ وہی رات کا وقت ہے اور بارش ہو رہی ہے۔ اس شخص کی حیرت کی کوئی انتہا نہ تھی، لیکن اُس نے آپ کو کُرتہ دے کر کہا کہ سرکار آپ نے میرے سوال کا جواب ابھی نہیں دیا، لیکن جو کچھ میں نے دیکھا ہے، بے حد حیران کُن ہے۔ آپ نے فرمایا:

احمق! کیا ابھی تمہارے سوال کا جواب نہیں ملا؟ تو ابھی کُرتہ لے کر گیا۔ اتنی دیر ٹھہرا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَقَدْ اُنَادِیْ یَا حَشَا

میں عشق کی شدت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطَّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا

دیکھو تم آنحضرت کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہوئے ہیں

فَلَطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا

اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

کرتہ دھلوا کر سکھوایا۔ ان سب باتوں کے باوجود جب تم واپس یہاں پہنچے تو وہی وقت تھا، جب تم کرتہ لیکر یہاں سے روانہ ہوئے تھے۔ کیا ابھی تک یہ بات تمہاری سمجھ میں نہیں آئی۔ جب اللہ سبحانہٗ تعالےٰ نے مجھ جیسے ادنیٰ ناچیز بندے کو اس قدر قدرت بخشی کہ رات کو دن اور دن کو رات دکھاؤں تو کیا اُس حاکم الحاکمین اور رب العلمین کو یہ قوّت نہیں کہ اپنے پیارے محبوب کو مع جسم کے آسمانوں کی سیر ایک لمحے میں کرا دے۔ کیا تو کُن فیکُون کو بھول گیا، اس پر وہ یہودی مکمّل طور پر مطمئن ہو گیا، اور آپؒ کی بے پناہ علمی قوت اور کرامت کی برکت سے اس قدر متاثر ہوا کہ آپؒ کے قدم پکڑ کر دینِ اسلام میں داخل ہونے کی درخواست کی اور بیعت کا خواستگار ہوا۔

(۲) ایک دفعہ یہ یہودی حضرت تاج العارفین کے ساتھ مسجد میں موجود تھا اور انہیں دنوں حج کا موقعہ تھا تو اُس نے آپؒ سے عرض کی کہ یا حضرت اِس وقت حج کا موقعہ ہے، آپؒ مجھے حج کرا دیں۔ چنانچہ آپؒ نے اُس شخص سے کہا کہ آنکھیں بند کر دو، اور جب آنکھیں کھولنے کا حکم دیا گیا تو اس شخص نے اپنے آپ کو مع مسجد کے مکہ معظّمہ میں پایا۔ حج کرنے کے بعد وہ شخص وہیں رہ گیا اور آپؒ مع مسجد شام چوراسی تشریف لے آئے۔ اُس شخص نے اُس مقام پر اپنا مکان تعمیر کر دایا۔ جہاں وہ مسجد پہنچی تھی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ جاء نجوم

وَتجشّمت نفسي كما
میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی

بتجشّم حجر الرّحیٰ
جیسی چکی کا پتھر اٹھاتا ہے

فی ھجر فخر الانبیا
فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی میں

صلّوا علیه وسلّموا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

اور بعد میں وہاں بہت سے مکانات تعمیر ہونے شروع ہو گئے اور اُس آبادی کا نام محلہ شامیاں رکھا گیا، جو کہ اب تک مکہ معظمہ میں قائم و دائم ہے۔

(۳) ایک دفعہ آپؒ عالپور سے شام چوراسی واپس آرہے تھے کہ راستے میں چند مُغل سپاہیوں کا ایک دستہ دکھائی دیا۔ اُن میں سے ایک سپاہی نے کسی غریب آدمی کو بیگار میں پکڑا ہوا تھا اور اُس کے سر پر ایک برتن اچار کا اٹھوایا ہوا تھا اور وہ بیچارہ تھک گیا ہوا تھا، مگر سپاہی اُس کو کہتا تھا کہ چلو چلو ہم تم کو اگلے گاؤں میں چھوڑ دیں گے مگر اُس کو نہ چھوڑا کیونکہ دوسرا بیگاری نہ مل سکا تھا۔ حضرت تاج العارفینؒ نے سپاہی کو نصیحت فرمائی، اِس غریب پر ظلم مت کرو تو اُس نے کہا کہ اگر آپؒ کو اسکے حال پر اتنا رحم آرہا ہے تو اُس کا بوجھ اُٹھائیں۔ میں اِس کو چھوڑ دیتا ہوں۔ حضرت تاج العارفین نے اُسی وقت بسم اللہ کر کے وہ برتن اپنے سر پر رکھ لیا اور غریب بیگاری کو کہا کہ تم چلے جاؤ۔ آپ برتن اُٹھا کر اُس سوار سپاہی کے پیچھے پیچھے ہو لئے۔ ابھی تھوڑی ہی دُور گئے تھے کہ اس سوار سپاہی نے پیچھے مڑ کر دیکھا کہ نیا بیگاری آرہا ہے یا نہیں تو کیا دیکھتا ہے کہ برتن مذکورہ آپؒ کے سر مبارک سے ایک نیزہ بھر اُونچا جا رہا ہے اور ہوا میں ساتھ ساتھ چل رہا ہے، سوار نے یہ

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

یَا رَهْطَ آلِ مُحَمَّدٍ

اے آل محمدؐ کے گروہ !

یَا صَحْبَ صُحْبَةِ اَحْمَدٍ

اور اے صحبت رسولؐ علیہ السلام کے فیضیافتہ اصحاب

رُوْحِیْ وَنَفْسِیْ قَدْ فِدَا

میری جان اور میرا نفس سب آپ پر قربان ہے

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو !

حال دیکھا کہ فوراً گھوڑے سے اُتر کر آپؒ کے قدم مُبارک پکڑ لئے اور رُو رُو کر معافی مانگتا۔ باقی گھوڑ سوار بھی آگئے اور آپؒ سے طالب معافی ہوئے۔ سب نے آپؒ کے مرید ہونے کی درخواست کی۔ آپؒ اُس وقت عالمپور سے زیادہ دُور فاصلہ پر نہ تھے۔ چنانچہ فرمانے لگے کہ تم لوگ میرے پیر و مرشد کے پاس چلو اور اُن کی بیعت کر لو۔ جب آپؒ اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پہنچے تو حضرت شیخ العالم نے فرمایا عبدالنبی! آپ ہی اِن کو بیعت کر لیں۔ چنانچہ آپؒ کے حکم سے اِن سب کو حضرت نے تلقین فرمائی اور آپ کے فیضان صحبت سے وہ سب اللہ والے بن گئے۔

(۴) نقل ہے کہ نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان اگر کوئی غیر مسلم آپؒ کے سامنے آجاتا تو خود بخود کلمہ شریف پڑھنے لگتا اور اُس کے قلب سے اللہ اللہ کی آواز نکلنے لگتی۔ اہل ہنود آپؒ کے سامنے سے ایسے وقت میں نہ گزرتے تھے۔ ایک دفعہ دو ہندو لڑکیاں، جن کی شادیاں شاہپور اسی میں ہوئی ہوئی تھیں، اتفاق سے اس خاص وقت میں آنحضرتؒ کے سامنے سے گزریں اور اُسی وقت ان کی زبان سے کلمہ شہادت جاری ہوگیا اور وہ مسلمان ہوگئیں۔ ان کے سُسرال والوں نے اور خود اُن کے والد نے جو لاہور میں ناظم عدالت عالیہ تھا، لڑکیوں کو بہت سمجھایا، مگر اُن کی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اُخی — یا قومی

فَتَحَدَّثُوْا عَنْ لَوْعَتِیْ

اے دوستو میرے سوزِ دل کی بابت

عِنْدَ الْحَبِیْبِ اُحِبَّتِیْ

میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو

سَکَبَتْ دُمُوْعِیْ یَا فَتٰی

اے نوجوانو! میرے اشک رواں ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

طبیعت پر ایسا کامل اثر ہوا کہ وہ اسلام سے منحرف نہ ہوئیں، بالآخر کار لڑکیوں کو گھر سے نکال دیا گیا اور وہ بیچاری حضرت تاج العارفینؒ کے گھر پر آگئیں آنحضرتؒ نے اُن کو اپنی اولاد کی طرح اپنے گھر میں رکھا اور کچھ عرصہ کے بعد اپنے دو خلیفوں سے اُن کی شادی کر دی۔

(۵) ایک دفعہ ایک سو جوگیوں کا قافلہ آپ کی شہرت سُن کر شاہجورا سی آیا اور ایک باغ میں جلسہ عام کرنے کا ارادہ کیا۔ آپؒ کو بھی اس کی اطلاع مل گئی تو آپؒ نے اس جلسہ میں تشریف لے جانے کا ارادہ فرمایا اور اپنے خاص خادم اللہ دین کو ساتھ لیکر اُن کے جلسہ میں تشریف لے گئے۔ وہاں جاکر کیا دیکھتے ہیں کہ ایک بڑا جوگی ایک سرس کے درخت کے نیچے ایک تخت پوش پر بیٹھا ہوا ہے اور اپنے ایک کاہن کی کرامات بیان کر رہا ہے کہ وہ اپنے آپ کو متعدد مثالی اجسام کی شکل میں ظاہر کر سکتا تھا۔ چنانچہ اُن کی تیرہ سو عورتیں تھیں، ہر ایک کے پاس ایک ہی وقت میں اپنے اجسامِ مثالیہ کے ساتھ موجود ہوتا تھا۔ ایک دفعہ ایک شخص نے اُس کو کہا کہ تو بڑا سخی ہے کہ کسی سائل کو محروم نہیں بھیجتا۔ میرے پاس ایک عورت بھی نہیں اور تیرے پاس تیرہ سو عورتیں ہیں، تو ایک عورت مجھے دیدے اُس نے کہا تو میری سب عورتوں کے پاس چلا جا،

Marfat.com

یا حبیبی　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　یا قیوم

ذکر الصلوٰۃ فقیرہٗ

آپ کے در کے گدا عبد النبی نے

عبد النبی معطیرہٗ

جو آپ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلانیوالا ہے

فی کل صبح والمسیٰ

تمام صبح اور شام آپ پر درود بھیجنے میں صرف کیا

صلّوا علیہ وسلّموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

جہاں تو مجھ کو نہ پائے تو اس عورت کو تو لیجانا، چنانچہ وہ سب عورتوں کے پاس گیا اور سب کے پاس کاہن کو موجود پایا۔ جب وہ جوگی تمام حکایت بیان کر چکا تو حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جوگی صاحب یہ کیا کمال کی بات ہے اگر اس قسم کی باتوں پر کمالات کا توقف ہے تو اہل اسلام میں معمولی لوگ بھی یہ تماشا دکھا سکتے ہیں۔ اس سے ہندو عزم کی کوئی خاص خوبی تو ظاہر نہیں ہوئی۔ اس کے بعد آپؒ نے جوگیوں کو اشارہ کیا کہ وہ درخت پر نظر ڈالیں۔ سب نے دیکھا کہ ہر پتے پر آنحضرتؒ نظر آرہے ہیں۔ حالانکہ آپؒ مجمع میں ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ کرامت دیکھ کر ان میں سے تیرہ جوگی فوراً ایمان لے آئے۔

(۶) آپؒ کے ایک مرید کو ایک منکر نے طعنہ دیا اور اہانت سے کہا کہ تیرا پیر وہی تو ہے جو انگیٹھی اور ہنڈیا سر پر رکھ کر عالمپور لے جایا کرتا ہے۔ اس مرید صادق نے کہا کہ میرے پیر نے سر پر کبھی ہنڈیا نہیں اٹھائی، بلکہ ہنڈیا آپؒ کے سر مبارک سے اونچی اونچی ساتھ جایا کرتی ہے۔ اس منکر نے کہا کہ تم جھوٹ کہتے ہو۔ میں نے تو ان کو کئی بار اسی طرح ہی دیکھا ہے کہ انگیٹھی اور ہنڈیا سر پر ہوتی ہے اچھا کل ان کے جانے کی باری ہے، اگر وہ سر پر رکھے جاتے دیکھے گئے تو میں تیری

Marfat.com

یا حی ‏ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ‏ یا قیوم

بَزَغَ الْحَبِیْبُ الْمُجْتَبٰی
برگزیدہ محبوب کی روشنی
فِیْ سُحْمَۃِ اللَّیْلِ الدُّجٰی
کالی رات کی سیاہی میں چمکی!
کَالشَّمْسِ تَشْرُقُ فِی الضُّحٰی
جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

گردن مار دوں گا، ورنہ تو مجھے قتل کر دینا۔ الحاصل اسی طرح کا معاہدہ ہو گیا۔ دوسرے روز آپ نے عالمپور جانا تھا۔ چنانچہ دونوں شخص چھپ کر راستہ میں منتظر بیٹھ گئے۔ ابھی آپ دور سے ظاہر ہوئے ہی تھے کہ اس منکر کی نظر آپ پر پڑ گئی کیا دیکھتا ہے کہ ہنڈیا سر مبارک سے ایک نیزہ کی مقدار بلند ہے اور ساتھ ساتھ چلی آرہی ہے۔ آپ کی اس کرامت کو دیکھ کر اپنے انکار پر بہت ہی افسوس کرنے لگا اور آنحضرت سے معافی چاہی۔

(۷) آپ کے روضہ مبارک کے احاطے میں ایک کنواں تھا۔ جس میں آپ نے اپنی لعاب مبارک ڈالی تھی، اس کا پانی پینے سے پیٹ کی ہر بیماری دور ہو جاتی تھی۔ لہٰذا اس کنواں کا پانی ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں کپیوں میں بند ہو کر جانے لگا۔ ۱۹۰۵ء میں جب ہندوستان میں طاعون کا عام مرض پھیلا۔ گھر گھر اموات ہونے لگیں، اور ملک بھر میں کہرام مچ گیا۔ اُس وقت اس کنویں سے آواز آئی کہ جو کوئی اس کنویں کا پانی پیئے گا۔ اُس پر طاعون کا اثر ہرگز نہیں ہو گا۔ لہٰذا اس کنویں کے پانی کی بہت اہمیت ہو گئی اور اس کنویں کا پانی خیبر سے کلکتہ تک جانے لگا اور جس کسی نے یہ پانی نوش کیا۔ وہ اس موذی مرض سے محفوظ رہا۔ مگر یہ کنویں ۱۹۲۵ء میں

Marfat.com

یَا حَیُّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا قَیُّوْمُ

وَهُوَ الضِّيَاءُ الْمُسْتَضِىْ

آپ ایسی روشنی ہیں۔ جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِهٖ سَطَعَ الْهُدٰى

آپ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِىْ صُبْحِ لَيْلِ الْيَلْدَا

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

خشک ہوگیا۔ ہر چند کوشش کی گئی کہ اس کنوئیں کا پانی دوبارہ جاری ہو جائے مگر بے سود۔

شیخ مولا بخش ولد شیخ غلام جیلانی جو کہ حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے نواسوں میں سے تھے، نے ایک کنواں لگوایا تاکہ روضۂ مبارک پر پانی کی ضروریات پوری ہوتی رہیں۔ یہ کنواں بفضل حق تعالیٰ اب تک موجود ہے اور برابر پانی دے رہا ہے اگرچہ روضۂ مبارک کے احاطے میں اب دو مزید ہینڈ پمپ غیر مسلموں نے لگوا دیئے ہیں تاکہ عرس مبارک کے موقع پر عام لوگوں کی ضروریات پوری ہوتی رہیں۔ ۱۹۸۳ء میں ایک ہینڈ پمپ کا پانی بالکل بند ہوگیا تھا تو جناب گورشرن سنگھ شامی نے جس غیر مسلم نے وہ لگوایا تھا۔ اُس کے والد کو اطلاع دی کہ ہینڈ پمپ کا پانی بند ہوگیا لہٰذا اُسے درست کرا دیں۔ مگر اُس نے اس پر ہرگز توجہ نہ دی۔ عرس مبارک کے تقریباً ایک ماہ پہلے وہ غیر مسلم آیا اور ہینڈ پمپ مرمت کروا گیا اور کہا کہ میرے لڑکے کو خواب آئی تھی کہ ہینڈ پمپ کا پانی خشک ہوگیا ہے، لہٰذا اُس نے مجھے دوبئی سے تحریر کیا کہ فوراً حضرت شامی صاحبؒ کے مزار پر جا کر ہینڈ پمپ ٹھیک کرا دو۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

وَهُوَ الرَّسُوْلُ الْمُقْتَدٰی

آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے

مِنْهُ الشَّفَاعَةُ تُرْتَجٰی

آپ سے شفاعت کی امید ہے

بِجَمَالِهٖ خَمَدَ اللَّظٰی

آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

(۸) پشت در پشت سے یہ روایت چلی آرہی ہے کہ آپؒ کے روضۂ مبارک پر ایک شیر صفائی کے لئے آتا تھا اور ایک بہت بڑا سانپ رات کے وقت ہر جمعرات کو آیا کرتا تھا صبح کو آدمی کے پاؤں کی آہٹ سن کر سانپ روپوش ہو جایا کرتا تھا۔ شیر بھی بہت عرصہ تک آتا رہا۔ ایک دن اسی شیر نے کسی شخص کی گائے کھالی اور آپؒ نے اُسے آئندہ آنے کے لئے منع فرما دیا۔ چنانچہ وہ جاتا جاتا اپنا پنجہ ایک بہت لمبی کھجور پر لگا گیا جس پر کھجور ٹیڑھی ہو گئی اور پھل بھی ٹیڑھا دینے لگی۔ اس کھجور کا پھل نہایت لذیذ اور میٹھا ہوتا تھا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپؒ کا روضہ مبارک ایک امن کی جگہ ہے۔ جہاں انسان کیا، بلکہ ہر چرند اور پرند کو بھی امن ملتا ہے۔ ۱۹۴۷ء کے فسادات میں جن لوگوں نے وہاں جا کر پناہ لی، نہ صرف وہ محفوظ رہے، بلکہ کئی ایک نے تو ولایت حاصل کی۔ ایک مثال مائی روڈی کی ہے۔ جس نے اگست ۱۹۴۷ء میں روضۂ مبارک میں پناہ لی اور آخری دم تک وہیں رہی اور وہیں دفن ہوئی۔ اُن ایام میں جو بُری نیت سے اس طرف رُخ کرتا تھا۔ وہ اندھا ہو جاتا تھا۔ پاکستان بننے کے بعد بھی آپؒ کی بے شمار کرامات سننے میں آئی ہیں۔ آج بھی آپؒ کا مزار مبارک مرجع خلائق ہے اور لوگ بالخصوص غیر مسلم جوق در جوق ہر جمعرات کو

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

عَشِقَ الاِلٰہُ لِوَجْھِہٖ

آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

اَلِہَ العُقُولُ لِدَرْکِہٖ

انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وَبِحُسْنِہٖ تَاہَ النُّھٰی

آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

یہاں حاضری دیتے ہیں۔ ۱۹۶۵ء سے آپ کا عرس مبارک کا اہتمام بھی غیر مسلم بڑی دھوم دھام سے کرتے ہیں۔ جس میں مسلمانوں کے علاوہ ہزارہا ہندو سکھ دور دراز کا سفر طے کر کے شرکت کرتے ہیں۔

الشیخ حکیم میاں عبدالغفور عرشی قادری فاضلی چشتی مدظلہ العالی

مصنف ریاض السالکین فی انوار العارفین و انوارِ معرفت و روحانی معالج المعروف عمالِ فقیری و تجلیات رسول اور انوارِ رسول فرماتے ہیں کہ ہم نے اکثر پرانے بزرگوں سے سنی ہوئی یہ روایت ہے کہ:

(۱) حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ اپنے پیر و مرشد کے لئے سر مبارک پر ایک مٹی کی بھڑولی میں اوپلے ڈال کر اس میں آگ جلا لیتے اور اس بھڑولی پر مٹی کی ہنڈیا جس میں دودھ میٹھا اور گاجریں وغیرہ ڈال کے منہ بند کر کے شاہ محمورا سی سے پیدل چل پڑتے اور منزلِ مقصود پر پہنچنے تک گجریلا تیار ہو جاتا تھا۔ آپ کا یہ معمول بارہ برس تک رہا۔ ایک روز رات کے وقت میں آندھی اور بارش کا طوفان اس قدر اٹھا کہ گھر سے باہر نکلنا دشوار تھا۔ لیکن آپ اس طوفان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنے ذکر و شغل میں بدستور مشغول ہو کر معمول کی طرح گجریلا لے کر روانہ ہوئے۔ ابھی نصف منزل پر ہی

Marfat.com

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

نَطَقَ الحَجَرُ لِكَلَامِهٖ

پتھر آپ کے کلام سن کر بول اٹھے

حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِهٖ

درخت آپ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں

وَبِفَقْرِهٖ جَاءَ الغِنٰى

آپ کی عزت کو دیکھ کر دولت آئی مگر آپ نے منظور نہ کی

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو !!

پہنچے تھے کہ طوفان کی وجہ سے آپ ایک اندھیرے ویران کوئیں میں گر گئے۔ اس کوئیں میں بہت سانپ تھے۔ انہوں نے پاؤں کے نیچے اپنی اپنی سریاں دے کر آپ کو کوئیں سے باہر نکال دیا۔ لیکن آپ کی ہنڈیا میں کوئی جنبش نہ ہوئی اور نہ ہی آپ کو کسی قسم کا کوئی گزند پہنچا۔ اسی حالت میں پیشوا کامل نے ارشاد فرمایا کہ بیٹا عبدالنبی آپ نے اتنی دیر کیوں کر دی۔ آپ نے عرض کی کہ حضور میری غلطی ہوگئی آپ نے راستے کے واقعہ کا کوئی ذکر نہ کیا کہ اس بناء پر دیر ہوئی۔ قطب عالم پیشوائے کامل نے ارشاد فرمایا کہ شامی صاحب آج آپ کی منزل مکمل ہوگئی۔ اب آپ گجریلا نہ لایا کریں۔ ہم آپ کے پاس پہنچ جایا کریں گے۔ لیکن اب کی مرتبہ آپ کے پاس آنے میں جھگڑا ہو جائے گا۔ بہرکیف چند روز کے بعد حضرت قطب عالم سید محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ شام چوراسی تشریف لے آئے۔ باباجی صاحب اس وقت اپنے وظیفہ میں مشغول تھے اور ایک خادم کو حکم دے رکھا تھا کہ کسی کو بھی ہمارے پاس ملاقات کے لئے اندر آنے کی اجازت نہیں ہے۔ خادم نے اپنے آقا کے حکم کے مطابق آپ حضور قطب عالم کو ملاقات نہ کرنے کا کہا کہ آپ ملاقات نہیں کر سکتے۔ چنانچہ اس بات پر تکرار بڑھ گئی۔ خادم نے کچھ گستاخی سے آپ کو جھڑک دیا۔ حضور قطب عالم نے ارشاد

Marfat.com

یا حی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَلَہُ الوَصِیفُ بِمَدحِہٖ
تعریف کرنے والا آپ کی مدح پر عاشق ہے

کَلَّ المَدِیحُ بِوَصفِہٖ
مدح آپ کے وصف سے عاجز ہیں!

وَبِشَوقِہٖ لَألَا المَلَا
آپ کا شوق تمام دنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

فرمایا کہ جاؤ شامی صاحبؒ سے کہہ دو کہ باہر ایک آدمی طاہرو طاہرو نامی آپ سے ملنا چاہتا ہے۔ خادم اس بات پر رضامند ہوگیا اور آپ کے نزدیک جاکر کہا کہ طاہرو طاہرو آدمی آپ سے ملنا چاہتا ہے۔ اس بات کا سُننا تھا کہ آپ تسبیح مسلّہ چھوڑ کر وہاں سے بھاگے اور پیشوا کامل کے قدم بوس ہوئے۔ قطب عالم رحمتہ اللہ علیہ نے سب سے پہلے آپؒ کے خادم کو سینے سے لگا کر معرفت سے اُسکا سینہ معمور کر دیا کہ تو نے اپنے آقا کی فرمانبرداری کی ہے۔ اس کے بعد حضرت باباجی صاحبؒ کو سینے سے لگا کر لپٹ گئے۔ پھر جو ہوا سو ہوا اور مقام ولایت عطا فرما دیا حضرت باباجی صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے عرض کی حضور میں آپ کو اپنے گھر تک پہنچانے کے لئے کیا طریقہ اختیار کروں۔ میرے لئے تو ایک یہی طریقہ بہت ہی اچھا نظر آتا ہے کہ میں اپنی پگڑی بچھاتا ہوں۔ آپؒ اس پگڑی پر پاؤں رکھ کر چلیئے۔ حضرت باباجی صاحبؒ اپنی پگڑی پیچھے سے اکٹھی کرتے جاتے اور آگے بچھاتے جاتے تھے۔ اسی طرح اپنے گھر میں حضرت قطب عالم کو ہمراہ لے آئے۔ مخلوقات میں یہ ایک قسم کا تماشہ بن گیا تھا۔ لوگ جوق در جوق اکٹھے اس تماشہ کو دیکھتے تھے کہ مرید کا خلوص اور ادب انتہا درجہ کا ہے۔ جس کی مثال آج تک کسی نے بھی پیش نہیں کی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی یا قیوم

رافع الرفیع منارہ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپؐ کے مینار کو بلند کیا

اعلی القدیر وقارہ

قدرت والے خدا نے آپؐ کے اعزاز کو اعلیٰ بنایا

انا فتحنا والضحیٰ

اور انا فتحنا اور والضحیٰ کی سورتوں میں آپؐ کی توصیف ظاہر فرمائی

صلّوا علیہ وسلّموا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

حضور قطب عالم حاجی سیّد محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ جب گھر میں تشریف لے آئے تو آپ کو چارپائی پر نیا بستر بچھا کر بٹھایا گیا اور کھانے کا اہتمام ہوا، کھانا کھانے سے پیشتر سُنّتِ رسُول کے مطابق آپؐ نے اپنے ہاتھ دھونے کے لئے کوزہ میں پانی منگوایا۔ حضور باباجی رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی صاحبہ نے عرض کی کہ حضور پیر و مرشد کے ہاتھ میں دھلاؤں گی۔ جب آپؐ کی صاحبزادی صاحبہ پانی کا لوٹا بھر کر ہاتھ دُھلانے کے لئے لائی اور آپؐ کے ہاتھوں پر پانی ڈالا تو حضور قطب عالم کی نگاہِ پاک اُس بچی کی پیشانی پر جم گئی اور پانی کا لوٹا ہاتھوں پر ویسے ہی روندھا لیا۔ صاحبزادی دوسرا لوٹا بھر کرلے آئی۔ آپؐ نے اُسی طرح دوسرا لوٹا بھی اپنے ہاتھوں پر رونڈھا لیا۔ صاحبزادی پھر تیسرا لوٹا پانی کا بھر کر لے آئی۔ آپ نے تیسرا لوٹا پانی کا بھی اُسی طرح سے اپنے ہاتھوں پر رونڈھا لیا اور صاحبزادی صاحبہ کو کہا کہ بس اب پانی نہیں چاہیئے۔ حضور باباجی صاحب" کے دل میں خیال گزرا کہ شاید میرے پیر و مرشد کی نظر صاحبزادی پر آگئی ہے آپ نے اپنے حضور قطب عالم کی بارگاہ میں عرض کی کہ حضور آپؐ پہلے میری صاحبزادی سے عقد پڑھالیں۔ پھر کھانا تناول فرمائیں۔ میرے جیسا بھی کوئی خوش قسمت ہوگا، جس کا پیشوا کامل لڑکی لے کر خوش ہو جائے۔ حضور باباجی" صاحب کا اتنا کہنا تھا کہ جناب پیر و

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیّ یا قیوم

وَلَكُم بِهٖ مِن حُجَّةٍ

تمہارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

لَنُورٍ جَالِی ظُلمَةٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دُور کرتی ہے

فِی المُبتَدَاء وَالمُنتَھٰی

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوا عَلَیهِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

مرشد قطب عالم رحمۃ اللہ علیہ جوش میں آگئے اور فرمانے لگے کہ شامی صاحب آپ کے دل میں یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ میرا پیشوا میری صاحبزادی پر عاشق ہے، یہ صاحبزادی تو میری بیٹی ہے۔ میں نے لوحِ محفوظ پر دیکھا کہ اس کی اولاد گنہگار ہو گی۔ فقیر نے تین لوٹوں کے پانی سے صاحبزادی صاحبہ کی تین پشت تک کی اولاد کے گناہ دھو ڈالے ہیں تاکہ ان کی اولاد نہایت صالح اور نیک ہو اور متّقی اور پرہیزگار ہو، اور آپ نے دُعا دی کہ شامی صاحب آپ کا خاندان اور آپ کی اولاد خوب پھلے پھولے گی اور صاحب ثروت ہو گی اور دنیا کے کونے کونے میں اس کی عزت اور وقار قائم رہے گا اور کسی کی محتاج نہ ہو گی۔ پھر آپ نے صاحبزادی صاحبہ اور حضور باباجی کے ہمراہ کھانا تناول فرما کر واپس عالم پور تشریف لے گئے۔

(۲) آپ کی شہرت بہت دُور دُور ہو چکی تھی۔ کچھ دنوں کے بعد ایک کھتّری کی لڑکی برائے فراغت اجابت شام کے وقت کھیتوں میں چلی گئی۔ کچھ اندھیرا سا چھا گیا اجابت سے فارغ ہونے کے بعد جب وہ لڑکی اپنے گھر کو واپس آ رہی تھی تو ایک اونٹوں کا قافلہ وہاں سے گزر رہا تھا۔ قافلے کے سردار نے لڑکی اکیلی دیکھ کر زبردستی اُٹھا کر اپنے کجاوے میں ڈال لیا باوجود منت سماجت کے بھی اُس سردار نے لڑکی کو

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی ۔ یا قیوم

مَلَا الحَشَی بِمَحَبَّتِہٖ
دل و جگر کو آپ کی محبت سے بھر دیا

فَلَقَ النَّوٰی بِمَوَدَّتِہٖ
آپ کی محبت نے گٹھلی کو چیر دیا

وَبِلُطفِہٖ نِلنَا المُنیٰ
آپ کی مہربانی سے ہم نے مرادیں حاصل کیں

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

آزاد نہ کیا ۔حتیٰ کہ وہ قافلہ اپنی منزلیں طے کرتا ہوا اپنی منزل مقصود پر پہنچ گیا اور لڑکی کو ایک کمرے میں بند کر دیا گیا ۔ اُس کمرہ میں آموں کے ٹوکرے لگے ہوئے تھے اور مکان کے صحن میں اناروں کے درخت تھے ۔

جب لڑکی اپنے گھر واپس نہ آئی تو لڑکی کے والدین کو تشویش ہوئی اور چپہ چپہ اُنھوں نے تلاش کیا ۔لیکن لڑکی کا کوئی بھی سُراغ نہ ملا ۔ پھر لڑکی کے والدین اکٹھے ہو کر جناب باباجی صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی پریشانی اور لڑکی کی گمشدگی زار و قطار رُو رُو کر عرض کی ۔جناب باباجی صاحبؒ نے اُن کو تسلی دی اور کہا کہ میرا یہ رقعہ لے جائیں ۔ بازار میں ایک کھُسرا ناچ رہا ہے ۔ یہ رقعہ اس کو دیدیں ۔ چنانچہ وہ لوگ باباجی صاحبؒ کا رقعہ لے کر جب بازار میں آئے تو وہاں پر ایک کھُسرا ناچ رہا تھا اور ناچ میں چینا چھڑ رہا تھا اور کہتا تھا کہ یعنی کہ "چینا انج چھڑی دا یار ۔ چینا انج چھڑیدا یار" ۔ لڑکی کے والد نے حضور باباجیؒ کا رقعہ اُس کو دے دیا ۔ اُس مُخنث نے رقعہ لے کر چوما اور جیب میں ڈال لیا اور پھر اس طرح چینا چھڑنا شروع کر دیا ۔ ابھی وہ اپنا کام مکمل نہ کر پایا تھا کہ زُور زُور سے کہنے لگا کہ :

"اَمیاں والی کوٹھڑی اناراں والا ویہڑہ چل نی نڈیے تیرا گھر کیہڑا"

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیی   یا قیوم

شق القمر لمرامہٖ

آپ نے چاند کو اپنی نبوّت ثابت کرنے کے لئے چاک کیا

جاء الملک بسلامہٖ

فرشتے آپ کے سلام کو حاضر ہوئے

بصلوٰتہٖ امر الورٰی

خلقت کو آپ کی ذات پر درود بھیجنے کا حکم ہوا

صلوا علیہ وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!!

اِتنا کہا اور ہوا میں ہاتھ پھیلا کر بالوں سے پکڑ کر لڑکی کو اُس مجمع میں حاضر کر دیا لوگ یہ بات دیکھ کر لڑکی کی طرف متوجّہ ہوئے ہی تھے کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ مُخنث صاحب وہاں سے غائب ہو گئے جو تلاش کرنے پر بھی نہ ملے۔ جب لڑکی کو والدین نے وہاں پایا اور دریافت کیا کہ تمہارے ساتھ کیا ماجرا ہوا تو لڑکی نے رُو رُو کر کہا کہ ایک قافلہ مجھے اُٹھا کر لے گیا تھا اور مجھے ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا تھا۔ اُس کوٹھڑی میں آم بھی تھے۔ اور صحن میں اناروں کے پودے لگے ہوئے تھے۔ میں پریشان حال تھی کہ اچانک ہوا کا سخت جھونکا آیا اور مجھے وہاں سے اُٹھا کر ایک لمحے میں یہاں لے آیا۔ اور مجھے کچھ معلوم نہیں۔ پھر وہ سب لوگ وہاں سے اکٹھے ہو کر لڑکی کو ہمراہ لے کر حضور باباجی رحمۃ اللہ علیہ کے دربار شریف میں حاضر ہوئے اور شکریہ ادا کیا۔ یہ کرامت دیکھ کر کئی ہندو اور سکھ مسلمان ہو گئے۔

جناب باباجیؒ کے ہاتھوں پر بہت سے ہندو اور سکھ مسلمان ہوئے۔ آپ نے اِس کفرستان کے علاقہ میں توحید کا ڈنکا بجایا۔ آپؒ کا فیض ہر ایک کے لئے اب تک جاری و ساری ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپؒ کے روضۂ مُبارک پر تا ابد اپنے نُور کی رحمت برسائے۔ "آمین ثم آمین"

Marfat.com

یَاحَیُّ　　بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ　　یَاقَیُّوْمُ

لِعُرُوْجِہٖ نَزَلَ الْمَلَکُ

آپ کی قدر کو بلند ثابت کرنے کے واسطے فرشتے نازل ہوئے

لِقُدُوْمِہٖ رُفِعَ الْفَلَکُ

آپ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا

قَدْ جَاءَ فِیْہِ لَقَدْ رَاٰی

آپ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے خدا کا دیدار کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

حضرت بابا نظام شاہؒ (پشت ساتویں) کی کرامت

شیخ اقبال احمد شامی پسر شیخ مولا بخش رئیس شاہ محور اسی سے روایت ہے کہ:

(۱) "فتح الدین نامی لمبردار شاہ محور اسی کے ہاں کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔ چنانچہ وہ ایک دن حضرت بابا نظام شاہ رحمۃ اللہ علیہ جو تاجُ العارفین قطبُ الاقطاب حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی قُدّس سرہٗ العزیز کی ساتویں پُشت سے تھے۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا حضرت آپ اللہ تعالیٰ سے میرے لئے دُعا فرمائیں کہ میرے گھر لڑکا پیدا ہو۔ کیونکہ آپ وَلی اللہ کی اولاد میں سے ہیں۔ اگر میری مراد پوری ہو گئی تو میں اپنی آدھی زمین آپ کے نام لگوا دوں گا۔ آپ نے اُس شخص کے لئے دُعا فرمائی اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ سے اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا۔ مگر جب وہ لمبردار حضرت بابا نظام شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُس نے کہا کہ یا حضرت لڑکی پیدا ہوئی ہے اُس شخص نے اِس لئے جھوٹ بولا تا کہ اُسے اپنی زمین نہ دینی پڑے

Marfat.com

یا حیی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

نبع الوضوء ببرکوته

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

کثر الطعام ببرکته

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وبکفه نطق الحصی

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صلوا علیه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

حضرت بابا نظام شاہؒ نے اس شخص سے تین بار پوچھا۔ لیکن ہر بار اُس شخص نے یہی جواب دیا کہ یا حضرت لڑکی پیدا ہوئی ہے۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ "جا پھر لڑکی تے لڑکی ہی سہی"، اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھئے کہ وہ لڑکا اُسی وقت لڑکی کی جنس میں تبدیل ہو گیا اور اس کرامت کا سارے علاقے میں دُور دراز تک چرچا ہونے لگا۔ شیخ مولا بخش صاحب حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی آل میں سے تھے اور اُن کے دادا محترم شیخ نصرت اللہ صاحب مہاراجہ رنجیت سنگھ کے وزیر رہ چکے تھے۔ شیخ اقبال احمد شامی پاکستان بننے کے بعد مع اپنے اہل و عیال کے شاہ چوراسی سے ہجرت کر کے لاہور میں آباد ہوئے۔ اُن کا بیان ہے کہ حضرت "باباجیؒ"، کے طفیل ہم شاہ چوراسی میں اگست ۱۹۴۷ء میں بالکل بخیریت رہے اور کسی غیر مسلم نے ان کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھا۔ حالانکہ وہ شاہ چوراسی میں اپنے محلہ میں اہل و عیال کے ساتھ رہائش پذیر تھے اور اُن کے اِرد گرد تمام ہندو ہی ہندو آباد تھے۔ یہ صرف حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی

Marfat.com

یَا حَیُّ　بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ　یَا قَیُّومُ

ذَرَفَ العُیُونُ لِوَعظِہٖ
آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں

وَجِلَ القُلُوبُ بِنُصحِہٖ
دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے

بِدُعَائِہٖ ذَهَبَ العَمٰی
آپ کی دعا سے نابینائی دور ہو گئی

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

کرامت کا نتیجہ تھا کہ ہم نہ صرف وہاں محفوظ رہے، بلکہ خیر و عافیت کے ساتھ پاکستان پہنچ گئے۔

آل و اولاد کے لئے آپؒ کی دُعا

حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے نو صاحبزادے تھے۔ مگر آپؒ نے اس وقت کسی ایک کو بھی خلافت عطا نہیں کی، بلکہ اپنے شاگردوں، مریدین اور خدام میں سے نو خلفاء مقرر کئے۔ جن کے اسماء گرامی شجرۂ طریقت میں درج ہیں۔ آپؒ نے فرمایا تھا کہ میری آل و اولاد قلم دوات کی کمائی کھائے گی، لہٰذا آپؒ کی پیشین گوئی بالکل درست ہوئی، ہو رہی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہوتی رہے گی۔ زمانہ کے ہر دور میں آپؒ کی آل و اولاد ہی میں سے حکومت کے اہم اور اعلیٰ عہدوں پر متمکّن ہوتی رہی۔ مثال کے طور پر انگریز کے عہدِ حکومت میں جن اسامیوں پر انگریز مقرر ہوتے تھے۔ مندرجہ ذیل حضرات مقرر ہوئے۔

۱۔ صاحبزادہ شیخ احمد بخش، جنہوں نے بطور پٹواری ملازمت اختیار کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔

۲۔ خان بہادر صاحبزادہ شیخ عبدالرشید، سپرنٹنڈنٹ پولیس۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی — یا قیوم

وَاللہِ مَا اُحْصِیْ شَمَا

خدا کی قسم میں آپ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو

بِلْ فَضْلِہٖ مِنْ رَبِّنَا

جو ہمارے رب نے آپ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کرسکتا

فَھُوَ النَّبِیُّ الْمُرْتَضٰی

آپ خدا کے پسندیدہ نبی ہیں!

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

۳۔ صاحبزادہ شیخ عبدالصمد، سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن بلوچستان۔

۴۔ صاحبزادہ شیخ امیرالدین ڈپٹی کلکٹر انہار۔

۵۔ خانصاحب صاحبزادہ شیخ عبدالرحمٰن، سپرنٹنڈنٹ، واچ اینڈ وارڈ، ای، آئی۔ ریلوے۔

۶۔ خانصاحب صاحبزادہ شیخ عبدالرحیم مال افسر۔

۷۔ صاحبزادہ شیخ محمد اقبال شامی، سپرنٹنڈنٹ، ریفارمیٹری سکول، دہلی۔

جبکہ پاکستان بننے کے بعد بھی آپ ہی کی اولاد میں سے مندرجہ ذیل حضرات اہم اور اعلےٰ عہدوں پر متمکن رہے:

۱۔ صاحبزادہ شیخ اکرام الحق چیف سیکرٹری حکومت مغربی پاکستان اور قائم مقام گورنر بھی رہے۔

۲۔ صاحبزادہ شیخ انعام الحق، چیف کنٹرولر آف سٹورز پاکستان ریلویز۔

۳۔ صاحبزادہ شیخ نثار الحق، مینجنگ ڈائریکٹر ایم۔سی۔پی

۴۔ صاحبزادہ شیخ سجّاد احمد جان، جج سپریم کورٹ آف پاکستان سے ریٹائر ہونے کے بعد چیف الیکشن کمشنر مقرر ہوئے۔

۵۔ صاحبزادہ شیخ اعجاز احمد، سینئر سپیشل جج اینٹی کرپشن حکومت پنجاب

۶۔ صاحبزادہ شیخ عزیز الحمید، جنرل مینجر اور سیکرٹری پاور واپڈا۔

Marfat.com

یا حیی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

أنا كيف أمدح بالثنا

اے حضرت محمد رسول اللہ! میں آپ کی توصیف

لك يا محمد إنما

کیونکر　ادا　کرسکوں

أنت الممجد بالندى

آپ اپنی فیاضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

صلوا عليه وسلموا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

۷۔ صاحبزادہ شیخ سعید الحمید، ڈپٹی سیکرٹری ہوم، حکومت پنجاب

۸۔ صاحبزادہ شیخ وحید الحمید، ڈپٹی سیکرٹری، ہیلتھ، حکومت پنجاب

۹۔ صاحبزادہ ابونصر وائس پرنسپل گھوڑا گلی کالج۔

۱۰۔ صاحبزادہ حفیظ الرحمٰن شامی، ڈائریکٹر محکمہ ٹیلیفون۔

۱۱۔ صاحبزادہ شیخ محمد ناظم شامی، جنہوں نے بطور کلرک ملازمت اختیار کی، جبکہ ڈپٹی چیف پرسونل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔

۱۲۔ صاحبزادہ قمر احمد شامی، کرنل

۱۳۔ صاحبزادہ نثار محمد شامی، لیفٹیننٹ کرنل

۱۴۔ صاحبزادہ احسان الحق لیفٹیننٹ کرنل

۱۵۔ صاحبزادہ شیخ محسن رشید شامی، لیفٹیننٹ کرنل

۱۶۔ صاحبزادی ڈاکٹر رفعت رشید صاحبہ، پروفیسر اینڈ ڈین آف آرٹس پنجاب یونیورسٹی

۱۷۔ صاحبزادہ شیخ حسن رشید شامی، کرنل کے عہدے سے ریٹائر ہونے کے بعد جنرل منیجر ایم سی پی مقرر ہوئے۔

Marfat.com

یا نبی　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　بحرِ متوسم

وَلَقَدْ أُنَادِیْ یَا حَشَا

میں عشق کی شدت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطَّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا

دیکھو تم آنحضرتؐ کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہو رہے ہیں

فَلَطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا

اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

جبکہ صاحبزادہ بریگیڈیر احسن رشید شامی نے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستان کی بقا کی خاطر اپنی جان عزیز کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کا رتبہ پایا۔ اُن کا عُرس مُبارک ہر سال ۶ ستمبر کو لوگ مصطفیٰ آباد (للیانی) ضلع قصور میں بڑی شان و شوکت اور عقیدت کے ساتھ مناتے ہیں۔

اب موجودہ دَور یعنی ۱۹۸۷ء میں بھی۔

۱۔ صاحبزادہ وسیم سجّاد، وزیر عدل و پالیمانی امور، حکومت پاکستان

۲۔ صاحبزادہ شیخ ہمایوں اختر عادل، ممبر بورڈ، نیشنل بنک آف پاکستان

۳۔ صاحبزادہ شیخ مصباح الدین شامی، چیئرمین، پاکستان سائنس فاؤنڈیشن

۴۔ صاحبزادہ شیخ محمدؐ یوسف شامی، سیکرٹری ٹو گورنمنٹ آف پاکستان (LAMEC) اسلام آباد

۵۔ صاحبزادہ شیخ مسرور الحق، پروجیکٹ مینجر سوئی ناردن گیس لیٹیڈ

۶۔ صاحبزادہ شیخ ظہیر سجّاد، سیکرٹری خوراک حکومتِ پنجاب

۷۔ صاحبزادہ شیخ محمد یونس شامی، سپرنٹنڈنگ انجنئیر ہائی ویز۔ پنجاب

۸۔ صاحبزادہ سعید اقبال شامی ممبر وزیر اعلےٰ معائنہ ٹیم پنجاب۔

Marfat.com

یا حیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم

وَتَجَشَّمَتْ نَفْسِیْ کَمَا
میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی
یَتَجَشَّمُ حَجَرُ الرَّحیٰ
جیسی چکی کا پتھر اٹھاتا ہے
فِیْ هِجْرِ فَخْرِ الْاَنْبِیَا
فخر الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی میں
صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

۹۔ صاحبزادہ شیخ عطاء الغفور، ڈپٹی چیف مکینیکل انجینئر۔ پاکستان ریلویز۔

۱۰۔ صاحبزادہ وحید الزمان شامی، سپرنٹنڈنٹ ورکشاپ واہ آرڈیننس فیکٹری۔

۱۱۔ صاحبزادہ عتیق ظفر، ڈائریکٹر ایثار قدیہ حکومت پاکستان

۱۲۔ پروفیسر ڈاکٹر نعیم الحمید انچارج ٹہولس فیملی ہسپتال، راولپنڈی

۱۳۔ صاحبزادہ شبیر احمد شامی سپرنٹنڈنٹ پولیس، پاکستان ریلویز۔

۱۴۔ صاحبزادہ تبریز اسلم شامی، پروفیسر انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور۔

۱۵۔ صاحبزادہ ڈاکٹر اعتزاز الدین شامی، لیفٹیننٹ کرنل

۱۶۔ صاحبزادہ شیخ سجاد اسلم شامی۔ پروفیسر قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۷۔ صاحبزادہ پروفیسر شیخ انثار احمد شامی، کنسلٹنٹ عبدالعزیز یونیورسٹی مکہ۔

۱۸۔ صاحبزادی خالدہ شامی، پروفیسر عبدالعزیز یونیورسٹی، مکہ

۱۹۔ صاحبزادی زاہدہ اعجاز شامی صاحبہ، پروفیسر لاہور کالج برائے خواتین لاہور

۲۰۔ صاحبزادی ساجدہ شامی صاحبہ پروفیسر گورنمنٹ کالج، سمن آباد، لاہور۔

۲۱۔ صاحبزادی زبیدہ شامی صاحبہ پروفیسر لاہور کالج برائے خواتین لاہور۔

Marfat.com

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ
یَا نَبِی — یَا بَتُولُ

یَا رَاہِطَ اٰلِ مُحَمَّدٍ
اے آل محمدؐ کے گروہ!

یَا صُحُبَ صُحبَۃِ اَحمَدٍ
اور اے صحبت رسول علیہ السلام کے فیضیافتہ اصحاب

رُوحِی وَنَفسِی قَد فِدَا
میری جان اور میرا نفس سب آپ پر قربان ہے

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

۲۲۔ صاحبزادہ ضیاء الرحمٰن شامی، مینجنگ ڈائریکٹر، انڈس سٹیل پائپس لمیٹڈ کراچی

۲۳۔ صاحبزادہ محمدؐ اسلم شامی، ایڈیشنل سولیسٹر پنجاب

۲۴۔ صاحبزادہ سفیر الرحمٰن شامی، جنرل منیجر، کمرشل اینڈ فنانس، پاک الیکٹرون لمیٹڈ، لاہور کے عہدوں پر فائز ہیں۔ علاوہ ازیں آپ کی آل و اولاد میں سے بے شمار صاحبان حکومت کے اعلےٰ عہدوں سے ریٹائر ہوئے اور موجودہ حکومت میں برسرِ اقتدار ہیں۔ اگر اُن کے اسماء گرامی تحریر کئے جائیں تو ایک طویل فہرست مرتب ہو جائیگی۔ صحافت کے میدان میں بھی صاحبزادہ شیخ مجیب الرحمٰن شامی کو وہ مقام حاصل ہے۔ جو آج تک کسی صحافی کو اتنی کم مدت میں نصیب نہیں ہوا۔ یہ تمام انعامات و احسانات نہ صرف تاج العارفین قطبُ الاقطاب حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی دُعاؤں کا نتیجہ ہیں، بلکہ اِن میں آپ کے پیرو مرشد قطبِ عالم حضرت سیّد محمدؐ طاہر عالپوری قدّس سرہٗ العزیز کی دُعاؤں کا بھی اثر ہے۔

وصال

حضرت تاجُ العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بروز بدھ مورخہ ۲۲ ربیع الاوّل ۱۱۴۶ھ بمطابق ۲۲ اگست ۱۷۳۳ء کو شاہجوراسی میں ہوا۔ جہاں آپ کا روضۂ مبارک پچاس کنال رقبہ

Marfat.com

یاحی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یاقیوم

فَتَحَدَّثُوْا عَنْ لَوْعَتِیْ
اے دوستو میرے سوز دل کی بابت
عِنْدَ الْحَبِیْبِ اَحِبَّتِیْ
میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو
سَکَبَتْ دُمُوْعِیْ یَا فَتَا
اے نوجوا میرے اشک رواں ہیں!
صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

میں واقع ہے۔ آپ نے تقریباً ۱۱۸ سال کی طویل عمر پائی اور ساری عمر اسلام کی سربلندی کے لئے ہمہ تن گوش رہے۔ حتیٰ کہ آپ نے ابتدا میں وطن مالوف شاہجہان کو خیرباد کہا، بلکہ اپنی بیوی بچوں اور والدین سے بھی کافی عرصہ جدا رہے۔

جب حضرت تاج العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا وقتِ وصال قریب تھا تو آپ کے ایک مرید نواب جانی بیگ خان نے آپ سے عرض کی کہ سرکار آپ کا روضۂ مبارک کس طرز کا بنایا جائے میرا ارادہ ہے کہ آپ کا روضۂ مبارک ایسا تعمیر کراؤں کہ ہندوستان میں اس کی نظیر نہ ملے آپ نے اس سے منع فرمایا اور وصیت کی کہ ہماری تربت ہمارے پیر و مرشد قطب عالم حضرت سید محمد طاہر رحمۃ اللہ علیہ کی طرح کچی ہونی چاہیئے۔ اللہ اللہ یہ تھا ادب کا مقام کہ آپ نے اپنے پیر و مرشد کی قبر مبارک کا اس قدر خیال رکھا تاکہ بے ادبی نہ ہونے پائے۔ چنانچہ آپ کی قبر مبارک کافی عرصہ تک کچی رہی۔ اس کے بعد آپ کی قبر مبارک برساتی ندی کے پانی سے کافی نقصان پہنچا تو پھر آپ کے خلیفہ حضرت شہریار رحمۃ اللہ علیہ نے تین شب و روز روضہ مبارک میں رہ کر بہت منت سماجت سے مراقبہ میں اجازت اس قدر حاصل کی کہ اچھا چار دیواری بنا دی جائے۔ مگر میرے پیر و مرشد کی چار دیواری سے ہرگز اونچی نہ ہو تاکہ بے ادبی نہ ہونے

Marfat.com

یاحیُّ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ یاقیُّومُ

ذَکَرَ الصَّلٰوۃَ فَقِیرُہٗ

آپ کے در کے گدا عبد النبی نے

عَبدُ النَّبِی مُعطِیرُہٗ

جو آپ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلانیوالاہے

فِی کُلِّ صُبحٍ وَّالمَسٰی

تمام صبح اور شام آپ پر درود بھیجنے میں صرف کیا

صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

پائے۔ آپؒ نے بعد از وصال بھی اپنے پیر و مرشد کے ادب کا خیال ملحوظ رکھا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور آپ کے روضۂ مُبارک کی چار دیواری صاحبزادہ میراں بخش نے بنوائی۔ جبکہ آپؒ کی تُربت مُبارک کا قُبّہ صاحبزادہ شیخ قدرت مند نے ماہ ستمبر ۱۹۱۸ء میں تعمیر کروایا۔

دُنیا کے بادشاہوں اور شہنشاہوں کے نام تو صفحہ ہستی سے مٹ جاتے ہیں۔ مگر جو کاملین فنا اللہ اور بقا اللہ کے منازل طے کر لیتے ہیں۔ اُن کے نام مُبارک ابدالآباد تک زندہ رہتا ہے۔ لوگ ہر سال اُن کا عُرس مُبارک نہایت عقیدت اور شان و شوکت سے مناتے ہیں۔ لہٰذا پاکستان بننے کے بعد لالہ موتی لعل مہل جو باقاعدہ نماز اور قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے۔ آپؒ کے روضۂ مُبارک کی ۱۹۶۵ء تک دیکھ بھال کرتے رہے اور اس کے بعد جناب جی۔ ایس۔ شامی یعنی گورشرن سنگھ شامی، جس کا نام مؤلّف نے غلام صادق شامی رکھ دیا تھا، نے ستمبر ۱۹۶۵ء سے ۲۹ ستمبر ۱۹۸۳ء تک نہ صرف دیکھ بھال کی، بلکہ ہر سال ۹، ۱۰، ۱۱ ستمبر کو عُرس مُبارک بھی منعقد کراتا رہا۔ جس کی کاروائی باقاعدہ طور پر ٹی۔ وی سے ٹیلی کاسٹ اور ریڈیو سے نشر ہوتی تھی۔ عُرس مُبارک پر ہزارہا ہندو، سکھ اور مسلم دُور دراز کا سفر طے کر کے شرکت کرتے اور اپنی اپنی مرادیں حاصل کرتے ہیں۔ جبکہ آپؒ کی اولاد ہر سال ۲۲، ربیع الاوّل کو پاکستان کے مختلف شہروں میں آپؒ کا عُرس مُبارک بڑی عقیدت کے ساتھ مناتی ہے۔

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عَشِقَ الْإِلٰهُ لِوَجْهِهٖ
آپ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

اَلِهَ الْعُقُوْلُ لِدَرْكِهٖ
انسانی عقلیں آپ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

وَبِحُسْنِهٖ تَاهَ النُّهٰى
آپ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیر ہوتی ہے

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

جناب گورشرن سنگھ شامی نے اپنے آپ کو حضرت تاج العارفین رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ چنانچہ اُس نے عرصہ ۲۳ سال یعنی ستمبر ۱۹۶۵ء سے لیکر ۲۹ ستمبر ۱۹۸۳ء تک خدمت کے فرائض انجام دیئے۔ وہ ریلوے میں آڈیٹر کے عہدے پر فائز تھے۔ آپ نے حضرت تاجُ العارفین رحمتہ اللہ علیہ کے روضہ مُبارک کی چار دیواری کو دوبارہ تعمیر کروایا اور اس پر ایک بہت خوبصورت گرل لگوائی۔ جس کی وجہ سے آپ کے روضہ مُبارک کی خوبصورتی دوبالا ہوگئی۔ یہ تمام کام عرصہ تین ماہ میں مکمل ہوا۔ جس پر جناب گورشرن سنگھ نے مبلغ پندرہ ہزار روپے اپنے جی۔ پی فنڈ سے نکلوا کر خرچ کیا۔ اس کے علاوہ اس نے روضہ مُبارک میں آٹھ عدد کمرے تعمیر کروائے۔ دو ہینڈ پمپ لگوائے اور روضۂ مُبارک مین بجلی بھی لگوائی علاوہ ازیں بے شمار پودے بھی روضہ مُبارک کے احاطے میں لگوائے۔

افسوس کہ: مورخہ ۲۹ ستمبر ۱۹۸۳ء بروز جمعرات بوقت ۲½ بجے دن، گورشرن سنگھ کو دو نوجوان سکھوں نے روضہ مُبارک میں پانچ گولیاں مار کر قتل کر دیا اور دونوں سکھ نوجوان بمعہ دو اور سکھوں کے تیسرے روز پولیس مقابلہ میں فی نار جہنم ہوگئے۔

وما علینا الا البلاغ المبین۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ارشاداتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

صحتِ انسانی کیلئے

(۱) کھانے کے لیے ہاتھ استعمال کریں۔

(۲) کھانا داہنے ہاتھ سے کھائیں۔

(۳) مریض کے ساتھ بیٹھ کر کھانا نہ کھائیں۔

(۴) تکیہ لگا کر اور کھڑا ہو کر کھانے سے بدہضمی ہوتی ہے

(۵) کھانا ٹھنڈا کر کے کھاؤ۔ گرم کھانے سے معدہ ضعیف اور کمزور ہو جاتا ہے۔

(۶) کھانے کو ٹھنڈا کرنے کیلئے پھونک نہ مارو۔

(۷) اکیلے کھانا نہ کھاؤ۔ اکٹھے مل کر کھانا کھانے سے برکت ہوتی ہے۔

(۸) گوشت کو چاقو اور چھری کی بجائے دانتوں سے کاٹ کر کھاؤ۔

(۹) کھانے کے بعد دانتوں میں خلال کرو دانت صحت مند رہیں گے۔

(۱۰) مسواک باقاعدگی سے کیا کرو۔

(۱۱) لیموں شہد کے ساتھ نہار منہ کھانے سے دل و دماغ کو تقویت ملتی ہے۔

(۱۲) پیٹ سے بڑا برتن اللہ نے پیدا نہیں فرمایا اسے کبھی بھی مکمل طور پر پُر نہ کیا کرو۔

(۱۳) رات کو کھانا نہ کھانے سے بڑھاپا جلدی آجاتا ہے۔

(۱۴) لوکی یعنی کدو کھایا کرو، دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے

(۱۵) دستر خوان کو سبزیوں سے زینت دیا کرو۔

(۱۶) چار چیزوں کو بُرا نہیں سمجھنا چاہیئے،
آنکھ کا دُکھنا.... اندھے ہونے سے بچاتا ہے۔
زکام کا ہونا.... برص سے محفوظ رکھتا ہے۔
کھانسی کا ہونا.... فالج سے بچاؤ ہوتا ہے۔
پھوڑے پھنسی.... برص سے نجات ملتی ہے۔

(۱۷) لہسن کا استعمال بہت سی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۱۸) دو مختلف کھانوں کو جمع نہ کریں مثلاً مچھلی اور دُودھ، ترشی اور دُودھ، گرم اور سرد، انڈہ اور گوشت۔

(۱۹) پانی ایک سانس میں مت پیا کرو اس سے سینہ میں درد ہوتا ہے۔

(۲۰) پانی کھڑے ہو کر پینے سے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

(۲۱) کبھی کبھی قے کیا کرو، اس سے معدے کی گندی رطوبتیں خارج ہو جاتی ہیں۔

(۲۲) مدینہ شریف کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر دل کے مریض کو کھلا دیں دل کا مرض جاتا رہے گا۔

الحاج صاحبزادہ محمد سلیم شامی نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِرشادات

تاجُ العارفین قُطبُ الاقطاب
حضرت شیخ عبدالنّبی شامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

۱ جب وجُود کا ہر ذرہ ذکر کرنے لگ جائے تو اُس کو ذکرِ سُلطان کہتے ہیں۔ کبھی کبھی ذکرِ سُلطان اِس طرح غلبہ کرتا ہے کہ جس پر نظر پڑے اور جو کچھ سُنائی دے اور جو کچھ چھُونے اور چکھنے کے حواس سے متعلق ہو جائے۔ اُس میں اللہ کا نام پایا جائے گا۔

مکتُوب : ۲

۲ ولایتِ اَنبیاء اور نبوّتِ اَنبیاء کے کمالات تک پہنچنے کو آسان نہ سمجھا جائے۔ اِن مقامات کی باریکی اور بلندی "نکات الاسرار" سے واضح ہوتی ہے۔

مکتُوب : ۲

۳ میرا علم جو کچھ جانتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے علم کی خصُوصیات کی وجہ سے جانتا ہے چنانچہ اِنسان جب یہ بات سمجھ جائے، تو وہ ہر وقت اپنے ذاتی، صفاتی اور کمالاتی مرتبوں کو اللہ تعالےٰ کی ذات صفات اور کمالات کا مظہر جانے اور اُس کے اِظہار کے سوا اور کچھ نہ پائے۔ کیونکہ یہ طے شدہ بات ہے کہ جس نے چکھا نہیں، اُس نے جانا نہیں۔

مکتُوب : ۳

۴ جس پر تجلّی کی جائے اُس کی مثال بھی آئینہ کی طرح ہے کہ وہ اِس میں اپنی ہی صورت

Marfat.com

دیکھتا ہے اور ذاتِ حق کو نہیں دیکھتا اور ذاتِ حق کو دیکھنا ناممکن ہے، پس وہ یہ توقع نہ کرے کہ اِس تجلّیٔ ذاتی سے آگے کے مدارج کی طرف ترقّی ہو سکتی ہے۔

مکتوب : ۴

۵ اگر مجھے ہزار برس کی عمر بھی مل جائے اور ایک لمحہ بھی آرام نہ کروں اور شدید ریاضت کروں تو بھی یہ ساری مُشقّت ایک جَو کے برابر قیمت نہیں رکھتی اور تشبیہ کے سالک مقصودِ حقیقی سے بہت دُور ہیں، کیونکہ وہاں تک تشبیہ کی پہنچ ہی نہیں۔

مکتوب : ۴

۶ جسے اللہ تعالےٰ علمِ لُدنی سے سرفراز فرمائے اور اس وصل میں حجاب کا کوئی تتمّہ اور کوئی فاصلہ نہیں ہوتا اور اس میں اُن روشن اور حقیقی اشیاء کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا اور کوئی شئے خفیہ نہیں ہوتی اور یہ جان لینا چاہیئے کہ یہ آخری بلند مرتبہ خلو المتخیلہ اور تخلیص السّری کہلاتا ہے۔ اس میں کوئی حجاب، فاصلہ، نسبت اور اشارہ بطرفِ مطلوب نہیں رہتا۔ اِس کے تین مرتبے ہیں۔ اِس کی ابتداء کو علمِ حضُوری کا مرتبہ اور اس کے وسط کو حضُورِ علم کا مرتبہ اور اس کی اِنتہاء کو حضُور در حضُور کا مرتبہ کہتے ہیں اور اس مرتبہ سے اہلِ قبُور بھی واقف نہیں۔

مکتوب : ۵

۷ اے اللہ میرے لئے معرفت اِسی طرح آسان کر دے۔ جس طرح تُو نے ہمارے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر کی تھی اور ہمارا خاتمہ ایمان اور اسلام پر فرما۔ اے لوگو! حضُور اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر کثرت سے درُود بھیجو، جیسا کہ اُن کی شان ہے۔

مکتوب : ۶

۸ بُدترین شخص وہ ہے جو دوسرے اِنسان کو گمراہ کرتا ہے۔

مکتوب : ۹/ب

۹ بعض بزرگوں نے منفی صفات کو بھی مُثبت صفات کی مانند کہا ہے اور موجود سمجھا ہے

Marfat.com

غور سے دیکھنا چاہیے کہ منفی صفات کا اطلاق کرنا، صفت کی نفی کرنا ہے نہ کہ صفت کا اثبات کرنا۔ مثلاً "لم یلد"، صفت توحید کی نفی ہے۔

مکتوب : ۱۲

(۱۰) تمام تعریف اُس اللہ کے لئے ہے۔ جس نے مجھے کفر کی تیرگی سے نکالا اور اپنی مدد اور کامیابی سے دارالامان میں داخل کیا۔ پاک ہے وہ ذات جو مُردوں کو زندہ کرتی اور انہیں ولایت کے درجوں پر پہنچاتی ہے۔

مکتوب : ۱۵

(۱۱) اگر تخت پوش کا ایک تختہ پلید ہو جائے تو یہ دیکھنا چاہیے کہ اگر ان سب تختوں کو ایک دوسرے سے میخوں سے اس طرح جوڑا گیا ہے گویا کہ ایک ہی تختہ بن گیا ہے تو پھر وہ تخت پوش ایک تختہ کی حیثیت رکھے گا۔ اس سارے تخت پوش پر نماز جائز نہیں، خواہ پاک جگہ پر نماز ادا کرے یا ناپاک جگہ پر لیکن اگر تختوں کو لکڑی کے ساتھ جوڑتے تختے ہوں، میخوں سے جوڑا گیا ہو، اس لکڑی کی بدولت وہ تختے آپس میں ملے ہوئے ہوں اور اسی لکڑی کی وجہ سے وہ جُدا جُدا ہو سکتے ہوں تو پھر پاک تختہ پر نماز ادا کرنا جائز ہے اور چادر کی کیفیت بھی یہی ہے۔ اس کے پاک کرنے سے بھی نماز جائز نہیں۔

مکتوب : ۱۵

(۱۲) اگر مُقتدی کو غفلت کی بناء پر امام کے رکن کا پتہ نہ چلے تو چھوٹے ہوئے رکن کو ادا کرنے کے بعد امام سے ملنا دُرست ہے اور اگر کوئی رکن درمیان میں سے چھوٹ جائے اور امام سے ملے تو درست نہیں۔

مکتوب : ۱۵

(۱۳) اپنی مسواک کے سوا کسی دوسرے کی مسواک پکڑنا جائز نہیں۔

مکتوب : ۱۵

(۱۴) اگر کوئی حائضہ اپنی عادت سے پہلے پاک ہو جائے تو طہارت کے بعد روزہ اور نماز ادا کرے، لیکن شوہر کے نزدیک نہ جائے۔

مکتوب : ۱۵

Marfat.com

(۱۵) "جو کچھ آسمانوں میں ہے اللہ کی حمد کرتا ہے" کے معنی سمجھنے چاہئیں۔ چنانچہ کائنات کا ہر ذرہ اپنی ذات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی مدح اور تعریف کا ظہور ہے اور اُس کے کلامِ مطلق کے ظہور سے دوسرے مرتبہ میں کلمہ ہے، جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے تعریف میں ہے اور لفظ کلمہ سے مراد حق تعالےٰ ہے اور اللہ کے کلمات کو قید نہیں کیا جا سکتا۔

مکتوب : ۱۶

(۱۶) الف، لام، میم سے وجُوب کے تین مرتبے مراد ہیں۔ یعنی الف سے ذات، لام سے صفات اور میم سے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کمالات ہیں۔

مکتوب : ۱۷

(۱۷) دنیا کی تخلیق صرف اللہ تعالےٰ کی جمالی اور جلالی صفات کے حُسن کے اظہار کے لئے ہے اور ہر صفت اپنے قدیم اور ازلی تقاضے کے مطابق اِس بات کی مُتقاضی ہے۔

مکتوب : ۱۸

(۱۸) ادنےٰ ترین جنتی کی قدر و منزلت یہ ہو گی کہ جنت میں اپنی جگہ سے ایک ہزار برس کی مسافت تک اپنے باغوں، اپنی عورتوں اپنی نعمتوں، اپنے خدمتگاروں اور اپنے تختوں کو دیکھ سکے گا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک گرامی قدر ہو گا، جو صبح و شام اپنے ربّ کی ذات کو دیکھے گا۔

مکتوب : ۲۱

(۱۹) اَنبیاء کا پہلا قدم اَولیاء کی اِنتہا ہے۔

مکتوب : ۲۱

(۲۰) تمام اولیاء کا خاتم اِمام مہدی ہے اور سوائے صحابۂ کرام کے جس کسی نے خود کو اِمام مہدی پر فضیلت دی تو اس نے صاف صاف غلطی کی، اُس پر واجب ہے کہ وہ توبہ کرے اور عقیدہ سلف کی طرف لوٹ آئے۔

مکتوب : ۲۲

(۲۱) مومن چار قسم کے ہوتے ہیں۔ (۱) منحرف (۲) مقیّد (۳) متوجّہ (۴) سالک۔

مکتوب : ۲۳

Marfat.com

۲۲ ایمان کے دو رُکن ہیں۔ تصدیق اور اِقرار۔ اصلی اور دائمی رُکن تصدیق ہے اور اقرار عارضی اور وقتی رُکن ہے اور یہ تصدیق کی شاخ ہے۔ اقرار ساری عمر میں ایک بار کافی ہے۔

مکتوب : ۲۴

۲۳ اپنے دل میں اپنے اللہ کو یاد کر با گڑ گڑا کر اور چھپ کر، صبح اور شام بغیر اس کے کہ آواز بلند ہو۔

مکتوب : ۲۴

۲۴ جس شخص کو دِل اور رُوح کا ذِکر حاصل نہ ہو۔ اُس کے لئے ضروری ہے کہ زبان کا ہی ذِکر کرے اور طلب کرتا رہے۔ حتیٰ کہ اُسے باطنی ذِکر بھی نصیب ہو جائے۔

مکتوب : ۲۴

۲۵ اللہ کی تسبیح کرنے والوں میں جمادات اور حیوانات ہیں اور انسان بھی اس لازمی تسبیح میں اُن کے ساتھ شریک ہے۔ کیونکہ وہ اِن تینوں مراتب میں بھی برابر کا شریک ہے۔

مکتوب : ۲۶

۲۶ ہر تسبیح کرنے والے کی تسبیح بہت بڑے اجر کا تقاضا کرتی ہے، بلکہ مخلوق کے بعض افراد کی تخلیق صرف اطاعت کے لئے ہے۔

مکتوب : ۲۶

۲۷ میں کس لئے تیرا ہوں، صرف اِس حمد کے لئے اور تو میرے لئے اور کچھ نہیں صرف اِس حمد کے لئے۔

مکتوب : ۲۶

۲۸ الہام شدہ حقیقت اِس فقیر پر اِس طرح واضح ہوئی کہ اِس کے بعد بات کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔ یہ بزرگانِ عظام پر اظہارِ حق کے لئے ہے۔

مکتوب : ۲۸

۲۹ رزق کے بارے میں تشویش کرنا اور غم کھانا دانا کا کام نہیں، کیونکہ زمین پر کوئی جاندار ایسا نہیں۔ جس کا رزق اللہ تعالیٰ کے ذمّہ نہ ہو، چونکہ ہر ذی جان کا رزق اُس حیوانات کو زندہ کرنے والے نے اپنے ذمّے رکھا ہے اور بڑا پکا وعدہ کیا ہے۔ اسلئے

Marfat.com

وہ شخص بے حد احمق ہوگا، جس کو اس بارے میں شک و شبہ ہو۔

مکتوب : ۳۱

(۳۰) جو میری راہ پر چلا وہ میرا بیٹا ہے اور جو میری راہ پر نہ چلا وہ میری اولاد میں سے نہیں۔

مکتوب : ۳۳

(۳۱) قوم کا شریف ترین آدمی وہ ہے جو اُس میں سے سب سے زیادہ مُتّقی ہے۔

مکتوب : ۳۶

(۳۲) سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے عارفوں کے دِلوں کو اپنی معرفت کے نُور سے منوّر کیا اور اُن کے مراتب کے شایانِ شان الہام کیا۔

مکتوب : ۳۶

(۳۳) صدق کا ایک ذرّہ ہزاروں برس کی عبادت پر بھاری ہے

مکتوب : ۳۷

(۳۴) "اپنے رَبّ کو گڑگڑا اور چھپ کر یاد کر" اپنے وقت کو اہلِ حرص و ہوا کی صحبت میں بات چیت میں ضائع نہ کریں۔ کسی بات کو اللہ کے ذِکر سے بہتر نہ سمجھیں۔ خواہ یہ ذِکر تکلیف سے ہی کیوں نہ ہو۔

مکتوب : ۳۹

(۳۵) اَولیاء اللہ کو یہ طاقت دی گئی ہے کہ بس ایک پل میں کعبۂ مقصود سے واقف کرا دیں اور اصل منزلِ مقصود تک پہنچا دیں۔

مکتوب : ۴۵

(۳۶) نیند کو موت کی بہن اس معنی میں کہا گیا ہے کہ بس ظاہری تعلق کٹ جاتا ہے، نہ کہ موت کی طرح باطنی تعلق بھی، بلکہ باطن میں تعلق اور بڑھ جاتا ہے اور اگر سوتے وقت میں ایک نماز فوت ہو جائے اور آدمی مر جائے تو آدمی سے اُس نماز کی باز پُرس نہیں ہوگی۔

مکتوب : ۵۱

(۳۷) تجلّی کے چار درجے ہیں۔(۱) اشعاری (۲) فعلی (۳) صفاتی (۴) ذاتی۔ ہر تجلّی اللہ سبحانہٗ کی صفات کے کمالات میں سے ایک کمال ہے۔

مکتوب : ۵۳

Marfat.com

(۳۸) وُجُود کا اطلاق دو درجے رکھتا ہے۔ "واجب الوُجُود" اور "ممکن الوُجُود" جس کا وُجُود و عدم اپنی ذات سے نہ ہو۔

مکتُوب : ۵۳

(۳۹) ہر شئے سے معرفت کی خبر دو طرح سے ملتی ہے یا تو استدلال سے یا کشف سے چنانچہ جو شخص اِن میں سے کسی طرح معرفت کی خبر نہیں رکھتا۔ وہ غفلت میں پڑا ہے۔

مکتُوب : ۵۳

(۴۰) گمان چار قسم کا ہوتا ہے:۔

پہلی قسم "ماموریہ" اور یہ نیک گمان ہے اللہ تعالیٰ اور مومنوں کی نسبت اور حدیث میں آیا ہے کہ نیک گمان ایمان کا حصّہ ہے۔

دوسری قسم "حرام" گمان کی ہے اور یہ خُدا اور مومنوں کی طرف بدگمانی ہے۔

تیسری قسم "مندوب الیہ" کی ہے اور یہ اُمورِ اجتہادیہ میں گمانِ غالب سے کام لینا ہے۔

چوتھی قسم "مباح" کی ہے اور یہ وہ گمان ہے جو دنیا اور تلاش معاش کی مختلف صورتوں میں ہوتا ہے۔ اس میں بدگمانی اکثر سلامتی کا سبب اور بڑے بڑے کاموں کے انتظام میں مفید ہوتی ہے اور اسے اچھی صورت میں شمار کیا گیا ہے۔

مکتُوب : ۵۳

(۴۱) صانع کے وجُود کو ثابت کرنے کا انحصار دو طریقوں پر ہے ایک عقل سے دوسرا ریاضت سے اور عقل سے ثابت کرنے کے لئے دو طریقے ہیں وہ جو دلائلِ عقلی سے اور انبیاء علیہم السلام کی سُنت و سیرت سے شہادت لا کر ثابت کرتے ہیں۔

مکتُوب : ۵۳

(۴۲) جس شخص نے خلقت کی عیب جوئی میں اپنے آپ کو مشغول کر لیا۔ وہ اس لئے ہے

Marfat.com

کہ اُس نے اپنے عیب کو نہیں پہچانا۔ مکتوب : ۵۳

(۴۳) جان لو! کہ نیکی رضا و محبّت اور اللہ تعالیٰ کے امر، ارادے اور قضا و حُکم سے ہے اور بدی اُس کے حُکم و ارادت و قضا سے ہے نہ کہ رضا و محبّت و امر سے اور رضا و محبّت کی یہ نفی متعدّی ہے، لازمی نہیں۔ مکتوب : ۵۳

(۴۴) جان لو! کہ اللہ کے نام کے چار حروف ہیں۔ الف کی حقیقت سے حضرت محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم باخبر ہیں۔ پہلے لام کی حقیقت سے حضرت ابراہیم خلیل اللہ باخبر ہیں اور دوسری لام سے حضرت موسیٰ کلیم اللہ باخبر ہیں اور ہا (ھ) کی ایک آنکھ سے حضرت داؤد علیہ السلام اور دوسری آنکھ سے حضرتِ عیسیٰ روح اللہ واقف ہیں۔ ہمارے نبیؐ اور دوسرے انبیاء پر صلوٰت و تسلیمات۔ مکتوب : ۵۳

(۴۵) حیرت کے دو مرتبے ہیں: ایک حیرتِ مقبُول اور دوسری مردُود۔ حیرتِ مقبُول یہ ہے کہ اپنے باطنی حواس کو ادراک کے ممکنہ حاصلات سے خالی رکھے اور تمام حواس کو تصوّری حاصلات سے پانے کے لئے جتنا زیادہ غور کرے کچھ نہ پائے اور اُس کو نہ پانے کو پانے کی حقیقت سمجھے اور حقیقت کو نہ پانے ہی کو قُرب و معیّت سمجھے۔ حیرتِ مردُود یہ ہے کہ حواس باطنی کے خلا سے مضطرب اور پریشان ہو جائے محبُوب کے قُرب سے دُور ہو جائے اور اُس کی ہمراہی سے اپنے آپ کو محروم کرے۔ مکتوب : ۵۳

(۴۶) جو شخص کسی کے ہاتھوں مارا جاتا ہے۔ اُس کی اجل کا وقت کم نہیں ہوتا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اُس کے لئے جو مہلت لکھی ہوتی ہے۔ اُس میں کمی نہیں ہوتی ہوتی۔ اُس کی موت وقت مقرّرہ پر ہی ہوتی ہے اور جب کسی شخص کی موت آجاتی ہے تو اِس میں اتنی کمی و بیشی بھی نہیں ہوتی کہ ایک چیونٹی کے قدم اُٹھانے اور رکھنے میں

Marfat.com

ہوتی ہے۔

مکتوب : ۵۳

(۴۷) جب کسی شخص کا مقرّرہ وقت آجاتا ہے تو اللہ تعالےٰ اُسے یقیناً موت دے دیگا لیکن بندے پر واجب ہے کہ جب اُس کی اجل آجائے تو قتل نہ کرے کیونکہ یہ اللہ تعالےٰ کی ملکیّت ہے۔ اس ملکیّت میں تصرّف بھی اللہ تعالیٰ ہی کا ہے اور چونکہ بندہ فاعل مختار ہے۔ اپنے اختیار سے خونِ ناحق کرنا، جس کا کرنا اس پر واجب نہ تھا۔ لائقِ عذاب ہو جاتا ہے۔ اس کی شرح کا علم خدا ہی بہتر جانتا ہے۔

مکتوب : ۵۳

(۴۸) بے شک آسمان ہم پر کسی دن ظلم کرتا ہے۔ ہمیں اپنے عزیز دوستوں سے جُدا کردیتا ہے۔ اے خُدا اُس شخص کی موت آسان کر دے، جو میری یہ کتاب پڑھے اور میرے لئے دُعا کرے۔ (مجموعۃ الاسرارؒ)

مکتوب : ۵۳

(۴۹) جس جگہ کوئی وجُود ہے، وہاں خُدا کے لُطف کا ظہور ہے اور جہاں وجود نہیں وہاں خُدا کے قہر کا ظہور ہے۔

مکتوب : ۵۳

(۵۰) اللہ پاک ہے، میں نے دونوں جہانوں کے خیالات کو اپنے دِل سے اس طرح دھو دیا ہے کہ سنہری تختے پر ایک نقطے سے دو خط پیدا ہو گئے۔

مکتوب : ۵۳

(۵۱) اے لوگو! اس ذات پر صلوٰۃ وسلام پڑھو۔ اے میرے اللہ اُس ذات پر صلوٰۃ وسلام بھیج، اُس کی بزرگی میں اضافہ کر، اُسے اپنی نعمتوں سے مالا مال کر، اُسے برکتیں دے، جو عرب وعجم کا سب سے زیادہ سعادت مند ہے، اِمام کعبہ وحرم ہے، علم وحکمت کا منبع ہے۔ خُلق اور اِحسان اور سخاوت وکرم کی کان ہے، جو عرش و لوح کا مظہر ہے۔ جو کلامِ قدیم کا ترجمان اور مُعلّم ہے۔ جو ہمارا سیّد۔ ہمارا رہبر، ہمارا شفیع ہے۔ جس کا نام مُحمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے۔ صلوٰۃ وسلام ہو تم پر اے احمد

Marfat.com

اے اللہ کے حبیب تم پر صلوٰۃ و سلام، اے محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اے اللہ کے رسول تم پر صلوٰۃ و سلام۔

مکتوب : ۵۶

۵۲ حدیثِ قدسی اللہ تعالیٰ کے کلام کے کمالات میں سے ایک کمال ہے۔ معنوی طور پر بھی اور لفظی طور پر بھی، لیکن معنوی طور پر حضرت جبرئیل علیہ السلام پر یا لفظاً حضرات انبیاء پر القا ہوتا ہے اور پھر ان معانی کو الفاظ کے تصوری لباس کے مطابق ان بزرگوں کی جماعت کے قلوب پر الہام کے طور پر نازل کیا جاتا ہے۔

مکتوب : ۵۹

۵۳ اب جب تم فقیروں کی صحبت میں پہنچ گئے ہو، سرِ تسلیم خم کر دو۔ ذِکر کرو تسبیح میں مشغول رہا کرو، جو کچھ تمہارے نصیب میں ہے، اپنے وقت پر ظاہر ہو جائیگا۔ کام یہی ہے کہ اپنی ذات کو درمیان سے خارج کر دو۔

مکتوب : ۶۰

۵۴ جب تک راستے کو " لا " کے جھاڑو سے صاف نہیں کرے گا " الا اللہ " کے گھر تک نہیں پہنچ سکے گا۔

مکتوب : ۶۱

۵۵ لکڑی کا جھاڑو تو محض عارضی گرد و غبار سمیٹتا ہے، لیکن اصل غبار کو جو ذرّاتِ زمین پر مشتمل ہے۔ اُٹھانا ہو تو اس کے لئے طویل عمر چاہیئے۔

مکتوب : ۶۱

۵۶ فرائض ہر حالت میں فرض ہوتے ہیں۔ کسی اور کی طرف سے ادا کرنے سے ادا نہیں ہوتے، البتہ نوافل جس کسی کے لئے چاہے، وہ اپنا ہو یا بیگانہ، خواہ تمام، خواہ آدھے خواہ تہائی عطا کرنے کے مطابق پہنچائے جاتے ہیں اور ان کا ثواب پہنچتا ہے۔

مکتوب : ۶۷

۵۷ وقتی نکاح (متع) ہمارے مذہب میں باطل ہے۔

مکتوب : ۶۷

۵۸ قبروں پر چراغ جلانا بدعت ہے، اگر کوئی ضرورت پیش آ جائے تو جائز ہے۔

مکتوب : ۶۷

Marfat.com

(۵۹) مُردے کے ساتھ کاغذ لکھکر رکھنا منع ہے۔ البتہ اگر خشک اُنگلی سے میّت کی پیشانی یا سینہ پر "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم"، لکھنا چاہیئے تو یہ برکت کے لئے ہے۔ ولدالزّنا کا جنازہ درست ہے۔ مکتوب : ٦٧

(٦٠) ہلالی رات یا عید وغیرہ کے دن مُبارک باد دینے کی تیاری میں غلو کرنا اور اُسے لازم کرنا یا جمعہ کی نماز کے بعد مصافحہ کرنا یہ تمام باتیں ممنُوع ہیں اور لوگوں کو اِس سے منع کیا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو "شرح کافی" باب "المکروہات"، مکتوب : ٦٧

(٦١) عنین وہ ہوتا ہے جو عورت کے قابل نہ ہو یا شادی شدہ عورت کے تو قابل ہو مگر کسی دوسری عورت کے قابل نہ ہو، اس لئے اگر عنین خلوتِ صحیحہ کے بعد عورت کو طلاق دے تو اُس پر پورے حق مہر کی ادائیگی لازم ہے۔ مکتوب : ٦٨

(٦٢) قبر کی زندگی اِسی طرح ہے جس طرح دُنیاوی زندگی میں بیداری ہے۔ یہاں تک کہ اگر کسی مُردہ شخص کی قبر پر کوئی جانور بیٹھ جائے تو صاحبِ قبر جانتا ہے کہ وہ جانور نر ہے یا مادہ۔ مکتوب : ٦٩

(٦٣) سُوتے وقت اگر قرآن مجید پاؤں کی طرف ہو اور وہ انسان کے قد کے برابر ہو تو سُونا جائز ہے اور اگر بلندی اِس سے کم ہو تو نا جائز۔ مکتوب : ٦٩

(٦٤) اگر کوئی صاحبِ ایمان سُویا ہو اور نماز کا وقت ہو جائے تو اُسے بیدار کرنا جائز ہے اگر اُس کی مرضی معلوم ہو، ورنہ اُسے بیدار کرنا جائز نہیں۔ اگر اُس کی مرضی اور غیر مرضی کا علم نہ ہو، ورنہ اُسے بیدار کرنا جائز نہیں۔ اگر اُس کی مرضی اور غیر مرضی کا علم نہ ہو تو اُسے آخر وقت تک نہ جگایا جائے اور اس کے بعد جگا دے۔ مکتوب : ٦٩

(٦٥) اگر غسل خانہ کی چھت ہو تو اس میں ننگے بدن ہونا اور غسل کرنا جائز ہے۔ اگر اس کی چھت نہ ہو تو اختلافِ روایت سے مکرُوہ ہے، البتہ دونوں حالتوں میں بات کرنی

Marfat.com

منع ہے۔ مکتوب : ۶۹

۶۶ اگر سجدہ کے وقت پاؤں کی انگلیوں کا رُخ قبلہ شریف کی طرف نہ ہو تو ایک روایت سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ مکتوب : ۶۹

۶۷ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو اُس کے عُرف یا ذات کی وجہ سے حقیر جانے اور کہے کہ فلاں جولاہا ہے، اور فلاں موچی ہے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ مکتوب : ۶۹

۶۸ سینکڑوں رشتہ دار جو خُدا سے بیگانہ ہوں، اُس ایک اجنبی پر قربان جو اللہ سے آشنا ہو۔ مکتوب : ۷۱

۶۹ ترکہ کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر عورت کا مہر شوہر کے ذمّہ ہے اور وہ شوہر کا ترکہ فروخت کر کے یا قیمت لگا کر اِس میں سے مہر اپنے پاس رکھ لے تو جائز ہے اور اگر اس کی قیمت مہر سے کم ہو تو اتنا نقصان عورت کا ہوگا۔ مکتوب : ۷۳

۷۰ اکثر باوُضو رہیں، کیونکہ ظاہری طہارت باطن سے اتفاق کرتی ہے اور جب صورت یہ ہو جائے تو معاملہ نُورٌ علیٰ نُور ہو جاتا ہے۔ مکتوب : ۷۵

۷۱ اے اللہ مجھے مُتقیوں میں سے آگے بڑھنے والا بنا، کیونکہ ہم نے تیرے ہاں مُتقّی لوگوں کو بزرگ مانا ہے۔ مکتوب : ۷۸

۷۲ قرآن مجید کا خلاصّہ سورہٴ یاسین ہے اور اِس سورت کے قرآن کا خلاصّہ ہونے کا باعث یا آیت نہیں، بلکہ ہم ایمان رکھتے ہیں کہ سورہٴ یاسین قرآن کا دِل ہے۔

مکتوب : ۸۲

۷۳ جب فقیر کمال فقر کو پہنچ جاتا ہے تو غیر حق کی خواہش اس کے پوشیدہ دل میں کانٹوں پر چلنے کے برابر ہوتی ہے، اور اِنتہائی غنا کا کمال حقیقی غنی پیدا کرتا ہے اور اُس وقت اُس کی اِستعداد کو "کُن فیکون" کے قول کا مظہر بنا دیتا

Marfat.com

ہے، لیکن اس میں یہ صِفت اللہ کے حکم "کُن" کے ظہُور کی مقیّد ہوتی ہے کیونکہ حق تعالیٰ مطلق ہے اور وہ ہر وقت اور ہر آن اِس امر کا حاکم نہیں ہوتا بلکہ یہ اللہ تعالےٰ کا خاصّہ ہے۔ اِس معنی میں کہا گیا ہے کہ فقیر وہ ہوتا ہے جو کسی شے کو جب کہے ہو جا تو وہ ہو جائے۔

مکتُوب : ۸۳

(۷۴) اگر بے علمی میں معاش میں کوئی فساد پیدا ہو جائے اور ایسا مال حلال مال میں مل جائے اور اِن میں تمیز کرنا مشکل ہو جائے تو سارے مال کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے، اور ایسی ادائی بھی ثواب سے خالی نہیں۔

مکتُوب : ۸۴

(۷۵) اگر کسی شخص کی منکوحہ گناہ کی مرتکب ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ اس کی تعلیم و تربیت کی طرف توجّہ دے۔ یہی اچھی بات ہے، سوائے اس کے کہ جب کلماتِ کفر کا اِرتکاب کرے تو اس وقت اُسے چھوڑ دینا بہتر ہے۔

مکتُوب : ۸۴

(۷۶) جاننا چاہیئے کہ غیبت کیا ہے یعنی کسی مومن بھائی کی غیر حاضری میں اس کے گناہوں کا ذکر کرنا اور اگر معاصی نہ ہوں تو غلط طور پر گناہوں سے مُتہم کرنا۔ اِس لئے آپ کی عبارت دو صورتوں سے خالی نہیں یا تو اس فقیر کے پاس آنے والے گنہگار ہوتے ہیں یا گنہگار نہیں ہوتے۔ اگر وہ گنہگار ہوتے ہیں تو اُن کی غیر حاضری میں اُن کی یاد گناہوں سے کرنا غیبت ہے بلکہ اِس سے بھی زیادہ شدید گناہ ہے، کیونکہ اِس گروہ کا نام منافق ہے۔

مکتُوب : ۸۶

(۷۷) ہم نے عربی زبان میں قُدرت حاصل نہیں کی اور اب ارادہ ہے کہ فارسی میں لکھیں، اور جب ہم نے قلم اُٹھایا تو لُوحِ محفوظ سے عربی کے کلمات ٹپکے، جس طرح خُشک زمین پر بارش کے قطرے گرتے ہیں اور اُس کے حُسن و نعمت میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

مکتُوب : ۸۷

Marfat.com

۷۸ عبادت دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک رُوح کے ذریعے اور دوسری بدن کے ذریعے۔ رُوح کے ذریعے کی عبادت زیادہ تر مرتبہ ولایت پر واجب ہے اور رُوح اور بدن کی ملی جلی عبادت انبیاء اور ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم (سب پر صلوٰۃ و تسلیمات) پر واجب ہے۔

مکتوب : ۸۷

۷۹ فرشتے آسمانوں میں اس وقت داخل نہیں ہوتے۔ جب تک انہیں دوسری زندگی نہیں دی جاتی اور بشرّی وجُود اور اُس کے کمالات سے وہ ہر طرح خالی ہوجاتے ہیں۔

مکتوب : ۸۸

۸۰ اللہ سبحانہٗ مردِ کامل کے حق میں فرماتے ہیں کہ میں ایسے بندوں کا کان ہوں۔ اُس کی آنکھ ہوں۔ اس کا ہاتھ ہوں اور اس کا پاؤں ہوں۔ وہ میرے ساتھ سُنتا ہے۔ میرے ساتھ دیکھتا ہے۔ میرے ساتھ بولتا ہے اور میرے ساتھ چلتا ہے۔

مکتوب : ۸۸

۸۱ جو شخص جتنی دیر تک ناپختہ رہتا ہے۔ جوش میں رہتا ہے۔ جب پختہ ہو جاتا ہے تو جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

مکتوب : ۹۱

۸۲ لوگوں کو بھول دینا اس بات کی بشارت ہے کہ جو ثمرہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملا ہے، اُسے عوام میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔

مکتوب : ۹۱

۸۳ دُودھ سے مراد علم کا خزانہ ہے۔ جو شخص خواب میں یہ دیکھتا ہے کہ میں دُودھ پی رہا ہوں تو حدیث میں آیا ہے کہ اُسے کثرتِ علم کی بشارت ہو۔ حق تعالےٰ نے اُس بشارت کو کہ مقدمہ فنا ہے، منتہٰ ظہور میں لاتا ہے۔ وہ حدیث یہ ہے، اے اللہ نور کو میرے اُوپر، میرے نیچے، میرے سامنے اور میرے پیچھے پیدا کر دے یا مجھے نُور بنا دے، یہ نورٌ علیٰ نُور کی بشارت ہے۔

مکتوب : ۹۹

Marfat.com

(۸۴) کشتی اپنے پیر کا وسیلہ ہے کہ اس وسیلہ در وسیلہ کا سلسلہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم تک جا پہنچتا ہے۔

مکتوب: ۹۹

(۸۵) شب برات کا دیکھنا، یہ مطلب رکھتا ہے کہ حساب سے چھٹکارا دے دیا گیا ہے۔ سُورج کے کم دکھائی دینے سے مراد یہ ہے کہ اس میں بعض مکروہ اور بعض مُباح داخل ہوگئی ہیں۔

مکتوب: ۹۹

(۸۶) گریہ وزاری اور نیازمندی کی حقیقت پانی کی طرح ہے، جو موتی بن کر آنکھوں سے ٹپکتا ہے اور چونکہ جو پانی زمین پر گرتا ہے۔ وہ ضائع اور برباد ہو جاتا ہے اس لئے یہ عاشقوں کی آنکھ کا پانی جسم میں غرق ہو کر ہر عضو کو نُورانی مّدد پہنچاتا ہے اور سُستی اور کاہلی کو باہر نکال پھینکتا ہے۔ یہ اللہ تعالٰے کا فضل ہے، وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

مکتوب: ۱۰۰

(۸۷) تلوار کو ڈاکوؤں اور کافروں کو ختم کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔

مکتوب: ۱۰۰

(۸۸) مُتّقی لوگوں کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ ان لوگوں کے لئے دُعائے نجات یا استغفار کریں، جنہوں نے بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب کیا ہو۔ ان کی مثال مُردہ لوگوں یا نشہ بازوں کی ہے یا اُن کی جو دوسروں کا مال جان بُوجھکر یا ظلم سے ہتھیاتے ہیں۔

مکتوب: ۱۱۱

(۸۹) تحقیق تسمیہ جو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا مظہر کامل ہے۔ شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے:

اللہ = ال ل ھ

(الف) چشمہ اوّل میں جو "لام" کی طرف ہے۔ تین سو اسماء، جو زبور میں درج ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

(ب) رحمٰن کے نام کے اسرار کُتب انبیاء میں ایک ہزار ہیں اور ان کے علاوہ چار اور مذکور ہیں۔ جن میں ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر تسبیح کی گئی ہے۔

(ج) رحیم کے نام کے اسرار ایک ہزار ہیں۔ جن کی تسبیح ملائکہ کرتے رہتے ہیں اور ہر اسم کا تعلق ایک دوسرے کے خط سے معلوم ہو گا۔

(د) پرشمۂ ثانی میں تین سو اسماء ہیں کہ اُن کا ذکر انجیل میں ہے اور اللہ کے نام میں چار انبیاء کا ذکر ہے۔ ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر سلام و درُود۔

(ہ) لام ثانی میں تین سو اسماء ہیں کہ اُن کا ذکر توریت میں موجود ہے۔

(و) اور لام اوّل میں قرآن میں مذکور ۹۹ نام ہیں اور یہ تمام اَسماء پر محیط ہیں۔

(ز) لام کے ساتھ میم کے اتصال سے اِسمِ اعظم ملاحظہ ہو کہ الف میں تمام اسمآ جمع ہیں۔

اور جان لینا چاہیئے کہ اسمِ رحیم کے ایک ہزار اسرار بھی الف اور لام اوّل مندرج کئے ہیں کیونکہ اِسم رحمٰن کے مراتب لام اور الف کے حقائق کا ظہور ہیں۔

مکتوب : ۱۱۲

(۹۰) اللہ کا نام ہزار اسماء کا جامع ہے اور یہ چار انبیاء یعنی حضرت سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام (تمام پر سلام و درُود) اسی نام کی تسبیح پڑھا کرتے تھے۔ ۹۹ نام جو تمام کے تمام اسمائے قرآنی ہیں، الف لام میں درج ہیں۔

مکتوب : ۱۱۲

(۹۱) جب بے کیفی پر نظر مضبوط ہو جائے گی تو نظر لطائف سے اُٹھ جائے گی اور اس کا تعلق جسم کے پرے سے ہو جائیگا اور جب یہ جسم سے پرے متوجہ ہو گی تو پھر یہ نظر رُوحانی ہو گی۔

مکتوب : ۱۱۳

Marfat.com

(۹۲) سمجھ لینا چاہیئے کہ تمام انبیاء، ذاتِ جامع صفات سے واصل ہیں، لیکن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کے متابعت کی وجہ سے اِسی طرح اللہ کے نام کا الف قابلِ اطاعت ہے اور دوسرے تینوں حروف اس کے مطیع ہیں۔ چنانچہ قابلِ اطاعت کو الف کے حرف سے اطاعت حاصل ہوتی ہے اور اطاعت کرنے والوں کو باقی حروف کے بارے میں جان لینا چاہیئے کہ اللہ اسم ذاتی ہے۔

مکتوب : ۱۱۴

(۹۳) اللہ تعالےٰ کے تین ہزار ناموں کی تفصیل حق تعالےٰ کو ہی معلوم ہے یا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی تعلیم خاص کے ذریعے حاصل ہے۔

مکتوب : ۱۱۴

(۹۴) آپ جیسا صاحبِ وعدہ شخص ستر بار خدا کے ساتھ باتیں کرتا ہو، تو سکوت کو ضروری سمجھ کر وعدہ قائم رہنا چاہیئے۔ وعدہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک وعدہ الہامی جو مخصوص ہوتا ہے اور دوسرا وعدہ لوحی جو عام ہوتا ہے۔

مکتوب : ۱۱۵

(۹۵) زبان تو درکنار اگر دِل کے اندر بھی اس کا خیال آئے تو وہ بھی ایک مسلمان کی غیبت ہوگا پس قلم اور زبان کی تو بات ہی مشہور ہے۔

مکتوب : ۱۱۵

(۹۶) اے ہمارے ربّ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک وسیلۂ فضیلت اور بلند درجہ عطا کر اور انہیں وہ مقامِ محمود دے، جس کا تُونے اُن سے وعدہ کر رکھا ہے اور قیامت کے دن ہمیں ان کی شفاعت عطا فرما، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

مکتوب : ۱۱۷

(۹۷) مقامِ محمود اور مقامِ نصیر کے دو مرتبے ہیں۔ ایک وہ مرتبہ جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو زندگی میں دُنیا ہی میں عطا ہوا اور اِس مرتبے کے پھر دو حصّے ہیں۔ کمال مرتبۂ نصیر اور کمال مرتبۂ بصیرت سرّی، آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم دائمی طور پر عطا کئے گئے اور یہ بصیرت تمام انبیاء علیہ السلام میں عام ہے اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم

Marfat.com

میں خاص ہے۔

مکتوب : ۱۱۷

۹۸ مراقبہ کی صورت یہ ہے کہ دل کا ذکر جاری کرنے کے لئے سر جھکا لیا جائے۔ مراقبہ کے معنی انتظار کرنے کے ہیں اور اس کے دو مرتبے ہیں۔ ایک ولایت خاصہ یعنی تجلّیات کے وارد ہونے کا انتظار، دوسرا ولایت اخص میں یعنی نایافت کی حقیقت کا اِنتظار اور مراقبہ کی حقیقت علم حضوری میں اور حضور علم میں ہے۔

مکتوب : ۱۱۸

۹۹ اندر سے آشنائی پیدا کر، باہر سے بیگانہ رہو۔ ایسا اچھا طریقہ دُنیا میں بہت کم ہوتا ہے۔

مکتوب : ۱۲۴

۱۰۰ خوف کے خطرے کو دُور کرنے کے لئے آیت کریمہ "ان اولیاء اللہ خوفٌ علیہم ولا ھم یحزانون"، کا وِرد کرنے کے بعد، وضو کے بعد کا چُلّو بھر پانی پی لیا کریں۔

مکتوب : ۱۲۴

۱۰۱ طالب کو جو کچھ پیر سے حاصل ہو جائے اُسے اُس کی نشو و نما میں کوشش کرنی چاہیئے اور وہ اس معاملے میں ہرگز پس و پیش نہ کرے، کیونکہ وہی پہلا دانہ جو مرید کے دل میں پیر کا بویا ہوا ہوتا ہے، آہستہ آہستہ درخت بن جاتا ہے اور پھل لاتا ہے، اگر باغبان دانہ کی پرورش نہ کرے تو درخت کس طرح بن سکتا ہے۔

مکتوب : ۱۲۴

۱۰۲ ذکرِ عالی سے انفاس کی پاسداری مسلّمہ ہو جاتی ہے اور تمام تعلّق ذکر سے قائم ہوتا ہے، ہمت بالغہ سے صبر کو طریقہ بنانا چاہیے اور اپنے تمام اوقات احکام بجا لانے میں غنیمت جاننے چاہئیں اور حواس کی سلامتی کے لئے فاتحہ پڑھتے رہنا چاہیئے اور وضو کے بعد بچے ہوئے پانی میں سے تھوڑا سا پانی پی لینا چاہیئے اور گیلا ہاتھ سر پر ملنا چاہیئے۔

مکتوب : ۱۲۵

Marfat.com

(۱۰۳) جب وحی کے پہنچانے کا حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم ہوتا تھا تو وہ اپنے جسم کے حرف و آواز کے لباس میں انبیاء حضرات اور ہمارے نبی حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اور مخصوص اوقات اور ضروری حالات میں امت کی تعلیم کے لئے انسانی حرف و آواز میں خود بیان فرماتے تھے اور ان ملکوتی اور جسمانی حرف و آواز میں پہلے جبرائیل اور پھر حضرات انبیاء کا تصرّف ہوتا تھا۔

مکتوب : ۱۲۷

(۱۰۴) شب معراج کو جب حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم آسمان بالا پر گئے تو انہوں نے ایک قطار اونٹوں کی دیکھی، جو چلی جا رہی تھی۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا! اے جبرائیل یہ قطار کب سے رواں دواں ہے؟ حضرت جبرائیل علیہم السلام نے جواب دیا کہ جس روز سے میں پیدا ہوا ہوں۔ میں اس قطار کو اسی طرح رواں دواں دیکھ رہا ہوں۔ اس کے بعد آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ربّ العالمین کی درگاہ میں عرض کیا کہ خداوند میں چاہتا ہوں کہ اونٹوں پر جو کچھ ہے میں اس کی حقیقت سے واقف ہو جاؤں۔ حکم ہوا۔ ایک اونٹ کو بٹھایا جائے۔ جب بٹھایا گیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ہر اونٹ پر دو صندوق ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک صندوق کھولا گیا اور اس کے اندر دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ ہمارے اس عالم کی طرح صندوق میں ایک اور عالم ہے اور اس عالم کے اندر ظہور سرورِ کائنات حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے۔

مکتوب : ۱۲۷

(۱۰۵) یہ وہ عین الیقین ہے جو ولایت انبیاء (علیہم السلام) کے مرتبہ کے اہلِ کمال کو حاصل ہے اور علم مطلق کی نفسِ صفت کے حضور سے تعلق رکھتا ہے۔ انتہیٰ، فرماتے ہیں کہ حضور در حضور کے خالق کی دریافت ایسی ہے کہ جس وقت اس نے تحقیق کی تو پتہ چلا کہ علم ذات کے بغیر نہیں کیونکہ حضوری ذات میں رکھی گئی ہے، نیز یہ کہ ذات

Marfat.com

اپنی ذات سے علیم ہے نہ کہ غیر ذات کے وصف زائدہ زائدہ سے الی قولہ۔

مکتوب: ۱۲۹

۱۰۶ پس کمالات کی ذات خود بخود حاضر ہوتی ہے۔ وہ غیر ذات کی صفت نہیں کہ اُس ذات سے جانا جائے۔ یہ ہے حضور در حضور اور یہ ہے مرتبۂ ولایتِ انبیائؑ کے اہلِ کمالات کا حق الیقین۔ جو صرف حضور ہے۔ انتہیٰ۔

مکتوب: ۱۲۹

۱۰۷ خارجی حجابات کو دُور کرنا کسی کے بس میں نہیں، سوائے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے، کہ انہوں نے جسم اور رُوح کے ساتھ ایسا کیا ہے، لیکن جسم اور رُوح کے ساتھ جب کہ جسم بے بصر ہو، بعض دوسرے اَنبیاء اور اُمتِ محمدیؐ کے بعض افراد کو بھی حجابات دُور کرنے کا شرف حاصل ہے

مکتوب: ۱۲۹

۱۰۸ جب سالک فنا کے مرتبے پر پہنچ جاتا ہے تو وہ اُمور جن کی شرع نے ممانعت کر دی ہو، عُذر کی وجہ سے ان کا ارتکاب جائز ہو جاتا ہے۔ چنانچہ دریا کی موجودگی میں اگرچہ وضو کرنا فرض ہے، لیکن اس کے باوجود ضروری عذر کے بعد تیمّم کرنا فرض ہو جاتا ہے۔ مرض کے خوف سے وضو کا اِستعمال ممنُوع ہو جاتا ہے۔

مکتوب: ۱۳۰

مکتوب: ۱۳۱

۱۰۹ شیر موذی ہے، نفس اس سے بھی موذی ہے۔

۱۱۰ اِس زمانے کے اکثر لوگ تو گناہ کبیرہ میں اِتنے بتلا ہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے دِل کی آگ اس حد تک بھڑکتی ہے کہ ظاہری آگ کی صورت اختیار کر کے روضۂ مُبارک کی چھت تک جا پہنچتی ہے اور یہ سب اُمت کا غم ہے۔

مکتوب: ۱۳۲

۱۱۱ "ایمانِ عریاں کیفیت ہے اور تقویٰ اِس کا لباس"، اِس کا علاج اِستغفار ہے اور اِستغفار تقویٰ کے نقصان کو پورا کر دیتا ہے۔

مکتوب: ۱۳۲

Marfat.com

۱۱۲ ولائتیں پانچ قسموں کی ہیں : (۱) ولایتِ عامہ (۲) ولایتِ خاصہ (۳) ولایتِ اخص (۴) ولایت خاص الخواص اور (۵) ولایت اخص الخواص ۔ مکتوب: ۱۳۴

۱۱۳ مرض دو قسم کا ہوتا ہے کہ مرضِ موت اور دوسرا مرضِ اوقاتی ۔مرضِ موت اُن لوگوں کا خاصّہ ہے ۔جنہوں نے میثاق کے دن اوّل اور آخر سجدّہ نہ کیا ،ان کے حق میں یہ مرض آخر کار کفر کا مُتقاضی ہے ۔ وہ روز بروز کُفر میں گرتے جاتے ہیں اور آخر کار کُفر کی حالت میں مرجاتے ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے شروع میں تو سجدّہ نہ کیا لیکن آخر میں سجدّہ کر دیا ،اُن کے مرضِ اوقاتی کا خاصّہ سلامتی ایمان ہے ۔

مکتوب: ۱۳۵

۱۱۴ اللہ جل شانہٗ کی عبادت دو مرتبہ کی ہے ۔پہلا مرتبہ مُبتدی اور متوسط کا ہے کہ ابھی درمیان میں پردہ ہوتا ہے اور اِس کو عبادت کہتے ہیں ۔متوسط اگرچہ ایک لحاظ سے حضُوری رکھتا ہے ،لیکن ابھی حقیقت میں غائب ہوتا ہے ۔

مکتوب: ۱۳۶

۱۱۵ صلوٰۃ و مراتب کے معانی ایسے ہیں کہ حکمت سے تعلق رکھتے ہیں اور حکمت سے ناواقف ہونا عبث ہوتا ہے ۔صلوٰۃ ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اس کے معانی کو پالینا کامل لوگوں کا خاصّہ ہے ۔ہم جو اہلِ کمال کے خوشہ چین ہیں ۔اتنی طاقت کہاں رکھتے ہیں کہ اس کے بیان میں زبان کھولیں ۔ مکتوب: ۱۳۷

۱۱۶ اِنسانی حقیقت کے اندر چھ لطائف طے کرنے کے بعد حقیقی راحت ہوتی ہے ۔جس میں خیال کی شرکت نہیں ہوتی اور چونکہ حقیقی بندگی کے مرتبے میں بندے کے لئے خوف اور ڈر لازم ہے ، اسیلئے خُوشی مت مناؤ کا حکم دیا گیا ۔ مکتوب: ۱۳۸

۱۱۷ اگر ساری عمر کُفر میں گزر گئی اور استفادہ سے محروم رہا تو پھر عذاب در عذاب میں مبتلا رہے

Marfat.com

گا جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا: "اُن کے اعمال سراب کی طرح ہیں، جس کو پیاسا اپنی زندگی تصوّر کرتا ہے۔"

مکتوب: ۱۳۹

(۱۱۸) اِنسان دو قسم کے ہیں۔ ایک مظہرے جلال اور ایک مظہرِ جمال اور قلب بالخصوص جمال کا مظہر ہے اور جلال کے مظہر کو قلب میں کوئی دخل نہیں، سوائے کچھ وقت کے

مکتوب: ۱۳۹

(۱۱۹) وقت بھی دو قسم کے ہیں، ابتدائی اور انتہائی۔ ابتدائی شرکت غیر مُعتبر ہے اور انتہائی کی شرکت مُعتبر اور اِس کا خاتمہ اخیر میں بخیر ہوتا ہے۔

مکتوب: ۱۳۹

(۱۲۰) شرک کی دو قسمیں ہیں، جو جمال سے حصہ لیتی ہیں اگرچہ ابتدائی گناہ کی نسبت زیرِ عذاب ہوں گی اور آخر میں ثمرۂ جمال پیدا ہو گا۔ مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے مظاہرِ جمال کو درحقیقت انبیاء علیہ السلام کے ماتحت کیا ہے اور مظاہرِ جلال کو ابلیس مرُدود کے ماتحت۔

مکتوب: ۱۳۹

(۱۲۱) اللہ تعالےٰ کی ذات واجب الوجُود ہے اور علُوم جائز الوجُود ہیں کہ ان کا موجود ہونا اللہ سبحانہٗ کے اختیار میں ہے اور موجودہ مخلوقات، ممکن الوجُود ہیں اگر اللہ تعالےٰ چاہے تو انہیں عدم کر دے اور اگر چاہے تو انہیں موجود رکھے اور باری تعالےٰ کا شریک ہونا مُمتنع الوجُود ہے، کیونکہ وہ ہرگز وجُود میں نہیں آسکتا۔ وہ ہمیشہ کے لئے معدوم ہے۔

مکتوب: ۱۴۰

(۱۲۲) خواہ کوئی ہوا میں اُڑے اور پانی اور آسمان میں چلے، لیکن اگر اِس میں رتّی بھر بات خلافِ شرع پائی جائے تو اُسے جھوٹا مُفتری سمجھنا چاہیئے۔

مکتوب: ۱۴۲ الف

(۱۲۳) عتاب کے دو درجے ہوتے ہیں۔ ایک عتاب لطیفہ اور دوسرا عتاب قہریہ۔

مکتوب: ۱۴۲ ب

Marfat.com

(۱۲۴) ہر عقل مند پر اس کی عقل کے مطابق توحید واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کی حد تک عقل بمنزلہ مبنیٰ ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے اوصاف اور معرفتِ مفصّل کی حد تک عقل کا قیاس نہیں۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اللہ تعالیٰ کی صفات کے تفصیلی اُمور اور دوسرے واجب احکام کی تعلیم دی ہے۔ مکتوب ۱۴۲/ب

(۱۲۵) ذکر کرنے والے کو چاہیئے کہ دل میں جو صورت بنے، اُسے سینے کے اندر سے دُور کرے اور اس بات کی کوشش کرے کہ دل خیالات سے خالی ہو جائے، سوائے حقِ حقیقی کے جو تصوّر سے پاک اور منزّہ ہے مکتوب: ۱۴۴

(۱۲۶) اللہ تعالیٰ کی رویت دُنیا میں صرف آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا حصّہ ہے۔ جو انہیں ایک بار معراج شریف میں ملا اور دوسرے انبیاء کو بھی خصوصیت حاصل ہے اور وہ بھی ایک ایک بار۔ مکتوب: ۱۴۵

(۱۲۷) اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان ہے کہ پیر دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کے طفیل اُن کی وفات کے مدّت مدید کے بعد آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم آپ پر ظاہر ہوئے۔ خدا کا شکر بجالانا چاہیئے کہ اُس نور کے نہ دیکھ سکنے کی وجہ سے جو نورِ بے کیف کا آغاز ہے، اُس نے آپ کو بینائی بخشی ہے۔ لیکن آپ کو آگاہ رہنا چاہیئے کہ جو نور گھر میں اور زیرِ زمین ظاہر ہوتا ہے۔ کوئی نہ کوئی کیفیت رکھتا ہے۔ خواہ سالک اُسے بے کیف ہی کیوں نہ جانے کیونکہ زمان و مکان میں جو کچھ ہے باکیف ہے، بے کیف نہیں۔

مکتوب: ۱۴۵

(۱۲۸) حاجی فیروز رحمۃ اللہ علیہ کا قول اصولِ دین کے خلاف ہے۔ اگر اس نے رویت ذات سمجھی اور رویت بصری و ایمانی خیال کی، نہ کہ رویت بصری تو ٹھیک ہے اور نور کا یہ ظہور جو آپ پر ظاہر ہوا ہے۔ میاں فیروز کے قول سے الگ اور دوسرے مرتبے پر

Marfat.com

ہے۔اس روئیت کی ابتدا سمجھا جانا چاہیئے۔

مکتوب:۱۴۵

(۱۲۹) گردش کے معنی سُلوک ہیں اور ورزش کے معانی جذبہ کی وصولی ہیں۔یہ معنی اِس مذہب کے مطابق ہیں،جو سُلوک کو جذبہ پر مقدّم رکھتا ہے،دوسرے معنی یہ ہیں کہ گردش کے معنی ریاضت ہیں اور ورزش کے معنی اختیار یعنی دِل کا ذکر ریاضت کے بعد مرشد یا زبان کی طرف سے،اور یہ معانی اُس شخص کے طریقہ کے مطابق ہیں،جس کے نزدیک ریاضت سُلوک پر مقدّم ہے۔

مکتوب:۱۴۶

(۱۳۰) "دنیا کے اندر اِس طرح رہو۔جس طرح مسافر پُل پر اور اپنے آپ کو اَصحابُ القبُور میں شمار کرو" اِس بات کا خیال رکھیں۔

مکتوب:۱۴۶

(۱۳۱) مقبروں پر بدعت کے بارے میں فرمایا کہ یہ کام کاج کسی کے اختیار میں نہیں۔خود مقبروں کے صاحبان اس حالت پر غم ناک ہیں۔اس کے دُور کرنے کی ہر چند دُعا کرتے ہیں قبول نہیں ہوتی،مجبوراً معاملہ قضا کے سپرد کر کے غم ناک ہوتے ہیں۔

مکتوب:۱۴۷

(۱۳۲) تسمیہ کی آیت میں جو تین ناموں یعنی اللہ،رحمٰن اور رحیم سے مرکب ہے۔حق سبحانہٗ کے تین ہزار نام شامل ہیں۔جنہیں تمام انبیاء علیہ السلام اور فرشتوں کو اللہ نے اپنی تسبیح کے لئے فرمایا تاکہ اس تسبیح کے ذریعے ہر صنف اپنی خصُوصی تسبیح کے ذریعے اللہ پاک کو یاد کرے۔ایک ہزار نام جن کی تسبیح فرشتے کرتے ہیں۔اسم رحیم کے اندر ودیعت کئے گئے ہیں اور ایک ہزار نام جن کی تمام انبیاء علیہ السلام تسبیح کرتے ہیں۔اسم رحمٰن میں شامل ہیں تاہم انبیاء علیہ السلام میں چار انبیاء علیہ السلام یعنی حضرت عیسیٰ،حضرت داؤد حضرت موسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام اور ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم شامل نہیں اور ہزار نام جن کے ذریعے یہ چاروں نبی اللہ تعالےٰ کو یاد کرتے ہیں۔اللہ کے نام

Marfat.com

میں مضمر ہیں۔ مکتوب: ۱۴۸

۱۳۳ غُسل میں نیت شرط نہیں ہے، لیکن پانی پاک ہونا چاہیئے۔ اگر پاک اور پلید کے معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی تو شخص گنہگار ہوگا، تاہم سجدہ درست ہوگا، مگر مکروہ۔ مکتوب: ۱۴۹

۱۳۴ اگر کوئی عورت یا مرد زبان سے کلمۂ کفر کہہ دے اور اس کا علم نہ ہو، اگر علم ہوتا تو زبان سے نہ کہتا، لیکن جب اطلاع ہو جائے تو یہ ضروری ہے، لیکن نکاح نہیں ٹوٹتا۔ مکتوب: ۱۴۹

۱۳۵ شہادت کے بغیر نفس بخشنا نکاح کو فاسد کر دیتا ہے۔ مکتوب: ۱۴۹

۱۳۶ مُردے کو زندہ کرنا، علمائے باطن کا حصّہ ہے۔ جو ظاہری اور باطنی علوم کے امین ہیں۔ مکتوب: ۱۵۰

۱۳۷ کسی شے کے حق میں جو حقیقت میں پاک ہو، ایسی بدگمانی نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے "اے ایمان والو! بہت زیادہ ظن کرنے سے پرہیز کرو۔" اس لئے پورے یقین کے بغیر پلید کہنا منع ہے۔ مکتوب: ۱۵۰

۱۳۸ علماء کا دینی کُتب کا مطالعہ کرتے رہنے کے بعد سو جانا بھی ان کی عبادت ہے اور علمائے باطن اِس حدیث کی پیروی میں کہ میری آنکھیں تو سوتی ہیں، لیکن میرا دِل نہیں سوتا بظاہر وہ سوتے ہیں، لیکن باطن میں اُن کا دِل جاگتا ہے۔ اگرچہ دونوں مقبول ہوتے ہیں، لیکن اُن میں اور اُن میں بہت فرق ہے اور یہ بات کسی ذہین و فطین شخص پر پوشیدہ نہیں۔ مکتوب: ۱۵۰

۱۳۹ بعض سالک جن میں استعداد کامل ہوتی ہے۔ ایک ہی جست میں مقام فنا حاصل کر کے اُس وصل سے بہرہ یاب ہو جاتے ہیں۔ جس کو فنا نہیں اور وہ ہمیشہ کے لئے وصلِ حقیقی

Marfat.com

سے لُطف اندوز ہو جاتے ہیں۔ مکتوب : ۱۵۲

۱۴۰ مُلحد و بدعتی کا یہ خیال کہ ایک جسم دوسرے جسم میں واقع ہوتا ہے۔ غلط اور یہ کُفر ہے۔ مکتوب : ۱۵۲

۱۴۱ کافر کی کرامت (استدراج) پر اعتقاد نہیں رکھنا چاہیئے۔ ابلیس لعین بھی جو قطعی طور پر مردود ہے۔ ایسا استدراج رکھتا ہے۔ جس طرح آدمی کی رگوں میں خون گشت کرتی ہے۔ وہ ایک لحظہ میں زمین کی پاتال سے آسمان کی ثریا تک سیر کر آتا ہے۔

مکتوب : ۱۵۳

۱۴۲ مُخلص وہ ہوتا ہے جو راہ کے نیک و بد سے واقف کرے۔ اگر میں دیکھوں کہ ایک اندھا ہے اور اُس کے آگے کنواں ہے تو ایسی حالت میں اگر میں خاموش بیٹھا رہوں تو گناہ ہے۔ مکتوب : ۱۵۳

۱۴۳ کافر دجّال حضرت امام مہدی علیہ السلام کے زمانے میں ظاہر ہو گا اور مختلف خرقِ عادت واقعات سے مسلمانوں کو اپنی طرف مائل کریگا اور لوگ بے دین ہو جائیں گے حتیٰ کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کو اس کے مقابلے میں جنگ لڑنی پڑے گی حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اُتریں گے تو وہ کافر ان کی قہر آمیز نظر سے پگل جائے گا اور چالیس سال تک تمام دُنیا سے ہر قسم کی تاریکی چھٹ جائے گی اور اس قسم کے شُعبدوں کے باوجود کافر قہرِ الٰہی میں گرفتار ہوں گے۔ مکتوب : ۱۵۴

۱۴۴ نواب عبد الصمد خاں سے توقع ہے کہ آخری باطنی نسبت کو حق الوسیع پر ورش دیں تاکہ اللہ تعالیٰ کے شہود و ظہور اور فنا و بقا کے لئے وہ صورتِ متخیلہ، جس کی مثال میں نے رخصت ہوتے وقت آپ کو دی تھی۔ نظر میں لا کر یقین جانیں کہ ہر بندے کے لئے ہر گھڑی ذاتی و صفاتی ہے اور بقا اللہ تعالےٰ کے فیض سے اسی طرح جیسا کہ دیکھا،

Marfat.com

پیدا ہوتی ہے، پھر ایک یاقوت بن جاتی ہے۔ مکتوب: ۱۵۵

(۱۴۵) انابت کے کئی مرتبے ہیں۔ انابتِ عام، انابتِ خاص۔ انابتِ اخص اور انابتِ خاص الخواص۔ مکتوب: ۱۵۶

(۱۴۶) پاک ہے، پاک ہے، اللہ پاک ہے۔ وہ جس نے اپنی ذات میں اپنے سوا سب کو حیرت میں ڈال دیا۔ پاک ہے وہ جس نے اپنے نور سے خلقت سے اپنے آپ کو چھپا لیا اور اپنے نور کے ظہور کی شدت سے دنیا سے اپنے آپ کو مخفی کر لیا۔ وہ ایسا ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ کوئی ظاہر نہیں اور وہ اتنا خفیہ ہے کہ اس سے زیادہ کوئی خفیہ نہیں۔ پاک ہے جو پوشیدگی سے ظاہر ہوا اور جو اپنے ظہور میں چھپ گیا جیسا کوئی نہیں۔ مکتوب: ۱۵۷

(۱۴۷) علم کے پانچ درجے ہیں، پہلا درجہ نبوّت کا درجہ ہے۔ اس درجے کے حامل حضرات کو اخص الخواص کہتے ہیں۔ اس سے نیچے ولایت اِمانِ نبوّت ہے، جس سے بہرہ ور حضرات خاص الخواص کہلاتے ہیں اور اس کے نیچے ولایت ملائکہ مقرّبین ہے کہ وہاں کے لوگ اخص کہلاتے ہیں اور اس ولایت کے نیچے ولایت اولیاء ہے، اس میں جو لوگ داخل ہیں انہیں ولی خاص کہتے ہیں اور اس ولایت کے نیچے ولایت مومنین عالم ہے۔ مکتوب: ۱۶۱

(۱۴۸) اے زمانے کے سادہ لوح لوگو! زمانے کے بے نظیر فقرا سے تم یہ توقع کرتے ہو کہ تحفوں کے عوض میں وہ اپنے آپ کو اس قسم کے ممنوعہ امور میں جو اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہیں، تمہارے ساتھ شریک کر لیں اور اس بے فائدہ مصیبت پر راضی ہو جائیں۔ کتنی عجیب بات ہے۔ وہ نہیں جانتے کہ اس گروہ کی برکت ان ممنوعہ امور کے ترک کرنے میں ہے۔ مکتوب: ۱۶۳

Marfat.com

۱۴۹ نایافت کے معاملے میں سالک کو دیوار کی طرح ہونا چاہیئے کہ سراسر پریشانی اور سرگردانی ہے۔

مکتوب: ۱۶۴

۱۵۰ میں دُعا کرتا ہوں کہ عاجز کو اُس بہت بڑے گروہ کا کچھ حصہ عطا فرمائے اور آہستہ آہستہ دونوں طرح کے بلند مراتب پر فائز کر دے۔ کیونکہ کرم کرنے والوں کے لئے ایسے کام مشکل نہیں۔

مکتوب: ۱۶۵

۱۵۱ اللہ کا شکر ادا کرو، کہ اس نے تمہیں یہ نعمت عطا فرمائی۔ دوسرے لوگوں کو تو یہ چیز مدّتوں کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے دو رکعت نماز شکرانہ ادا کرو اور فاتحہ نیز پڑھو تاکہ حق تعالےٰ اس مرتّبے کو قائم رکھے۔

مکتوب: ۱۶۶

۱۵۲ حضور در حضور کا یہ مرتبہ سرّ حقیقت، خفی حقیقت اور اخفیٰ حقیقت سے تعلق رکھتا ہے۔ اگرچہ منچلے تین مرتبے بھی تینوں لطائف سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ مرتبہ سردار کا ہے۔

مکتوب: ۱۶۶

۱۵۳ اولیاء کی دو جماعتیں ہیں۔ ان میں سے ایک جماعت حق تعالےٰ سے دُعا کرنے کو جائز نہیں سمجھتی۔ دوسری جماعت یہ سمجھتی ہے کہ تمام چیزیں پہلے ہی مقدّر ہو چکی ہیں لیکن اُن کا مقدّر ہونا دو طرح کا ہے۔ ایک تقدیر مُبرَم جس کا بدلنا کسی طرح ممکن نہیں ایسلئے مُبرَم سلسلے میں دُعا کرنا وقت ضائع کرنا ہے۔ دوسری تقدیر مُعلّق اور وہ یہ ہے کہ اس کا بدل جانا دُعا پر موقوف ہے۔ چونکہ وہ دُعا پر مُعلّق ہے دُعا سے بدل جاتی ہے، چونکہ مُبرَم اور مُعلّق کا علم نہیں۔ اس لئے ہر حالت میں دُعا کرنی چاہیئے۔

مکتوب: ۱۶۷

الحاج صاحبزادہ محمّد سلیم شامی نقشبندی عفی عنہٗ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

در مدح

قُطب عالم حضرت حاجی سید محمد طاہر عالم پوری قدس سرہ العزیز

واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

توں شاہا ہیں عالی جناب　　تے نالے ہیں فیض یاب
کہن تینوں قُطبُ الاقطاب　　عالی تیرا مرتبہ
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

توں سُلطان الاولیاء　　نالے امام الاتقیاء
نالے ممتاز الاصفیاء　　محبُوب ہیں احمد مجتبیٰ ﷺ
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

توں زبدۃُ العارفین　　تے عمدۃ الواصلین
نالے تاجُ العارفین　　نالے سراجُ السالکین
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

توں ولیاں دا ولی　　نالے پنجتن دی کلی
رازداں خفی و جلی　　کوئی نہیں تیرے ورگا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

Marfat.com

دساں تیری کھول کہانی　　پٹھان نے کیتی نافرمانی
دسی اوسنوں توں نشانی　　حلیہ اُو سدا بگڑ گیا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

توں ولیاں دا تاجدار　　دین نبیؐ دا ہیں معمار
کوٹ کفر دے کریں مسمار　　تیری ہستی بے پرواہ
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

تیری شاہا اعلےٰ شان　　توں سونے دی اصلی کان
ہو عبدالنبیؐ تے مہربان　　اوسنوں کریں ولایت عطا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

پہلوں شامی وار مسیتی　　نظر کرم جاں اُوس وَل کیتی
ولایت ساری اوس نوں دِتی　　مَنّی رَبّ دی توں رضا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

شامی روز عالم پور آوندا سی　　تیرے لئی گجریلا لیاوندا سی
نال پیار دے تینوں کھلاوندا سی　　جُو ٹھا تیرا او لیندا کھا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

شامی تیرے ہی گن گاندا سی　　تیرے باجھ روندا کرلاندا سی
ہر اک نوں ایہہ گل آندا سی　　بابا مینوں دِیو ملا
واہ واہ بابا طاہر شاہ　　توں ولیاں دا شہنشاہ

کرمتاں تیریاں شاہا بے بہا　　توں منبع جو دوسخا
نالے پتلا صدق و صفا　　سانوں دِتا دِیوں بھلا

Marfat.com

واہ واہ بابا طاہر شاہ   توں ولیاں دا شہنشاہ

سلیم شامی ول کر نگاہ   جو پوتا خواجہ شامی دا
نالے اس دے حق وچہ کر دُعا   ہر دم لیندا نام تیرا
واہ واہ بابا طاہر شاہ   توں ولیاں دا شہنشاہ

میں ہاں تیرا سگ پُرانا   نام تیرے داہاں دیوانہ
در تیرے میرا آنا جانا   مینوں دتا دِلوں بھُلا
واہ واہ بابا طاہر شاہ   توں ولیاں دا شہنشاہ

غلام رسول میرا ہے نام   ادنیٰ تیرا ہاں غلام
وچہ منصور آباد قیام   میں وَل کرم دی کر نگاہ
واہ واہ بابا طاہر شاہ   توں ولیاں دا شہنشاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

در مدح

حضرت شیخ عبد النبی شامی رحمۃ اللہ علیہ

آیا سُن کے میں شامی دی مہبت شہرت جیہڑا بانجھاں نوں بچڑے دلاوندا سی
موسیٰ وانگ فرعون دے گھر پل کے اللہ اللہ دا وِرد کماوندا سی
ایسے طراں ہنود دے گھریں حضرت سبق توحید دا پیا پکاوندا سی
اللہ اک ہے اوسدا نہ کوئی ثانی بُتّاں تائیں او بُرا مناوندا سی

Marfat.com

دیوی دیوتا رشی اوتار چھڈ کے چھوٹی عمر مسیت نوں جاوندا سی
گائیاں پوجن والیاں داپت ہو کے نال شوق دے کلمہ آلاوندا سی
گلی گلی تے ہر بازار اندر سبق توحید دا سوہنا پڑھاوندا سی
رامے ساہورے دے نال ہو غصے مصلیٰ پانی تے پیا ترا وندا سی
لکھاں ہندواں دے جنجو تڑوائے اُس نے مسلمان پیا اونہاں بناوندا سی
موسیٰ پیرزادے تائیں پوچھ دلّی کرن گناہ تھیں اوہنو بچاوندا سی
درس گاہ چوہرا سی وچہ کر جاری دین نبیؐ دا چرچا کراوندا سی
دین نبیؐ دا چرچا کرن کارن کئی مُبلّغ پیا اوتھوں بناوندا سی
طالب علماں نوں کتاباں دے سبق کارن خرچہ اونہاں دا خواجہ چلاوندا سی
شیر سوہنے دی مجلس وچہ بہن آ کے چوکیداری اونہاں تھیں کراوندا سی
کئی کوہڑیاں دے جسموں کوہڑ کڈھ کے صحت رب توں اونہاں دلاوندا سی
حکم نال مرشد کوہڑے نال رل کے خوشی نال گجریلے نوں کھاوندا سی
نناناں بہن دیاں کارن اوسوہنا ونگاں سونے دیاں عجب منگاوندا سی
حسن رسول نمانےؒ نے بھیجیا جو اوسنوں درشن رسولؐ کراوندا سی
میرا خواجہ سی ولی کمال سوہنا سبھناں ولیاں تے حکم چلاوندا سی
غلام رسول نمانے دے حال اُتے مولا پاک تھیں رحم کروندا سی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مُنقبت درشان

تاجُ العارفین قُطب الاقطاب حضرت عبدالنّبی شامی نقشبندی

رحمۃ اللہ علیہ

درِ اقدّس پہ حاضر ہے میری سرکار کی چادر
میرے خواجہ میرے آقا میرے غم خوار کی چادر

اے لوگوں پوچھتے کیا ہوئے اُس سردار کی چادر
کرے پَل میں جو خُفتہ بخت کو بیدار کی چادر

جو مخفی جانتا تھا کلیم اَسرار کی چادر
ولایت میں ولی کامل تھا جو مُختار کی چادر

نبیؐ کے دین کامل کے ہے اُس معمار کی چادر
کُفر کے کوٹ جس نے کر دیئے مسمار کی چادر

مئے توحید کی ہے دراصل مئے خوار کی چادر
مئے توحید پی کر جو ہوا سرشار کی چادر

فنا فی اللہ فنا فی الدین نیکوکار کی چادر
شب زندہ دار کی چادر ہے خوش اطوار کی چادر

Marfat.com

خوش گفتار کی چادر اُحسن کردار کی چادر
نبیؐ کی یاد میں رویا جو زار و زار کی چادر
رہا جو کفر سے برسرِ پیکار کی چادر
ہے اُس سردار کی چادر نبیؐ کے یار کی چادر
ترڑوائے ہندوؤں کے جس کئی زنار کی چادر
کئے ہندو مسلمان جس کئی ہزار کی چادر
نبیؐ کے دین کو جس نے کیا اظہار کی چادر
محمد مصطفیٰؐ کے اصل پیروکار کی چادر
رہا ہندو مذہب سے سدا بیزار کی چادر
گنہگاروں کی کشتی کے ہے کھیون ہار کی چادر
بیداری میں نبیؐ کا جو کرے دیدار کی چادر
تھا شیرِ نیستانی جس کا چوکیدار کی چادر
میرے خواجہ میرے آقا ہے پُر اسرار کی چادر
ولایت میں جو یکتا تھا نبیؐ کے یار کی چادر
کرامت ہائے جس کی بہت ہیں آشکار کی چادر
رہا جو شیر خواری میں بھی روزہ دار کی چادر
نفس آمارہ موذی کو دیا جس مار کی چادر
پیدائشی ولیٔ اکمل کے عجب شاہکار کی چادر
ہے پُر وقار کی چادر یکتائے روزگار کی چادر
ہے نبیؐ کے دینِ اکمل کے سرمایہ دار کی چادر

Marfat.com

مربیٔ خلق کو جس نے کیا محکوم کی چادر
میرے آقا میرے مولا میرے مخدُوم کی چادر
مربیٔ خلق جس نے کی تھی زیر بار کی چادر
چڑیلیں جس سے معافی کی تھیں خواستگار کی چادر
مربیٔ خلق کو جس نے کیا لاچار کی چادر
مربیٔ خلق کے سپہ سالار کی چادر
تھے معترف جنگل کے مور و مار کی چادر
رُوحانی مریضوں کے ہے اُس عطار کی چادر
خدائی رحمتوں کی جس پہ ہے بھرمار کی چادر
میرے عالی ظرف عالی قدر سرکار کی چادر
نہ مانا جس نے دیوی دیوتا اوتار کی چادر
ولایت میں ولی اکمل کے عہدہ دار کی چادر
گھٹا رحمت کی جو برسائے مُوسلا دھار کی چادر
کامل ہوشیار کی چادر ہے شب بیدار کی چادر
پاکیزہ جسم صادق قول دیانتدار کی چادر
مطیع جس نے کیے سب دشمن و اغیار کی چادر
خُسر رامے کو جس نے کر دیا اِنکار کی چادر
خُسر کے گھر سے لے آیا جو اپنی نار کی چادر
جو خاطر میں نہ لایا دشمنوں کی یلغار کی چادر
کہ دریا کو مُصلّے پہ کیا جس پار کی چادر

Marfat.com

ہلائے جس نے رامے کے در و دیوار کی چادر
محل رامے کا جس نے دیدیا تھا ساڑھ کی چادر
دلائے جس نے بانجھوں کو پسر بسیار کی چادر
رہا جس کی زبان پہ جاری اِستغفار کی چادر
اے لوگو! ہے یہ اُس روضۂ پُر انوار کی چادر
دلائے رحمتوں کے رَبّ سے جو اَنبار کی چادر
ولی گرداننی تھی جس کو سب سنسار کی چادر
ہے رُوحانی مریضوں کے تیمار دار کی چادر
چوراسی شام والے کے ہے اُس دربار کی چادر
کریں جھک کر جسے سجدہ سبھی اشجار کی چادر
نبیؐ کے باغِ گلشن کے گل و گلزار کی چادر
نبیؐ کے دینِ اکمل کے ہے لالہ زار کی چادر
حقیقت میں سلیم شامی کے دادا انوار کی چادر
قبول اُفتد زہے عزت تابعدار کی چادر
اصل میں ہے میرے خواجہ میرے غم خوار کی چادر
قبول اُفتد غلام رسول خدمت گار کی چادر

○

(الحاج منشی غلام رسول، محلہ منصور آباد، فیصل آباد)

Marfat.com

تذکرۂ کرامات

تاجُ العارفین قُطبُ الاقطاب حضرت عبد النّبی شامی
نقشبندی قدس سرہٗ العزیز

بصورتِ اشعار

از رشحاتِ خامۂ زرین نگار
جناب الحاج منشی غلام رسول صاحب

ساکن گلی نمبر ۴ ، محلہ منصور آباد ، فیصل آباد

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آپ دے والد ماجد لالہ دیوان بوڑہ مل بہل کھتّری دی حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ دے دربار وِچ حاضری

اچن چیت اَج دل میرے وچہ اِک خیال سمایا — حال خواجہ دا لکھ دکھاواں راوی جو سُنایا
شام چوراسی وچہ سی یارو ہندو اِک گھرانہ — ذات اونہاندی سی بہل آہی جانے کل زمانہ
بوڑا مل اِک ہندو اوتھے دیوان صاحب کہلاوے — چوراسی پنڈاں والے خزانہ سرکارے جمع کراوے
مُغلاں دا کارندہ سی او رہندا او دربارے — عزت شہرت مذکورہ دی کافی سی سرکارے
بوڑا مل جی اپنے تائیں دیوان صاحب کہلاوے — ہر اک نکے وڈے دے کم اکثر اد کراوے
ہر کوئی کرے سلام جی اوسنوں جو کوئی ملے بازارے — عزت شہرت مذکورہ دی کافی سی سرکارے
جس جا ملے دیوان کسے نوں ادبوں سیس نواوے — جھک کے کرن سلام ہزاراں ہر اک نوں من بھاوے
بوڑا مل دے کوئی نہ ہوئی جد اولاد نرینہ — ایس گلوں مغموم او رہندا نت سڑدا رہسوے سینہ
اولاد نرینہ ہتھوں اوتاں بہت بھاری غم کھاوے — کئی ہزاراں پنڈتاں دل اوآوے تے جاوے
کئی تعویز کرائے اونہاں کجھ نہ پیا پلے — کہے پربھو کرم کماوے میری واہ نہ چلے
جنتر منتر اس نے ورتے کئی ہزاراں واری — پر کجھ واہ نہ چلے اوسدی ہوئی سخت لاچاری
کئی دھاگے کروانے اوس نے متھرا گیا بیچارہ — کئی اشناں کیتے اوس اوتھے پھردا مارا مارا
کئی پنڈتاں دیاں جھولیاں اُوس نے بھریاں نال دینارا — دیوی ماتا نوں متھا ٹیکے کرماں دتیاں ہاراں
آکھے دیوی ماتا تائیں دے فرزند پیارا — تاکہ ایس جگت وچہ رُوشن ہووے نام ہمارا

Marfat.com

عرض کہ اُس دیوان صاحب نے لائی واہ شہیری — مراد پوری نہ ہووے اوسدی جھلی سخت اندھیری
کِسے نے دسیا اوس دے تائیں سرہند شریف توں جائیں — جا کے اونہاں کولوں لالہ توں دعا کرائیں
اوتھے اک بزرگ نے رہندے الف ثانی کہلاون — مراد پوری ہو جاندی فوری جو بھی اوتھے جاون
مجدد الف ثانی صاحبؒ نے اوتھے رہندے بھائی — جلدی جا توں پاس اونہاندے دیر نہ لائیں کافی
اونے بہت بزرگ خدا دے کامل ولی ربّا نے — اوسدے پائے ہور نہ کوئی اندر ایس زمانے
وچہ ولایت ایس زمانے اوسدا پلّہ بھاری — اللہ اگے کردا رہندا ہر دم گریہ زاری
وچہ ولایت ایس زمانے اُسدا کافی پایۂ — پاک خدا دا اوسدے اتے رہندا ہر دم سایہ
وچہ ولایت ایس زمانے اُسدے اُچے پائے — کدی نہ اوندا خالی ڈٹھا جو اوسدے در جائے
وچہ ولایت ایس زمانے کوئی نہ اُسدا ثانی — جا اوتھے نہ لیاویں دل وچہ ہرگز بدگمانی
اُسدے پاروں ملسی تینوں ضرور اولاد نرینہ — ونڈدا پھردا او مولا دا لوکاں تائیں خزینہ
اُسدے پاروں ملسی تینوں بچہ اک پیارا — اُوسدے پاروں اوس بچے دا چمکے خوب ستارا
اُسدے پاروں ملسی تینوں بچہ اک نرالا — خوش ہو جاسی اوسنوں ویکھ کے ہر اک ویکھن والا
اُسدے پاروں ملسی تینوں نونہال یگانہ — بُھل جاوے گا تینوں سارا دکھڑا بار پُرانا
بوڑا مل تائیں بھیجیا اوس نے سرہند شریف نوں بھائی — دیکھیا جا اوس حضرت تائیں ہوش نہ رہ گئی کائی
ہوش آئی تے دو زانو ہو کے بیٹھا او بے چارہ — کئی دلیلاں دل وچہ کر کے دل نوں دے سہارا
ہوش آئی تے دل دے اندر پیا قیاس کریندا — خبر نہیں اللہ میری جھولی خالی کدوں بھریندا
مُجدّد صاحبؒ دے عرض کریندا شاہا کرم کماویں — تیری شہرت سُن کے آیا خیر جھولی وچہ پاویں
مُجدّد صاحبؒ دے عرض کریندا شاہا کرم کماویں — بہت دُوراڈیوں آیا حضرت خالی نہ پرتاویں
مُجدّد صاحب دے تائیں آکھے تیری ذات نیاری — تیری شہرت سن کے آیا میں وچہ خدمت داری
خیر پاؤ وچہ جھولی میری سائیں تے فضل کماؤ — اک خدا توں بچہ مینوں یا حضرت دلواؤ
خیر پاؤ وچہ جھولی میری خالی نہ پرتاؤ — دوروں سُن کے آیا حضرت میری آس پوجاؤ
خیر پاؤ وچہ جھولی میری مینوں نہ درکاؤ — میری عرض خدا دے تائیں حضرت جا سناؤ

Marfat.com

خیر پاٹھن توں جھولی میری شاہا پیا سداویں   قطرے توں دریا کریں چا جد موجاں وچ آویں
خیر پاؤ وچ جھولی میری آیا چل نماناں   چھڈ کے در تیرا میں حضرت پرت کے نہیں جاناں
کرے بے چارہ اونہاں اگے رو رو گریہ زاری   آکھے کرم کریں توں شاہا میں جاواں بلہاری
پُتر لے دے ربّ دے کولوں ہوئی شان سوائے   سنیا تیری شان انوکھی مولا دی درگاہے
غرض کہ رو دے ستے کرلاوے کر دا منتاں ہاڑے   مُجدّد صاحب دے اتوں بوہڑ جاوے صدقے وارے
مُجدّد صاحبؒ نے ایس دے تائیں اک تعویز پھڑایا   نالے پانی تے دَم کر کے اُسدے تائیں پلایا
تے فرماون گود تیری ہُن مول نہ رہسی خالی   درخت بینگا بہت وڈا او مع پتراں مع ڈالی
اُسدا چرچا بہت زیادہ ہوسی وچ زمانے   فیضیاب کئی ہوسن اتھیں مجذوب تے مستانے
دُعا منظور ہوگئی سجناں مولا فضل کمائے   بوہڑ مل دے اُتے ہوگئے ربّ دے فضل سوائے
دُعا منظور جو ہوگئی سجناں مولا فضل کمائے   بچہ ملیا اونہاں تائیں ناں سی بھوپت رائے
اللہ تعالیٰ فضل کمایا اُس نے بچہ جایا   مجدد الف ثانی دی برکت دل دا مقصد پایا
او بچہ سی طفلی اندر روزے دے وچ رہندا   وقت افطاری ماں اپنی دے دودھ نوں منہ لگیندا
شیر خواری دے عالم اندر روزہ رکھے بھائی   وقت افطاری دودھ پیوں لئی لبھے اپنی مائی
